o بسم اللہ الرحمن الرحیم o

خلق الانسان علمه البیان

پیدا کیا ہم نے انسان کو اور سکھایا اس کو بولنا (قوت تحریر و تقریر)

اُستاد الرّمل

مُحصلات الرّمل

رحیم الرّمل

﴿ حصہ سوئم ﴾

﴿ ملنے کا پتہ ﴾

ادارہ روحانیات رحیمیہ

○ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

خلق الانسان علمه البیان

پیدا کیا ہم نے انسان کو اور سکھایا اس کو بولنا (قوت تحریر و تقریر)

اُستاد الرّمل

متحصلات الرّمل

رحیم الرّمل

﴿حصہ سوئم﴾

﴿ملنے کا پتہ﴾

ادارہ روحانیات رحیمیہ

محلہ شاہدرہ مکان نمبر 1875 الف شرقی جانب بہاولپور۔ فون 886863

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ

پیدا کیا ہم نے انسان کو اور سکھایا اس کو بولنا (قوت تحریر و تقریر)

اُستاد الرمل

متحصلات الرمل

رحیم الرمل

حصہ سوئم

ملنے کا پتہ

ادارہ روحانیات رحیمیہ

مکان شاہد مکان نمبر 1875 الف شرقی بہاولپور۔ فون: 886863

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

REVISED PRICE

۵۰۰/-



حضرت الحاج استاد عبدالرحیم رند بلوچ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ آغاز

یُلقِی الرُّوحَ مِنْ اَمرِہٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ (المومن ۲/۲۴)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ بھید کی بات اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے اتارے (القرآن)

سب سے پہلے خدائے پاک کی حمد کرتا ہوں جس نے کائنات کی ہر چیز کے اندر قوت اور تاثیر فرمائی ہے جو اس کی حکمت، عظمت اور جلال کی مظہر ہے۔ مابعد صد ہزار تحیات وصلوٰۃ خواجۂ کائنات و خلاصۂ موجودات حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرقد معطر اور روضۂ منور و اطہر پر جن کی متبرک ہستی کی بدولت دنیا پر علم روشن ہوا۔ علوم روحانی کی تحقیق و تجربات میں اس وقت میری عمر کے پچاس سال صرف ہو چکے ہیں۔ طویل مطالعہ اور تجربات کی بناء پر یہ کتاب ترتیب دی گئی ہے رمل کی کتب تو بازار میں بہت ہیں لیکن قانون اور قواعد کہیں نہیں ملتے۔ فقیر پر تقصیر استاد الرمل یا رحیم الرمل حصہ سوئم کے لکھنے پر کیوں مجبور ہوا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ رحیم الرمل حصہ اول اور رحیم الرمل حصہ دوم میں وعدہ کیا تھا کہ رحیم الرمل سوم بھی لکھوں گا لیکن عدیم الفرصتی اور معاشی مسائل، ضعیف العمری، بڑھاپہ، ناتوانی اور کمزوری اس کیلئے سد راہ تھی۔ اس کے علاوہ اس زمانے میں کھلاڑیوں، ناچنے اور گانے والوں کا دور ہے۔ ان کے لئے انعام و اکرام اور مقام ہے۔ ایک عالم بالخصوص روحانی علوم کے لکھنے والے کو کوئی گھاس نہیں ڈالتا۔ اس کے علاوہ یہ موضوع ادق اور مشکل ہونے کے علاوہ خشک، مغلق اور مشکل فہم ہے، وقت کے لحاظ سے بے ذوق ہے زمانہ مشینی دور کا ہے اس علم کو لوگ تضحیک کا نشانہ بناتے ہیں۔ زمانہ مادیت کا ہے لوگ روحانیات سے دور بھاگتے ہیں جو شخص اس دور میں روحانیات کی بات کرے لوگ اسے خبطی خیال کرتے ہیں۔ جو شخص اس دور میں روحانیات کی بات کرے اسے دقیانوسی واز کار رفتہ

FREE AMLIYAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خطاب کرتے ہیں۔ اس زمانے میں اس قسم کی کتاب لکھنا اپنے آپ کو ذلت و رسوائی، طعن و ملامت، حرف گیری جیسے الفاظ کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ گرانی نے پریشان کر رکھا ہے۔ یہ دور ظالم جابر دور ہے۔ پیٹ بھرنا مشکل ہے دوزخ شکم بھرتے ہیں تو تن ڈھانپنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس مردہ علم کو زندہ کرنا بڑے جان جوکھوں کا کام ہے۔ بے وقت کی راگنی ہے مذاق بن جاتی ہے۔ گھر پھونک تماشا والی بات ہے۔ خیر علم علم ہوتا ہے اپنے حلقے کے لوگوں کے بار بار کے تقاضے اور خاص کر محمد زاہد ین سی/۲۶۷ فیصل ٹاؤن لاہور نے مجھے کئی بار خطوط لکھے کہ آپ سہل، سادہ اور آسان انداز میں رمل پر کتاب لکھیں جو ہم جیسے مبتدی کیلئے مشعل راہ ہو۔ میں نے سوچا کہ زیرے کی خاطر بکری کیسے ذبح کر دوں۔ ایک آدمی کے لئے اپنے گلے میں کانٹوں کا ہار کیونکر ڈالوں۔ لیکن ان کے بار بار کے اصرار پر بندہ نے اس موضوع پر حسب وعدہ یہ کتاب تخلیق نہ کہو بلکہ تخبیط کہو میں بے مایہ درویش ہوں ایک شخص کو خوش کرنے سے حج اکبر کا ثواب ملتا ہے۔ بازار میں اس موضوع پر کئی کتب موجود ہیں اس کتاب کا انداز منفرد ہے۔ کسی نے سچ کہا ہے

انداز بیاں رنگ بدل دیتا ہے ورنہ دنیا میں کوئی بات نئی بات نہیں ہے

فقیر نے اس کتاب کو نئے طرز و اسلوب اور منفرد انداز سے لکھا ہے۔ مبتدی کے لئے مشعل راہ اور شوقین حضرات کیلئے خزانہ سے کم نہیں۔ میں بنیادی طور پر استاد ہوں تمام زندگی علم کو بانٹنے اور تقسیم کرنے میں گزاری ہے۔ آج کا استاد نہیں ہوں بلکہ دقیانوسی استاد ہوں جو ہر شاگرد کو اپنا سرمایۂ حیات اور عزت و عظمت کا نشان سمجھتا تھا۔ اپنی تمام زلیت اس قومی امانت کی تربیت پرورش اور پرداخت پر صرف کرتا رہا ہوں۔ میں انسانی باغبان تھا اور ہوں۔ انسانی باغبانی گلے کی پوری حفاظت کرنا، اور نونہالان قوم کی نگہداشت کرنا اور اس کی آبیاری کرنا اپنی نجات کا ذریعہ اور اخروی زندگی کا سرمایہ سمجھتا ہوں بہر حال یہ کتاب سہل الحصول ہے اہل ذوق اور شوقین سے التماس ہے راقم کی عمر ۲ سال ہے نحیفی کے دور میں ہوں کتاب میں کوئی سقم یا خامی باقی رہ گئی ہو تو براہ کرم اپنی فیاضی اور علمی خیرات سمجھتے ہوئے مجھے آگاہ کریں آپ کا بیحد شکر گزار رہوں گا۔

بندہ ناچیز: عبدالرشید رند
شاہدرہ، بہاولپور

واللہ اعلم بمافی الغیوب و مطلع علی مافی سرائر

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہو العلیم الخبیر　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　واللہ اعلم بالصواب

عندہ مفاتح الغیب لا ھو

اسباقِ رمل ۱

علم رمل ایک مقدس اور معتبر علم ہے۔ باقی یہ تو سب جانتے ہیں کہ عالم الغیب تو خدائے قدوس ہی ہے یہ روحانی علوم (نجوم، رمل، جفر) بزرگوں نے تجربہ اور آزمائش کے بعد رائج کئے ہیں۔ ہر علم خدا کی امانت اور اس کا عطیہ ہے اگر خلوص نیت سے اس کو استعمال کیا گیا تو اس میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے اگر بدنیتی یا برے مقاصد سے اس کو استعمال کیا گیا تو نہ صرف چھن جاتا ہے بلکہ ذلت و رسوائی کا موجب بنتا ہے چونکہ تمام علوم کا منتہائے مقصود انسانی مشکلات کا ازالہ کرتے ہوئے ان کی راحتوں اور مسرتوں میں اضافہ کرنا ہے اس لئے صاحب ذوق کو اس جذبہ سے عمل پر کاربند ہونا چاہیئے۔

نمبر ۱: رمل سیکھنے کے لئے قرعہ رمل ضروری ہے (جو ادارہ روحانیات رحیمیہ شاہدرہ بہاولپور) سے مل سکتا ہے)۔ قرعہ رمل سات دھاتوں کو مرکب کر کے خاص وقت میں بنایا جاتا ہے۔

۱۔ سونا، ۲۔ چاندی، ۳۔ تانبا، ۴۔ درنگ
۵۔ جست، ۶۔ سیسہ، ۷۔ لوہا



۲۔ آٹھ چوکھٹوں پر مشتمل ہوتا ہے

قرعہ وقت بناوٹ:

۱۔ ساعت نوروز، ۲۔ شرف شمس، ۳۔ شرف عطارد، ۴۔ شرف زہرہ، ۵۔ شرف مریخ ۶۔ شرف مشتری، ۷۔ شرف زحل اور شرف قمر میں بھی تیار کیا جاتا ہے۔ سب سے بہتر وقت

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

۲۱ مارچ کا ہوتا ہے۔

وزن : ۱۲ تولے یا ۷ تولے کا ہونا چاہئے۔

ترتیب زائچہ رملی: زائچہ مختلف طریقوں سے بنایا جاتا ہے لیکن سب سے بہتر ہے کہ زائچہ قرعہ کے ذریعے حاصل کیا جائے یا بنایا جائے۔

سبق نمبر ۲

جس طرح علم نجوم میں ۱۲ خانے ہوتے ہیں اور ان خانوں سے ہی سوال کا جواب دیا جاتا ہے اور سائل کے ماضی، حال، مستقبل سے آگاہ کیا جاتا ہے اسی طرح رمل سے بھی ۱۶ اشکال یا نقاط سے جواب دیا جاتا ہے۔ اس بات کو ہمیشہ مدنظر رکھیں رمل میں عنصر کا ہر وقت خیال رکھنا چاہئے۔ عنصر کی ترتیب اس طرح سے ہوتی ہے۔

	۱	۲	۳	۴
	آتشی گھر	بادی گھر	آبی گھر	خاکی گھر
امہات کے پہلے چار خانے	۱	۲	۳	۴
بنات کے خانے	۵	۶	۷	۸
متولدات کے خانے	۹	۱۰	۱۱	۱۲
زوائد کے خانے	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
	شرقی مذکر	شمالی مذکر	غربی مونث	جنوبی مونث

اصول قاعدہ:

سائل کے ہاتھ میں دے کر قرعہ ڈلوایا جائے

قرعہ کی شکل ہوگی:

اب آپ پہلی چار شکلیں کس طرح بنائیں گے

۱	۲	۳	۴
⁘	⁘	⁘	⁘
⁘	⁘	⁘	⁘
⁘	⁘	⁘	⁘
⁘	⁘	⁘	⁘

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

جنہیں امہات زائچہ کے نام سے پکارا جاتا ہے یاد رکھیں ایک نقطہ کو ایک نقطہ لگائیں اور دو نقطوں کو خط خیال کریں یعنی خط لکھیں نقطہ کو فرد اور خط کو زوج کہتے ہیں۔

زائچہ رمل کی چار ابتدائی اشکال بن گئی ہیں جنہیں امہات زائچہ کے نام سے پکارا جاتا ہے ان چاروں اشکال سے ہم آگے کی چار شکلیں بنائیں گے جنہیں بنات زائچہ کہتے ہیں۔

سبق نمبر ۳



گزشتہ سبق میں آپ کو امہات زائچہ بنانا سکھایا گیا اس سبق میں بنات زائچہ بنانا سکھاؤں گا۔

۱۔ ذرا غور کریں توجہ کریں آتشی والے نقطہ نقطہ خط اور نقطہ سے ∴ پانچویں شکل بن گئی۔

۲۔ دوسری لائن بھی بادی یعنی نقطہ خط خط خط ≡ چھٹی شکل بن گئی۔ اب تیسری لائن یعنی آبی نقطہ خط نقطہ نقطہ ∴ ساتویں شکل بن گئی۔ اب خاکی لائن خط نقطہ خط نقطہ ∴ آٹھویں شکل بن گئی۔

یہ قانون ہے امہات زائچہ کا یعنی زائچہ کی آٹھ شکلیں مکمل ہو گئیں۔ باقی آٹھ شکلیں ضربات سے پوری ہوں گی۔ اس پر آپ کی خاص توجہ چاہیئے

طریقہ ضرب: آپ میں ضرب دیتے وقت نقطہ کے مقابل نقطہ آئے تو آپ نے خط لگانا ہے۔ اگر خط کے مقابل خط آئے تو آپ بھی خط لگائیں اگر نقطہ کے مقابلے میں خط آئے تو آپ

FREE AMLIYAT BOOKS ... PDF
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

نقطہ لگائیں

قانون ضربات کی مزید تشریح

(− = ۰ × ۰)
(− = − × −)
(۰ = ۰ × −)
(۰ = − × ۰)

سبق نمبر ۴

آپ نے گزشتہ سبق میں زائچہ کی امہات جو قرعہ رمل سے بنائی گئی تھیں اور پھر ہر چہار شکل کے درجہ آتش سے پانچویں شکل بنائی گئی اور درجہ باد سے چھٹی شکل بنائی تھی درجہ آب سے ساتویں اور درجہ خاک سے آٹھویں شکل بنائی گئی۔ باقی آٹھ شکلوں کے حصول کے لئے امہات اور بنات کی اشکال کی ضرب کا عمل ہوتا ہے غور و خوض کرنا چاہئے۔ شکل نمبر ۱ اور شکل نمبر ۲ کو آپس میں ضرب دیں شکل نمبر ۹ پیدا ہوتی ہے۔ شکل نمبر ۳ اور ۴ کی ضرب سے شکل نمبر ۱۰ پیدا ہوتی ہے شکل نمبر ۵ اور ۶ کی ضرب سے شکل نمبر ۱۱ اور شکل نمبر ۷ و ۸ کی ضرب سے شکل نمبر ۱۲ پیدا ہوتی ہے اسی طرح شکل نمبر ۹ اور ۱۰ کی ضرب سے شکل نمبر ۱۳، شکل نمبر ۱۱ و ۱۲ کی ضرب سے شکل نمبر ۱۴ حاصل ہوتی ہے شکل نمبر ۱۳ و ۱۴ کی ضرب سے شکل نمبر ۱۵ حاصل ہوتی ہے اور ۱۵ کو شکل نمبر ۱ سے ضرب دے کر شکل نمبر ۱۶ حاصل کی جا سکتی ہے۔

اس طرح آپ کا زائچہ رمل مکمل ہو جاتا ہے اب کچھ زائچہ کے متعلق توجہ دیجئے اور اس پر عمیق نگاہ ڈالیں۔ زائچہ قرعہ رمل سے آپ کو سکھایا ہے اور وہ لوگ یا مبتدی جن کے پاس قرعہ رمل نہ ہو ان کے لئے میں یہاں دو قاعدے لکھتا ہوں۔ وہ بھی اس علم سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

طریقہ علم الاعداد:

سائل کو کہیں کہ چار نمبر بولے اور جو اعداد وہ بولے انہیں کاغذ پر الگ الگ نوٹ کر لیں پھر ہر عدد کو الگ الگ سولہ پر تقسیم کر کے جو باقی بچے اس کے شمار کے مطابق دائرہ ابدح سے اشکال الرمل لے پس یہی امہات زائچہ متصور ہوں گی۔ مثال کے طور پر سائل کے ۳۲ - ۲۰ - ۲ - ۴۲ چار اعداد بولے اب انہیں الگ الگ ۱۶ پر تقسیم کیا تو ۲ - ۴ - ۲ اور ۱۰ باقی بچے جدول ابدح میں دیکھا تو مندرجہ ذیل اشکال الرمل حاصل ہوئیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/



جدول ابدن

اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
شکل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	نقطہ آتش ۱	نقطہ باد نمبر ۲	نقطہ آتش و باد ۱+۲=۳	نقطہ آب نمبر ۴	نقطہ آب و آتش ۴+۵=۵	نقطہ آب و باد ۴+۲=۶	نقطہ آب و آتش ۴+۲+۱=۷	نقطہ خاک نمبر ۷	نقطہ خاک و آتش ۸+۱=۹	نقطہ خاک و باد ۸+۲=۱۰	نقطہ خاک و باد و آتش ۸+۲+۱=۱۱	نقطہ خاک و آب ۸+۴=۱۲	نقطہ خاک و آب و آتش ۸+۴+۱=۱۳	نقطہ خاک و آب و باد ۸+۴+۲=۱۴	نقطہ خاک و آب و باد و آتش ۸+۴+۲+۱=۱۵	بلا نقطہ شکل

امہات دائرہ ابدح کی رو سے

اب آپ

زائچہ رمل کو مکمل کریں۔

نام حروف	اعداد	عنصر
ا	۱	آتشی
ب	۲	بادی
د	۴	آبی
ح	۸	خاکی

دوسرا قاعدہ علم جفر کے ذریعے: سائل آپ کے پاس آیا اور عرض کیا یا حضرت میرا حساب نکالیے۔ آپ اسی جملے کو لیں اس کے پہلے چار الفاظ "یا حضرت میرا حساب" ہیں ان الفاظ کے حروف ابجد قمری کے مطابق نکالیں۔

ابجد قمری	ا ب ج د	ھ و ز	ح ط ی	ک ل م ن	س ع ف ص	ق ر ش ت
	۱ ۲ ۳ ۴	۵ ۶ ۷	۸ ۹ ۱۰	۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰	۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰	۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰
	ث خ ذ	ض ظ غ				
	۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰	۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰				

مذکورہ بالا سوال کے اعداد نکالیں جفر کی اصطلاح میں جمل بھی کہتے ہیں۔ یا ۱۱ حضرت ۱۴۰۸ میرا ۲۵۱ حساب ۷۱ حاصل ہوا۔ اب ان اعداد کو ۱۶ پر الگ الگ تقسیم کیا تو چاروں باقی اعداد ۱۱، ۱۶، ۱۱، ۷ حاصل ہوئے ان کے مطابق دائرہ ابدح سے اشکال الرمل حاصل کیں تو حسب ذیل ہوئیں۔

امہات ہوئیں میرے نزدیک مبتدیوں کے لئے کافی ہیں۔ اب پھر دوبارہ زائچہ لگانے کا طریقہ بیان کرتا ہوں آپ نے امہات زائچہ تو حاصل کر لیا ہے۔

اب امہات کے مقامات آتش سے فرد و زوج لے کر بالترتیب پانچویں خانہ کی شکل پیدا کریں حاصل

ہوئی اس طرح امہات کے مقامات سے بالترتیب فرد و زوج سے چھٹی شکل ☶ ہی پیدا ہوئی۔ امہات کے مقامات آب سے فرد و زوج حاصل کر کے ساتویں شکل ☵ پیدا ہوئی۔ اور امہات کے مقامات خاک سے فرد و زوج سے آٹھویں شکل ☷ حاصل ہوئی۔ اب زائچہ کے حسب ذیل آٹھ خانے مکمل ہو گئے۔



اب یاد رکھیں کہ ریاضی کا سنہرا اصول ہے کہ نفی کو نفی سے ضرب دیں تو اثبات پیدا ہوتا ہے اور نفی کو اثبات میں ضرب دینے سے نفی ہی رہتی ہے البتہ اثبات کو اثبات سے ضرب دیں تو بھی اثبات پیدا ہوتا ہے اب فرد کو نفی اور زوج کو اثبات تصور کرتے ہوئے ۱ × ۲ = ۲ سے شکل نمبر ۹ اور ۳ × ۴ سے شکل نمبر ۱۰ اور ۵ اور ۶ سے شکل نمبر ۱۱ اور ۷ اور ۸ سے شکل نمبر ۱۲ پیدا کر لیں۔ چنانچہ زائچہ متذکرہ الصور سے حسب ذیل ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲ نمبر شکلیں پیدا ہوئیں۔





اب ۹، ۱۰ سے شکل خانہ نمبر ۱۳ اور

۱۱ × ۱۲ کی ضرب سے شکل خانہ نمبر ۱۴ بمطابق طریقہ ضرب محولہ بالا پیدا کرلیں۔ اور پھر ۱۳ × ۱۴ سے شکل نمبر ۱۵ بھی اسی طرح پیدا ہوگی زائچہ کی شکل حسب ذیل ہوگی۔

اب شکل نمبر ۱۵ کو شکل خانہ نمبر ۱ سے ضرب دے کر شکل خانہ نمبر ۱۶ پیدا کرلیں۔

یاد رکھو خانہ نمبر ۱۵ میں یا تو ☰ شکل الرمل آجائے گی اس پر زائچہ کو بند تصور کریں اس وقت حکم ۳ ماہ ۲۰ دن تک ملتوی کرنا ہوگا یا چار نقطے ⁙ ہی آجائیں گے یعنی شکل طریق ہوگی یا پھر دو نقطوں کی شکل ہوگی۔ اس خانے میں ایک اور تین نقطوں والی شکل آ ہی نہیں سکتی اگر آجائے تو زائچہ غلط تصور ہوگا دوبارہ دیکھیں شکل خانہ نمبر ۱۵ کو قاضی الرمل اور شکل خانہ نمبر ۱۶ کو میزان الرمل کہا جاتا ہے۔

هو العلیم الخبیر

۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
۱۰	۱۲	۱۱	۱۵	۱۳	۱۰	۹	۱

قد اوتی الجواب بعون اللہ الوھاب

هو العلیم الخبیر

۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
۱	۱۲	۱۱	۱۵	۱۳	۲	۹	۱

قد اوتی الجواب بعون اللہ الوھاب

سبق نمبر ۵

علم رمل کے زائچہ کے ۱۶ خانے ہوتے ہیں۔ زائچہ کے بنانے کے لئے اشکال رمل کی چار شکلیں قرعہ رمل یا نقاط سے بنائی جاتی ہیں۔ جن کو امہات کہا جاتا ہے پھر ان امہات سے چار اور شکلیں بنائی جاتی ہیں جن کو بنات کہتے ہیں۔ ان چار متولدات سے دو اور اشکال بنائی جاتی ہیں جنہیں ذوئیدات کہتے ہیں کی باقی دو اشکال ہوں گی۔ ان دو اشکال کی ضرب سے زائچہ کی پندرہویں شکل بنتی ہے جسے میزان الرمل کہتے ہیں اور

پھر اس زائچہ کی شکل میزان الرمل (۱۵) اور زائچہ کی پہلی شکل کو ضرب دے کر زائچہ کی سولھویں شکل بنتی ہے جس کا نام انجام الرمل ہے یہی طریقہ اور قاعدہ ہے اشکال پیدا کرنے کا اور رمل سے زائچہ بنانے کا۔ قبل ازیں لکھ چکا ہوں نقطہ کو فرد اور لکیر کو زوج کہتے ہیں زائچہ رمل میں دوبارہ توجہ فرمائیں۔

سبق نمبر ۶

زائچہ رمل

ذیل میں ضربات پر دوبارہ غور کریں۔

ضرب
۱۔ نقطہ (فرد) × نقطہ (فرد) = لکیر (زوج)
۲۔ لکیر (زوج) × لکیر (زوج) = لکیر (زوج)
۳۔ نقطہ (فرد) × لکیر (زوج) = نقطہ (فرد)
۴۔ لکیر (زوج) × نقطہ (فرد) = نقطہ (فرد)

اس قانون کے مطابق

۱ × ۲ پیدا ہوئی ۹ شکل

۳ × ۴ پیدا ہوئی ۱۰ شکل

۷ × ۸ پیدا ہوئی ۱۲ شکل

۱۱ × ۱۲ پیدا ہوئی ۱۴ شکل

۱۵ × ۱ پیدا ہوئی ۱۱ شکل

۵ × ۶ پیدا ہوئی ۱۱ شکل

۹ × ۱۰ پیدا ہوئی ۱۳ شکل

۱۳ × ۱۴ پیدا ہوئی ۱۵ شکل



FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf

سبق نمبر ۷

رمل میں زائچہ بنانا تو آپ کو آ گیا ہو گا اب آپ طالع کس طرح معلوم کریں گے اس کی تفصیل نہایت مختصر پیش کرتا ہوں تفصیل سے آگے جا کر تحریر کروں گا۔

زائچہ میں مقامات احکام

هوالعلیم الخبیر

۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
		طالع فرزند	طالع ملازمین	طالع زوجہ حیات	طالع مرض	طالع احوال سائل	طالع حصول مال برادراں پدر
		۱۱ طالع دوست قدیم		طالع عمر بن قدیمی	۱۲	۹ طالع سفر دور دراز	۱۰ طالع حاکم
		۱۴ شاہد یا گواہ				۱۳ شاہد یا گواہ	
			۱۵ شاہد یا گواہ	۱۶ شاہد یا گواہ			

اوتاد کے خانے
زمانہ حال مستقبل
مائل اوتاد کے خانے
زمانہ مستقبل
زائل اوتاد کے خانے
زمانہ ماضی

قد اوتی الجواب بعون اللہ الوھاب

رحیم الرمل

حصہ اول اور حصہ دوم اور علاج بالرمل

مصنف کی نہایت اعلیٰ و ارفع کتابیں ہیں

رمل پر عبور حاصل کرنے کیلئے ان کا مطالعہ آپکو کندن بنا دے گا

ادارہ روحانیات رحیمیہ سے دستیاب ہیں

عنصر کی تقسیم زائچہ میں

هوالعلیم الخبیر

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی
حال	مستقبل	ماضی	حال	مستقبل	ماضی	حال	مستقبل
روز				ہفتہ			
آتشی	بادی			آبی		خاکی	
۹	۱۰			۱۱		۱۲	
ماضی	حال			مستقبل		ماضی	

ما لا

متولدات

حال ۱۳ زوائد ۱۴

گواہ خانہ ۱-۵-۹ گواہ خانہ ۲-۶-۷

۱۵ گواہ خانہ آبی ۳، ۷، ۱۱

۱۶ گواہ خانہ خاکی ۴، ۸، ۱۲

شواہدات زائچہ

وتد	مائل وتد	زائل وتد	وتد الوتد
زمانہ حال	زمانہ مستقبل	زمانہ ماضی	زمانہ حال

قد اوتی الجواب بعون اللہ الوھاب

سبق نمبر ۸

ایک اہم راز: زائچہ بنانے کے بعد آپ خانہ نمبر ۱۵ پر یہ دھیان کریں اگر میزان الرمل میں دو نقطے والی شکل آجائے تو آپ کا زائچہ بالکل ٹھیک ہے مثلاً ∴ ∴ ∴ ∴ اگر پندرہویں خانے میں کوئی شکل آجائے مثلاً ⁘ ⁘ ⁘ ⁘ ⁘ ⁘ ⁘ ⁘ تو آپ کا زائچہ غلط ہے دوبارہ اپنے زائچہ کو دیکھیں تین نقاط والا پندرہ خانہ یا گھر میں آجائے تو ضرور غلطی ہوگی۔

دوبارہ زائچہ بنائیں۔

خاص نقطہ: علماء رمل کا قول ہے کہ جب زائچہ کی پندرھویں شکل ☰ جماعت یا طریق آجائے تو آپ کا زائچہ تو صحیح ہے لیکن احکام صحیح نہیں ہوئے۔ اس لئے علمائے رمل فرماتے ہیں کہ یا زائچہ منقلب کرنا چاہئے یا پھر مذکورہ قانون کے مطابق خاموش رہنا چاہئے اگر انقلاب زائچہ کرنا چاہئے۔ انقلاب زائچہ کے قوانین کی چند اقسام علماء رمل نے بیان کی ہیں جن کا ذکر اپنے اپنے مقام پر پیش کروں گا۔

زائچہ کو منقلب کرنے کا طریقہ: بنے ہوئے زائچہ کی شکل نمبر ۱ کو شکل نمبر ۵ سے ضرب دیں۔ وہی شکل طالع کی پہلی ہو گی۔ اسی طرح شکل نمبر ۲ کو شکل نمبر ۶ سے ضرب دیں۔ یہ حاصل شکل دوسری شکل ہو گی۔ شکل نمبر ۳ کو شکل نمبر ۷ سے ضرب دیں حاصل شکل تیسری ہو گی۔ پھر شکل نمبر ۴ کو شکل نمبر ۸ سے ضرب دیکر چوتھی شکل حاصل کر لیں اس سے زائچہ دوبارہ بنائیں پھر احکام لگائیں۔

سبق نمبر ۹

گزشتہ سبق میں انقلاب زائچہ کا قانون پیش کیا تھا (نوٹ: انقلاب زائچہ کے لئے امہات کی اشکال کو بنات کی اشکال سے ضرب دے کر پھر امہات پیدا کر کے دوبارہ زائچہ بنائیں) اب آپ کو رمل کا زائچہ بنانا آ گیا ہو گا۔ انشاء اللہ، زائچہ بنانے کے بعد آپ نے ان شکلوں سے نحوست، تکرار، نظرات، دوستی، دشمنی پر بھی نظر رکھنی چاہئے۔ دائرہ یا جدولیں علم الرمل میں بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ اساتذہ فن نے ۲۸ دائروں کا ذکر کیا ہے۔ ان کی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے استاد ان فن کاملین نے فرمایا ہے کہ کوئی رمال ان دائروں کے بغیر حکم نہیں کر سکتا۔ تمام دائروں کی تفصیل میں نے رحیم الرمل حصہ دوم میں تحریر کر دی ہے یہاں صرف چند دائروں کا ذکر کروں گا جو مبتدی کیلئے کافی ہیں احکام شکلیہ کے لئے کافی ہیں۔

۱. دائرہ سکن ، ۲. دائرہ دانیال ، ۳. دائرہ اصح ، ۴. دائرہ مزاج ، ۵. دائرہ حرف
۶. دائرہ روز ، ۷. دائرہ مال ، ۸. دائرہ سال ، ۹. دائرہ بروج ، ۱۰. دائرہ عدد
۱۱. دائرہ سفر

سبق نمبر ۱۰

گزشتہ اسباق میں دائرہ (جدولوں) کا ذکر کیا تھا ان اہم جدولوں کی تفصیل اس طرح ہے۔

نام خانہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۶	۸
شکل دائرہ سکن	⠁	⠉	⠂	⠿	⠘	⠐	⠿	⠿
نام خانہ	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
شکل دائرہ سکن	⠉	⠁	⠉	⠂	⠐	⠉	⠉	⠂

جدول مدت

نام کواکب		زحل	مشتری	زہرہ	عطارد	مریخ	شمس	قمر	راس ذنب
اشکال زائچہ		⠁ ⠉ ⠉	⠁ ⠉ ⠉	⠁ ⠂ ⠂	⠉ ⠉ ⠉	⠁ ⠂ ⠂	⠁ ⠂ ⠂	⠉ ⠂ ⠂	⠁ ⠂ ⠂
امہات	یوم	۲۹	۸	۶	۱۲	۹	۶	۱	۴
بنات	ماہ	۵	۱	۱۰	۲	۵	۱۰	۱۰	۶
متولدات	سال	۴	۱	۱	۱۲	۵	۱	۴	۱½

قرعہ رمل صحیح وقت اور صحیح وزن کے
ادارہ روحانیات سے مل سکتے ہیں

جدول اشکال و حروف یہ ہے

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
ا ھ	ج ط	د س	ش ح	ق ف	ث ص	ل ن	م و
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
ض	ی و	غ ظ	خ ع	ک	ذ	ب	ت

باقی جدولیں اپنے اپنے مقام پر لکھی جائیں گی۔ اگر جناب کو مزید خواہش ہے تو میری کتاب رحیم الرمل حصہ اول اور دوم منگوا کر مطالعہ کریں۔

سبق نمبر ۱۱

هو العلیم الخبیر



قد اوتی الجواب بعون اللہ الوھاب

سب سے اول زائچہ تیار کرنے اور ان کے سوت یعنی خانوں کی ترتیب کو سمجھیں دیکھیں سامنے صورت ترتیب زائچہ ہم قبل ازیں لکھ چکے ہیں کہ علم الرمل میں سولہ خانے اور سولہ شکلوں کی ترتیب حالات اخذ کئے جاتے ہیں یعنی جس وقت آپ کو ضرورت پڑے یا سائل پوچھے تو قرعہ ڈال کر زائچہ مکمل کریں اور ہر شکل کو نمبروار خانوں میں لکھیں یہی اشکال آپ کو جواب دیں گی۔ انشاء اللہ۔

زائچہ میں مقامات احکام پر غور کریں:

هو العلیم الخبیر

۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
طالع مرض	طالع دشمن رفیق حیات	طالع فرزندان ملازمین	طالع محبوب سٹہ	طالع پدر	طالع برادران	طالع حصول مال	طالع احوال سائل
۱۲ طالع محبوس (قیدی)	۱۱ طالع دوست قدیم امیدیں			۱۰ طالع حاکم		۹ طالع سفر دور دراز	
۱۴ شاہد یا گواہ				۱۳ شاہد یا گواہ			
		۱۵ شاہد یا گواہ		۱۶ شاہد یا گواہ			



قد اوتی الجواب بعون اللہ الوھاب

لو جناب آپ نے زائچہ کے خانوں کی ترتیب اور اشکال کے اندراج کا بخوبی جان چکے ہیں اب اشکال الرمل کے خواص بیان کرتا ہوں اس بات کو یاد رکھیں کہ سولہ خانوں تک شکلیں ترتیب وار لکھ دی ہیں اور جہاں نمبر لکھے ہوئے ہیں وہاں پر آپ نے شکلیں رکھنی ہوں۔ نمبر تحریر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں یہ نمبر فقط آپ کے سمجھانے کیلئے دیئے گئے ہیں تاکہ آپ کو سمجھنے میں آسانی ہو انشاء اللہ آپ کو کسی رمال یا استاد کے پاس جاکر سمجھنے کی چنداں ضرورت نہ پڑے گی لہذا یہ علم انسان کے اپنے فہم و ذکاء سے متعلق ہے پس اگر آپ کے دماغ میں قدر قوت ادراک پائی جاتی ہے اور آپ کو ذوق اور شوق بھی ہے تو یہ اور بھی منزل مقصود تک آپ کو جلد پہنچا دے گی۔ اور یہ علم آپ کو بحکم خدا بطفیل رسول مقبول جلد آجائے گا میری حقیر کوشش آپ کیلئے کافی ہے۔

اشکال رمل کی سعادت اور نحوست

۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱	۱۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
⚊⚊⚊⚊	⚋⚋⚋⚋	⚊⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋	⚊⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋	⚋⚋⚋⚋
ممتزج	سعد	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	نحس	نحس	نحس	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد
خاکی	آبی	بادی	آبی	آبی	بادی	خاکی	خاکی	خاکی	آتشی	بادی	آتشی	آبی	آتشی	بادی	آتشی
ثابت	منقلب	داخل	منقلب	داخل	منقلب	داخل	منقلب	داخل	خارج	ثابت	خارج	ثابت	خارج	ثابت	خارج
ممتزج	سعد منقلب	سعد داخل	نحس منقلب	سعد داخل	سعد منقلب	سعد داخل	نحس منقلب	نحس داخل	نحس خارج	سعد ثابت	خارج نحس	سعد ثابت	سعد خارج	نحس ثابت	سعد خارج

نوٹ: آتش اور باد میں دوستی ہے آب اور خاک میں دوستی ہے۔ آب اور آتش میں مخالفت ہے۔ نا موافق ہیں آب و باد ممین ہیں اسی طرح خاک و آتش ممین ہیں خاک و باد دشمن ہیں اس کلیہ کو یاد رکھیں۔

ایک اہم نقطہ: رمل کے خانے بھی عنصر کے لحاظ سے تقسیم ہیں۔ سوال جواب دیتے وقت عنصروں کا خاص خیال رکھنا ہے کون سی شکل کس خانے میں پڑی ہوئی دوست کے گھر یا دشمن کے گھر ہے اس کو ہمیشہ مدنظر رکھنا ہے یہی ایک راز ہے علم الرمل میں جو میں نے عیاں کیا ہے۔ اگر آتشی شکل آتشی گھر میں ہو گی تو ہم کہیں گے باقوت ہے اگر آتشی شکل بادی خانے میں بیٹھی ہو گی تو ہم کہیں گے یہ اپنے دوست کے گھر میں ہے باقوت ہے اگر آتشی شکل آبی خانے میں ہو گی تو ہم کہیں گے کہ دشمن کے خانہ میں ہے اور ضعیف اور کمزور ہے۔ احکام لگانے میں اس کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے نظرات کا بھی خیال رکھنا ہے جس کا ذکر آئے گا۔

شکلیں چار قسم کی ہوتی ہیں جس کا مکمل سبق آگے آئے گا۔

(☶) جس کا شکل نقطہ باہر ہو اسے خارج کہتے ہیں

(☵) جس کا شکل نقطہ اندر کی طرف ہو اسے داخل کہتے ہیں۔

(☳) جس کے شکل نقطے اوپر نیچے ہوں اسے منقلب کہتے ہیں۔

(☷) جس شکل کے اوپر نیچے خط ہو اس کا نام ثابت ہے۔

زائچہ رمل میں جواب دینے کا بہترین طریقہ یہ ہے:۔

اشکال چار قسم کی ہوتی ہیں جس کا تذکرہ اوپر کر چکا ہوں۔ مزید غور سے سنیں اور یاد کریں۔ ۱۔ داخل، خارج، ثابت، منقلب، داخل سے مراد ہے قبضہ کا ہے یا حصول کا ہے۔ خارج سے مراد ہے سوال دہائی یا ہاتھ سے جا ہے ثابت کا ہے ثابت سے مراد حالت بدستور قائم ہے منقلب سے مراد کچھ مراد حاصل ہو کچھ نہ ہو لیکن سعد و نحس اشکال کو مدنظر رکھیں مثلاً داخل شکل ہو تو بآسانی حاصل ہو اگر نحس ہو تو پھر دشواری سے حاصل ہو خارج سعد ہو تو بیماری ہو تو مشکل سے دور ہو نحس خارج سے جلدی دور ہو

ثابت سعد سے مراد حالت بہتر ہو نحس ثابت سے مراد حالت اچھی نہ ہو منقلب سعد سے مراد بآسانی کچھ حاصل ہو منقلب نحس سے مراد پریشانی اٹھا کر کچھ حاصل ہوں۔ یہ ہیں وہ راز جو میں بغیر کسی نخل کے ساتھ لکھ دیا ہے۔

سبق نمبر ۱۲

منسوب خانہ مختصر تفصیل:

نمبر خانہ	منسوبات خانہ زائچہ
خانہ نمبر ۱	اس خانہ کا نام بیت الطالع ہے منسوب ہے ساتھ نفس و روح اور تن و جان اور زندگی و نصیب اور کیفیت مزاج و امور ابتدائی اور طالع سائل کے سعادت و نحوست طالع تدبیر و عقل، مرض اعضاء، ہر امر کا بیان کرنا، سماعت کرنا، اور حرکت و سکون، شرم و حیا، ترقی و تنزلی و شر، غم، خوشی، حال، عمر سائل، اس کا برج حمل اور اس کا مالک ستارہ مریخ ہے دن اس کا منگل ہے آتشی گھر حال سے تعلق رکھتا ہے۔
خانہ ۲	اس خانہ کا نام بیت المال ہے اور یہ ساتھ مال و معاش، دوائے مریض، احوال کیسہ اور مدد اور تجارت اور بھیر آنے غائب، خزانہ اور غذا اور مددگار اور لین دین قرض اور خرید و فروخت، نفع و نقصان، مال اور امانت و حال شیر خوار کی فرزندان، اور طالع فرزند شیر خوار اور کسب اور امانت رکھنے سے منسوب ہے۔ بخشش و فیاضی، غذا کھانا نہ کھانا، اخبار و حالات مستقبل جاننا، ماموں و خالہ سے منسوب ہے برج اس کا بادی برج ثور اور ستارہ زہرہ ہے دن حالت حال معلوم کیا جاتا ہے بادی گھر سے تعلق رکھتا ہے
خانہ ۳	اس خانہ کا نام بیت الاقارب ہے اور یہ خانہ بھائی اور بہنوں اور عزیز و اقربا اور آنے

	آنے جانے، نزدیک سفر اور داماد دوں، نقل و حرکت و کیفیت پرندگان و حال باتھ سے چھوٹے ہوئے پرندوں کا اور دولت و ہم نشین کا اور نقل مکانی ایک دوسرے مکان میں تعمیر خواب، دن اور سفر، دس کوس تک آباد، مساجد و مدارس کا اور بخت علمی و حصول علم وغیرہ۔ ملازم کی نزدیک کی تبدیلی، صحرا یا بازار کا جانا، زراعت اور کاشت کے حالات: برج جوزا، ستارہ عطارد سے منسوب ہے حالات ماضی ظاہر کرتا ہے۔
خانہ ۴	اس خانہ کا نام بیت الارض ہے اور یہ خانہ ساتھ ریاست اور منزل اور مقام اور کیفیت والدین و املاک و حال زراعت اور تخم اور دفینہ و حولوث ارضی اور انجام پانے کار اور کیفیت کار سابق و کھیتی باڑی اور لپوا لگانا و خزانہ اور ہر وہ چیز جو زمین سے تعلق رکھتی ہے اور انجام امور اور عمر مسائل، ہر قسم حالات پیداوار اور سعادت و نحوست مکان اور فائدہ و نقصان مکان اور بھائیوں سے مال ملے گا یا نہیں منسوب ہے ملازم کی ایک شہر سے دوسرے شہر میں تبدیلی۔ برج سرطان ستارہ قمر سے تعلق رکھتا ہے حالات حال ظاہر کرتا ہے۔
خانہ ۵	اس خانہ کا نام بیت الاولاد ہے یہ خانہ ساتھ فرزندوں، معشوقوں اور مقاصد و خطوط و خبروں، سچ و جھوٹ اور قاصدوں و تحفوں، انعاموں و پیاموں، معاملہ عاشقوں و سامان عروسی، ہار جیت و قمار بازی، نتیجہ امتحان ہائے و شادی، لہو و لعب، فسق فجور، ہدیہ، مشرق، خط شادی، حمل میں نر مادہ اور یہ بچہ زندہ رہے گا یا نہ، دوستی و دشمنی معشوق، آمدن، منی آرڈر یا دی پی حالات سٹہ و لاٹری، رنج و غم سے نجات ہو گی یا نہ، حیض عورت، شادی، اولاد، فتوحات: مرض اولاد، برج اسد، ستارہ شمس سے تعلق رکھتا ہے حالات مستقبل ظاہر کرتا ہے۔
خانہ ۶	اس خانہ کا نام بیت الامراض ہے اور یہ خانہ مرض اور رنج، تشخیص مرض بیمار اور سحر و جادو اور کسب و کار اور جرأت، غلام و لونڈی، زیر دستان و کیفیت حمل، زنان، سیر و شکار،

	اور احوال چیز گم شدہ، چارپایہ، چور جو اسباب لے کر بھاگا ہوا ہو، لین دین، قرض، بھید پوشیدہ، نقل و حرکت پدر، مقام برادران اور جانور، چوپائے خورد، حالات بھاگی ہوئی لونڈی یا غلام کی سعادت اور نحوست، مال فرزند، نزدیکی سفر، پدر اور عاقبت برادران، مرض کیا ہے؟ مرض ہے یا نہیں ہے اگر ہے تو کب تک رہے گی۔ آمد زلزلہ خرید و فروخت، جنس حقیقی، برج اس کا سنبلہ ہے، ستارہ عطارد ہے بادی گھر سے تعلق رکھتا ہے، ماضی سے متعلق ہے۔
خانہ ۷	اس گھر کا نام بیت النساء ہے اور یہ خانہ عقد و نکاح، مقدمات نکاح، متاع، شریکوں، غائبوں، چوروں، بیع و شراء، دعووں، مدعیوں، انجام جنگ، تقاضا کرنے، قرض لینے، مقام غائب، زوجہ، حال دشمن، حال پردادا، ملنا نہ ملنا، مال چور کا اور گمشدہ کا، مقام سفر کا، حال ہمسایہ، مقصد مسافر، دعویٰ کرنا، ضمانت وغیرہ کا، حسب نسب، نیکی و بدی عورت، حالات عدم پتہ، غائب کے حالات مخالفین کے، مقام سفر کے حالات جہاں کا سائل کو ارادہ ہو، زندگی اور مردگی، غائب اور آنا یا نہ آنا، غائب کا نشان، حلیہ چور کا اور مفرور، برج میزان، ستارہ زہرہ، ناکی، حال سے متعلق ہے
خانہ ۸	اس خانے کا نام بیت الخوف ہے اور یہ ساتھ مال، میراث، مال غائب، خطرات و موت و احوال مرگ، بیمار، قتل و خونریزی، وضع حمل، قحط و لوٹ مار، مال عورت، ترک کرنے کسی چیز کے، تہمت اور ظلم و خزانہ، مال غائب و چور کا، معشوق پدید کا، مقام معشوق، جھگڑے وغیرہ، معشوق کے باپ کے حالات، عاقبت فرزند، سائل کے بھائیوں کی مرض اور آسیب، کیا چوتھے مال خرچ کیا، رنج ملازمان، برج عقرب، ستارہ مریخ، آبی، مستقبل۔
خانہ ۹	اس خانہ کا نام بیت السفر ہے اور یہ خانہ ساتھ سفر اور علم، الہام، دین، اعتقاد، تدبیر، رائے، امانت، حال مسافر، حال جہاز و کشتی، صدقہ و خیرات، حج و زیارات، زہد و تقویٰ، عبادت، مرض پدر، بھائی، بہن اور زوجہ و معشوق کے اور سفر دور دراز کی سعادت و نحوست سفر، امن راستہ

	مسافر حالات، واپسی سفر، تعبیر خواب شب، حالات بھاوجہ یا بہنوئی، حالات برادر عورت ملازم کی، دور کی تبدیلی، قوس برج، ستارہ مشتری، ماضی، آتشی۔
خانہ ۱۰	اس خانہ کا نام بیت الرزق ہے یہ خانہ ساتھ، جاہ و منزلت، طلب، ملازمت، مرتبہ شغل، حال قضا و قدر، امور تقدیر، زیارات، مرتبہ حال مادر و پدر، استاد، ملک، سلطنت اعزاز، امور سلطانی، معالجہ، طبیب، پرسیز مریض، کیفیت پیر و مرشد، جاہ و جلال عمل شغل، رنجوری فرزندان، زن غائب، مقام چور، حال ماں باپ کا، پیشہ سائل، حالات مادر کے، مخالفین پدر کے، حالات مرگ برادر، سائل، حالات املاک عورت سائل اور مقام غائب و چور، حکام و بادشاہ، ملازمت و تجارت سے بھی ہے کیا دولت کو ثبات ہے؟ حالات روزی، کیا تجارت کروں، کون سا پیشہ مفید ہے سوتیلی ماں کے حالات، برج جدی، ستارہ زحل سے منسوب ہے۔ بادی، حال۔
خانہ ۱۱	اس خانہ کا نام بیت الامید ہے اور یہ خانہ ساتھ امید و ار حال پوشاک، خلاصی قیدی، کیفیت شفاء مرض و حال عروس، حال فرزند و ہمسایہ، حال آنے نہ آنے غائب کا تعمیر عمارت جدید، مال پدر اور پورا اترنے زکوٰۃ و نقش، نتیجہ عملیات، کیفیت حکام بالادست، دوستان قدیم آشنائوں و رفیقوں سے، عشق و عاشقی، حالات نئے دوستوں کے، برآمد گی امید دوستوں کے و ملاقات دوستاں، مرگ پدر، حال برادر بادشاہ کے اور حالات شوہر، دختر سائل کے حال وکیل کے، برج دلو، ستارہ زحل سے منسوب ہے آبی اور مستقبل سے متعلق ہے۔
خانہ ۱۲	اس خانہ کا نام بیت الاعداء ہے یہ خانہ ساتھ دشمنوں اور حاسدوں، غمازوں اور قرض خواہوں، حال مقیدوں و اسیروں، حال چارپایہ، دراز قد، بیماری، بدو کینہ، دوامی مرض سابقہ مثل صرع و جذام و برص و آکشک و حالات قید خانہ کے، قرض و لین دین اور مکر و حیلہ،

	وجوہات عداوت دشمن کی اور رہائی و شفت قیدی اور حال صلح و اتفاقِ اعداء، بیماری زوجہ سائل، ماضی کے واقعات متعلق سائل، خرید و فروخت چار پایہ، برج حوت، ستارہ مشتری سے منسوب ہے۔ ماضی۔ خاکی۔
خانہ ۱۳	اس خانہ کا نام بیت السعی ہے اور یہ خانہ ساتھ رائے و تدبیر اور طالب اور حالات سفر فرزند دور دراز سائل کے اور سفر فرزند کی سلامتی کے حالات دشمن کے دل کے اور معشوق کے دور دراز سفر کے اور حالات شوہر کے دوسرے نکاح کے، حالات عاقبت آمر بادشاہ کے، اور حالات شغل عمل پدر کے، حالات مقام بادشاہ کے، حالات سفر نزدیک دوستاں کے، حالات امیر برادر کے اور حالات مقام مادر کے یہ خانہ حکم خانہ اول رکھتا ہے اور موافق طبع و منسوبات خانہ اول ہے اور گواہ ہے۔ خانہ اول و پنجم اور نہم کا جو کہ آتشی خانے ہیں۔ برج حمل ستارہ مریخ سے تعلق رکھتا ہے۔ آتشی،
خانہ ۱۴	اس خانہ کا نام بیت المطلوب ہے۔ یہ خانہ ساتھ نفس غیر کے اور جو چیز کہ سائل سے سوال کی جائے اور حالات گفت و شنید ہر قسم کے اور خبرہائے غیبی ہر قسم کے، سبب کارہائے غیبی کے، دشمن برادر کے، ارزانی و گرانی غلہ گندم کے، شغل و عمل اولاد کے اور معشوقوں کے، رنج و صعوبات، سفر کے اور خوف عورت سے کے اور سفر ملازم گریختہ کے، حصول امید پدر سے کے قیام دولت قدیم کے، دوستان پدر کے یہ خانہ موافق طبع اور منسوبات خانہ چہارم کے ہے اور گواہ ہے دوسرے، چھٹے خانہ کا کہ بادی خانے ہیں۔ روانگی شکار، مرگ شریک برج ثور ستارہ زہرہ سے تعلق رکھتا ہے۔ بادی۔
خانہ ۱۵	یہ خانہ بیت القاضی ہے اور اسے قاضی الرسل بھی کہتے ہیں۔ یہ خانہ ساتھ فرح اکبر اور یزدان و آئینہ تلہ ہے یہ دعوی کردن یا نہ، اس سے مشورہ کردن یا نہ اور حالات اجتماع یعنی اتفاق ہر قسم محکمت و فلسفہ ہر قسم حالات ضبط قلعہ اور پیشہ وکالت اور کار یا نہ ہر قسم تقاضا کردن یا نہ اور

	رنج و راحت بادشاہ، برآمدگی امید از معشوق و حالات دشمن پدر کے اور بند و بندان باپ کے سے منسوب ہے اور یہ خانہ سوم کا حکم رکھتا ہے اور گواہ تیرے، ساتویں اور گیارہویں کا۔ کیونکہ یہ خانہ آبی میں فلاں چیز رہے گویا نہ۔ مقدمہ یا مشورہ کرنے کے حالات، برج جوزا، ستارہ عطارد سے منسوب ہے۔ آبی۔
خانہ ۱۶	اس خانے کا نام بیت الانجام ہے بعض علماء رمل اسے آئینۂ رمل کے نام سے موسوم کرتے ہیں یہ خانہ ساتھ انجام، امور و عاقبت کار سب امروں کا ہے یہ کام کرو یا نہ کرو یا جو مجھے مفید ہو وہ کروں اور حالات تحقیقی کاموں کے دشمنوں، معشوق کے اور خاتمہ انجام امور کے سچ جھوٹ نفع و نقصان ہر کام اور حالات ملکہ و بادشاہ کے اگر کوئی سوال کرے کہ یہ کام کروں یا نہ اس سوال کیلئے اس خانہ کی شکل کو خانہ چہارم کی شکل سے ضرب کر کے اگر مستحصلہ شکل داخل یا ثابت ہو تو اس امر کو کرے اور خارج منقلب سے نہ کرے اور موافق سعادت و نحوست شکل جواب دے۔ یہ خانہ گواہ چوتھے، آٹھویں اور بارہویں خانہ کا کیونکہ یہ خانے خاکی ہیں۔ برج سرطان ستارہ قمر سے منسوب ہے۔ خاکی۔

منسوباتِ اشکال

منسوبات کی کثرت ہے لیکن میں یہاں پر مختصر سا خاکہ اہل ذوق کی خدمت اقدس میں پیش کر رہا ہوں۔

شکل مع نام	شکل کے مختصر منسوبات
لحیان	آتشی سعد خارج شرقی مذکر، ستارہ مشتری، برج قوس، یوم جمعرات (خمیس) ماہ رمضان شریف، درد سر تپ، صفراوی، مسجد، مینار گرجا وغیرہ جائے عبادت، اونٹ، گھوڑا، بکری، کبوتر، مور، مرغ، فاختہ، غلہ گندم، خربوزہ، بادام، خوبانی، پتھر، یاقوت سرخ و زرد

	ہڑتال ورقی، سونا چاندی، قلعی، حیات نفس، نقل وحرکت، عاقبت، سفر دراز، کوہستان، لعل موتی، برگ آسمان، حجر، قید خانہ، قضات، سرادر منہ وغیرہ، حالت زندہ ہے۔
حمرہ	نحس ثابت، بادی غربی مذکر، برج حمل، سیارہ مریخ، حالت زندہ، حلیہ لمباقد، سرخ رو، ارزق چشم، کشادہ بازو، صفات شریر، جھگڑالو، تند مزاج، ذات قصاب، حجام، جراح رہزن، پیشہ جمعدار، فوج، سپاہی، پولیس، بیمہ کمپنی کا ایجنٹ، امراض فساد خون، پیچش، اسہال کہنہ، خناق، زکام، غلہ گندم، موٹھ، جانور بٹیر، فاختہ، شتر، چیتا، بھیڑیا، سرخ کپڑے، پھول گلاب، گیندا، عطریات گلاب، چنبا، پتھر عقیق سرخ، شنگرف، تانبا، شہر وممالک ملتان، ترکستان، دن منگل ہے۔
نصرۃ الخارج	برج اسد، ستارہ شمس، عنصر آتشی ہے سعد خارج ہے زندہ یوم اتوار، ماہ صفر، عالی خاندان، حلیہ قد درمیانہ، رنگ سرخ وسپید، باریک بین، چہرہ گول، خال عمدہ، صفات ہمت مردانہ، بہادر، راست گو، پیشہ ملازم شاہی صوبیدار، گورنری، زرگری، جواہر فروش، امراض سرسام، یرقان، نزلہ، کھانسی، تپ لرزہ، غلبہ، مکان عالی شان، دربار شاہی، غلہ، چاول، نخود کابلی، دال مٹر، جانور اسپ، بکری، سفید رنگ کے جانور، پتھر، یاقوت، الماس، عطریات، مشک، زعفران، انار، بادام شیریں، شیر ببر، غلبہ خون وغیرہ۔
بیاض	برج سرطان، ستارہ قمر، عنصر آب سعد ممتزج زندہ، شکل لمباقد، شکل زنان، رنگ سفید فربہ اندام، گول چہرہ، متلون مزاج لیکن پرکشش، عادات باغبان، سقہ، دھوبی، تاجر، پیشہ جانور فروشی، بزازی، معلم گری، شیر فروش، امراض درد سر وبازو، کھانسی بلغمی، فالج، لقوہ برص، ادویہ گرم، وتر، غلہ چاول، عطریات، گلاب صندل سفید، عرق خوشبودار، جمادات، نمک بلور، سیپی، چاندی، قلعی، دن سوموار، پھول موتیا، چنبیلی، ماہ جمادی الاول، عمر ادھیڑ، دہی۔

قبض الخارج	برج اس کا دلو، ستارہ راس، عنصر نحس آتشی، نحس خارج مردہ، شکل سیاہ رنگ لاغر اندام، بدصورت، کوتاہ گردن، گریہ چشم، مھوٹا، تلخ، سخن فاش، فاجر، خاکروب، تاجر، چوکیدار، مزدور، امراض کونتگی اندام، درد پہلو و سینہ، اعضا شکنی، تپ سخت، استراج خون، غلہ باجرہ، ماش سبز، جانور الو، کوا مور، فیل، عطریات عطر گل، پتھر عقیق ہلکا سبز
اجتماع	برج جوزا، ستارہ عطارد، عنصر باد، سعد ممتزج حالت زندہ ممتزج ثابت ہے۔ دن بدھ، ماہ ذوالحجہ، ادھیڑ عمر، نقاش، منشی، رمال، نجومی، حکیم، شاعر، حاضر جواب، نفیس الطبع، امراض سحر زدگی، دردپشت و قولنج، ذرابی معدہ، غلہ مونگ چاول، انار ناشپاتی، پستہ، زرد آلو، گل بنفشہ، جانور چکور، ہدہد، چڑیا، عطریات عنبر، پتھر فیروزہ، دن منگل سے منسوب ہے۔
عبۃ الخارج	برج دلو، ستارہ ذنب، نحس خارج زندہ مذکر منگل رات، ماہ رجب، چور، موچی، قبرستان، پاخانہ رنگ سیاہ ترش، ماش سیاہ، سرسوں بیرہ وغیرہ، پیرا پیشہ دار دغہ، توپ خانہ، چابک سوار، شراب فروش امراض سحر زدگی، ہینہ طاعون، آشک، غلہ، ماش سیاہ، جانور کوا، گدھ، چیل، بھڑ، عطریات، تلخ اور بدبودار پتھر۔
انکیس	برج جدی، سیارہ زحل، عنصر خاک، نحس داخل موبت مردہ ہے شکل بدصورت، گول چہرہ، موٹے لب، بڑے بڑے دانت، پیر، دراز قد، کمینہ فطرت، گھٹیا عادات والا، مغرور، بدظن، معمار، نانبائی، پیشہ زمیندارہ، باورچی گری، سبزی فروش، مردہ کو غسل دینے والا، امراض جذام، کوڑہ، درد اندام، غلہ ماش تل سیاہ، پتھر عقیق، سیاہ آدمی
عقلہ	برج دلو، سیارہ سکینہ، نحس منقلب خاکی، سمتی، دن سنیچر، ماہ شعبان، عمر بوڑھا، حالت زندہ کوتاہ قد، موٹا بدن، لمبے پاؤں، اونچہ ناک، کمہار، سنگتراش، گیندا، خرگوش، لومڑی، کوئل، کور آکو بخار، بکرا، گیدڑ، عطریات، ہلکے قسم کے عطر اور سینٹ، پتھر مردہ سنگ سیاہ پتھر، لاجورد، شہر و ممالک گجرات، لاہور، روس، جنوبی ہند، دن سنیچر۔

قبض الداخل	برج اسد، سیارہ شمس، سعد داخل خاکی جنوبی مونث، حالت مردہ ہے شکل میانہ قد، بزرگ، دراز گردن، سفید دانت، سیاہ چشم، عاقل و فرزانہ، غیرت مند، نیک طبیعت، سخی، روز اتوار، جمادی الآخر، جواں عمر، اچھے خاندان کا آدمی، خزانچی، دلال، تجارت پیشہ، امراض ضعف بصر نسیان، اختلاج قلب، غلہ چاول، دال نخود، جانور بلبل، طوطا، مینا، بندر، چیتا، خرگوش، گربہ خانگی، عطریات عنبر، سفید صندل، پتھر یاقوت، پکھراج سرخ، شہر و ممالک کشمیر، بدخشاں، بلخ، حلب، غزنی، پھول سرخ گلاب،
فرح	برج میزان، سیارہ زہرہ، عنصر باد، سعد منقلب مغربی، مذکر ماہ ربیع الآخر، تجارت، رقاصی، معلمی، حالت زندہ، شکل میانہ قد، خوبصورت، آہو چشم، باریک بین، غنچہ دہن، خوش مزاج، خوش خلق، خوش لباس، خوش خیال، پیشہ شراب فروش، شیرینی فروش، افسانہ نگاری، اداکاری، موسیقاری، امراض حرارت جگر، عشق، مالیخولیا، محبت حسینان، غلہ گندم، چاول وغیرہ
نصرۃ الداخل	برج حوت، ستارہ مشتری، جدید سیارہ نپ چون، عنصر آب، سعد داخل مردہ، روز شنبہ، ماہ ذیقعد، مرض بلغمی، درد کمر، شکل گندم گون رنگ، فراخ چشم، اونچی ناک، گول چہرہ، فراخ دہن، نیک طینت، نفع بخش، سخی، روحانیت کا دلدادہ، سردار، چوہدری، اچھے خاندان کا پیرزادہ، وزارت، وکالت، امراض بلغمی، درد جگر، درد کمر، اسہال، خرابی خون، مسجد، آب رواں، کنارہ، زیارت گاہ، خانقاہ، آرد، گندم، چاول، چکور، مینا، خوش الحان، پرندے، عطر صندل، کیوڑہ، پتھر یاقوت، مرجان، صدف، دن جمعۃ المبارک۔
نقی الخد	برج عقرب، سیارہ مریخ، منقلب نحس، آبی، حالت زندہ، شکل گربہ چشم، لمبا قد، بزرگ بینی، گول چہرہ، مزاج میں مسخرہ پن، شک و شبہ بہت ہوتا ہے۔ حجام، چابک سوار، فاسق، فاجر، سپاہی، جلاد، امراض وجع المفاصل، دنبل، درد دندان، غلہ گندم، مسور کی دال، جوار سرخ، شہر و ممالک مدینہ منورہ، جرجان، دن منگل، ملاقات حاکم نکاح و شراکت سے منسوب ہے۔

عبۃ الداخل	برج ثور، سیارہ زہرہ، سعد داخل، بادی عزلی مذکر اور جمعہ، ماہ ربیع الآخر، پیشہ اچھا مصاحب حالت مردہ شکل گول چہرہ، خوبصورت ابرو، تنگ دہن، میانہ قد، درمیانی خندہ پیشانی، خوش پوشاک، عقل مند، نیک سیرت، غادم، فقراء، امراض تپ دق، سل، بستگی بول، عشق و جنوں، غلہ گندم، چاول، مٹر، جانور تیتر، فاختہ، عطریات چنبیلی و مولسری، پیلا پتھر پکھراج فیروزہ، پھول سفید، حیوان، حصول علم، مال غائب روزگار، مقام پاکیزہ، علت خون، خلیہ آدمی
طریق	برج سرطان، سیارہ قمر، منقلب شکل ہے، عنصر آب، حالت زندہ، شکل دراز قد، سفید رنگ شکل زن، سینہ، تل یا داغ کا نشان، دور اندیش، متلون مزاج، مزاج شناس، لپوسٹ ایجنٹ ڈرائیور، گاذر، امراض بلغم، درد گردہ، اسہال، درد کمر، نائچ، جانور مرغابی، بگلا، کبوتر، فاختہ، مرغ سفید، عطر گلاب، نرگس، پتھر یاقوت سفید، چاندی، چاول، دن سوموار، پھول سفید
جماعت	برج سنبلہ، سیارہ عطارد، سعد ممتزج، روز بدھ، ماہ ربیع الاول، ضیق النفس، درد کمر، درد ناف، تپ سوداوی، حشرات الارض، کتب خانہ، مدرسہ، نقاش خانہ، نیلم، زمرد، صحت، جسم خواب، طول عمری وغیرہ۔

سبق نمبر ۱۴

نظرات نقطہ: علمائے رمل نے اشکال رمل یعنی نقطہ کے نظرات کو پانچ پر تقسیم کیا ہے،

۱۔ نظر مقارنہ: جسے نظر اقرب کہتے ہیں اور نظر متعارفہ بھی کہتے ہیں یعنی دونوں اشکال ساتھ ساتھ ہوں اسے نظر مقارنہ کہتے ہیں مثلاً دائرہ ابدج میں پہلی شکل لجیان ☶ ہے اور اس کے بعد دوسری شکل حمرہ ہے ☲ یہ دونوں شکلیں ایک دوسرے سے نظر مقارنہ رکھتی ہیں اور اس طرح شکل نمبر ۱۲ ☵ شکل اول لجیان سے مقارنہ رکھتی ہے۔

۲۔ نظر تسدیس: یہ نظر شکل نمبر ۱ سے شکل نمبر ۳ اور شکل نمبر ۱۱ سے تسدیس رکھتی ہے۔ مثلاً لیحان یہ شکل ابدح کی نمبر ۱ ☰ ہے اور شکل نمبر ۳ نصرۃ الخارج سے نظر تسدیس رکھتی ہے اس طرح لیحان ☰ سے شکل نمبر ۱۱ ☷ فرح کی نظر تسدیس رکھتی ہے۔ اس طرح دوسرے خانے کی شکل ☲ حمرہ نظر تسدیس خانہ چہارم شکل بیاض ☲ سے رکھتی ہے۔ علیٰ ہذا القیاس بارہ خانے بارہویں خانہ کی شکل نصرۃ الداخل ☳ خانہ دوم کی شکل ☲ سے بالکل اسی طرح نظر تسدیس رکھتی ہے۔

۳۔ نظر تربیع: طالع شکل نمبر ۱ سے شکل نمبر ۴ اور شکل نمبر ۱ مثلاً خانہ نمبر ۱ شکل لیحان ☰ ہے اور دائرہ ابدح کی چوتھی شکل بیاض ہے ☲ اور اس سے لیحان شکل کی نظر تربیع ہے اس طرح لیحان ☰ سے دسویں شکل قبض الداخل ☵ شکل لیحان ☰ کی نظر تربیع ہے اس طرح ہر چوتھی شکل دسویں شکل کے نظر تربیع ہوتی جائے گی۔

دائرہ ابدح



۴۔ نظر تثلیث: یہ شکل ۱ رکھتی ہے شکل ۵ اور شکل نمبر ۹ مثلاً دائرہ ابدح کی شکل ۱ لیحان ☰ ہے اور خانہ نمبر ۵ کی شکل ☶ قبض الخارج ہے۔ خانہ نمبر ۹ کی شکل ☵ عقلہ ہے یہ ایک دوسرے کو نظر تثلیث دیکھ رہی ہیں یہ علیٰ ہذا القیاس اس طرح عمل کریں۔

۵۔ نظر مقابلہ: شکل نمبر ۱ اور شکل ۷ کا نظر مقابلہ ہے اور شکل نمبر ۲ کا شکل ۸ اور شکل ۳ شکل ۹ کا مقابلہ ہے مثلاً دائرہ ابدح کی شکل ۱ ☰ لیحان ہے۔ شکل ۷ ☷ عتمۃ الخارج ہے اس طرح شکل ۲ ☲ حمرہ ہے اور شکل نمبر ۸ انکیس ہے دونوں کی نظر مقابلہ ہے اس طرح تمام عمل کریں

نوٹ: دائرہ ابدح کے لحاظ سے مذکورہ بالا مختصر سا خاکہ پیش کیا گیا تھا آپ کی آسانی کیلئے جدول پیش کی جاتی ہے

جدول درج ذیل ہے

نمبر شمار	زائچہ خانے	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱	نظر مقارنہ	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱
۲	نظر تسدیس	۱۰/۲	۱۱/۳	۱۲/۴	۱/۵	۲/۶	۳/۷	۴/۸	۵/۹	۶/۱۰	۷/۱۱	۸/۱۲	۹/۱
۳	نظر تربیع	۴/۲	۵/۳	۶/۴	۷/۵	۸/۶	۹/۷	۱۰/۸	۱۱/۹	۱۲/۱۰	۱/۱۱	۲/۱۲	۳/۱
۴	نظر تثلیث	۷/۲	۸/۳	۹/۴	۱۰/۵	۱۱/۶	۱۲/۷	۱/۸	۲/۹	۳/۱۰	۴/۱۱	۵/۱۲	۶/۱
۵	نظر مقابلہ	۱۰/۲	۱۱/۳	۱۲/۴	۱/۵	۲/۶	۳/۷	۴/۸	۵/۹	۶/۱۰	۷/۱۱	۸/۱۲	۹/۱
۶	نظر ساقط	۱۲/۲	۱/۳	۲/۴	۳/۵	۴/۶	۵/۷	۶/۸	۷/۹	۸/۱۰	۹/۱۱	۱۰/۱۲	۱۱/۱

زائچہ کے خانوں کا اعضاء جسمانی سے تعلق



نظرات نقطہ کا اثر

۱. نظر مقارنہ :- یہ نظر قدر سے محبت کی ہے

۲. نظر تسدیس :- یہ نظر محبت ہے لیکن نیم دوستی

۳. نظر تربیع :- یہ نظر نیم دشمنی کی ہے

۴. نظر تثلیث :- یہ نظر نہایت محبت کی ہے

۵. نظر مقابلہ :- یہ نظر دشمنی کی ہے

۶. نظر ساقط :- اجنبیت اور دشمنی کی ہے

گھروں سے جواب کس طرح حاصل کیا جاتا ہے تفصیل حسب ذیل ہے

زائچہ کے خانوں میں سیر رمل معلوم کرنا بہت مشکل ہے اس لئے میں نے بڑی محنت سے اس کی تفصیل کا نقشہ مختصر پیش کیا عام طور پر بازاری اور اشتہاری علم رمل کا دعویٰ کرنیوالوں سے سائل کی تسلی تشفی نہیں ہوتی۔ انہیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ سوال زائچہ کے کس خانہ سے تعلق رکھتا ہے اور صحیح جواب سائل کو کس طرح دیا جائے تاکہ جواب درست ہو ناظرین کی آسانی کیلئے یہ جدول پیش کی جاتی ہے تاکہ ایسے سوالات کا

متعلقہ خانہ انہیں معلوم ہو سکے اہل علم حضرات ایسی باتوں کو پوشیدہ رکھتے ہیں لیکن بندہ نے واضح کر دیا ہے

x	x	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
x	x	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ
سوال متعلق	خانہ سائل سے خانہ مطلوب تک	طالع	مال	بھائی بہن	ماں باپ	اولاد	مرض	زوج	مرگ و خوف	علم دین و سفر	ملازمت حکومت	دوستانہ	دشمن
سائل	۱	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
بھائی بہن	۱ سے ۳	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
ماں باپ	۱ سے ۴	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
لڑکے لڑکیاں	۱ سے ۵	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
نانا، نانی	۴ سے ۷	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲
زوجہ	۱ سے ۷	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲
زوجہ کے ماں باپ	۷ سے ۱۰	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵
زوجہ کے بہن بھائی	۷ سے ۹	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴
باپ کے بھائی بہن	۴ سے ۶	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۴	۱۶	۱
ماں کے بھائی بہن	۴ سے ۶	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱
ماموں کے لڑکے لڑکیاں	۶ سے ۶	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵
چچا کے لڑکے لڑکیاں	۶ سے ۱۰	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵
دوست	۱ سے ۱۱	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶
دشمن	۱ سے ۱۲	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
دوست کی اولاد	۱۱ سے ۱۵	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
دشمن کی اولاد	۱۲ سے ۱۶	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
دوست کا دشمن	۱۲ سے ۷	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲
—	—	—	—	—	—	—	—	—	—	—	—	—	—

گزشتہ سے پیوستہ

×	×	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
×	×	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ	خانہ
سوال متعلق	خانہ سائل سے خانہ مطلوب تک	طالع	مال	بہن بھائی	ماں باپ	اولاد	مرض	زوج	مرگ و خوف	علم دین سفر	ملازمت حکومت	دوستانہ	دشمن
دوست کا دشمن	۱۲ سے ۲	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱
دوست کا دوست	۱۱ سے ۵	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
اولاد کا دشمن	۵ سے ۱۶	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
چچا کا دشمن	۶ سے ۱	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
ماموں کا دشمن	۶ سے ۸	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳
اولاد کا دوست	۵ سے ۱۵	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
زوجہ کا دشمن	۷ سے ۲	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
زوجہ کا دوست	۷ سے ۱	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
بھتیجے بھتیجیاں	۳ سے ۷	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۶	۱۸
ماموں زاد کی اولاد	۱۲ سے ۱۶	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
دوست کی اولاد کا دشمن	۱۵ سے ۱۰	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵
معشوق سائل	۱ سے ۵	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
معشوق کا معشوق	۵ سے ۹	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴
عورت کا معشوق	۷ سے ۵	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
لڑکی و لڑکے کا معشوق	۵ سے ۹	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴
باپ کا معشوق	۴ سے ۸	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲
بھائی کا معشوق	۳ سے ۷	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲
چچا کا معشوق	۶ سے ۱۰	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۲۸	۳	۴	۵
ماموں کا معشوق	۷ سے ۱۱	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶
ماموں زاد کا معشوق	۱۱ سے ۱۵	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
دوست کا معشوق	۱۱ سے ۱۵	۱۵	۱۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

سبق نمبر ۱۶

ہر کام میں مدت معلوم کی جاتی ہے بہت آسان اور سہل طریقہ مدت معلوم کرنے کا یہ ہے کہ شکل لحیان ⁝ موجودہ زائچہ میں دیکھو اگر خانہ ۱، خانہ ۴، خانہ ۷ اور خانہ ۱۰ میں ہو تو ایک سال کا حکم لگانا چاہیئے اگر شکل خانہ ۲، خانہ ۵، خانہ ۸، خانہ ۱۱ جو مستقبل سے تعلق رکھتے ہیں آجائے تو ایک ماہ کا حکم لگائیں اگر لحیان خانہ ۳، خانہ ۶، خانہ ۹، خانہ ۱۲ جو ماضی سے تعلق رکھتے ہیں آجائے تو حکم ایک ہفتے کا لگانا چاہیئے اگر شکل لحیان خانہ ۱۳، خانہ ۱۴، خانہ ۱۵ میں ہو تو ایک دن کا حکم لگایا جائے مزید تشریح کیلئے رحیم الرمل حصہ اول اور حصہ دوم کا مطالعہ کریں۔

آپ کی سہولت کیلئے جدول استخراج مدت پیش ہے:

شکل	مدت								
امہات	یوم	۲۹ یوم	۸ یوم	۶ یوم	۱۲ یوم	۹ یوم	۶ یوم	ایک یوم	۴ یوم
بنات	ماہ	۵ ماہ	ایک ماہ	۱۰ ماہ	۲ ماہ	۵ ماہ	۱۰ ماہ	۱۰ ماہ	۶ ماہ
متولدات	سال	۴ سال	ایک سال	ایک سال	۱۲ سال	۵ سال	ایک سال	۴ سال	۱½ سال

یاد رہے تکرار اگر امہات میں ہوگا تو حکم ساعت کا کرنا ہوگا اور یوم کا بھی اور اگر بنات میں شکل تکرار کرے تو حکم ہفتہ کا ہوگا اگر شکل متولدات میں تکرار کرے تو حکم ماہ کا لگائیں اگر زوائیدات میں شکل تکرار کرے تو حکم ایک سال کا لگایا جائے۔

تکرار اشکال

علمائے رمل نے زائچہ میں تکرار اشکال کو بہت موثر تسلیم کیا ہے تکرار ایسی سچی شاہد ہے کہ جس کی گواہی کو کبھی رد نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے ذریعے بلحاظ خانہ ہر شکل کے مزاج اور اس کے دخول (داخل) و خروج (خارج) انقلاب و ثبات کے ساتھ سعادت و نحوست کے مطابق جواب دیا جاتا ہے

مثلاً سوال خروج کا ہے (باہر نکلنا ہے) تو اس کے متعلقہ خانے میں خارج شکل ہے ہم اسی شکل کی سعادت و نحوست کے تحت حکم لگائیں گے مگر معلوم رہے کہ ہر سوال کیلئے خانہ تکرار علیحدہ ہوگا جس کی سعادت و نحوست کے یا عنصری لحاظ سے سوال کا جواب مشروط ہوگا یہی راز ہے کہ جس کی وجہ سے یہ علم قدرے مشکل ہوگیا ہے کیونکہ منسوبات خانہ و شکل اور اس کی تکرار کی نسبت غور کرنا انتہائی مشکل اور مشق طلب کام ہے اور بالعموم خانہ ۱ و خانہ ۱۲ کی تکرار شکل کے لئے صادق و سودمند تصور کی جاتی ہے مفہوم کے لئے ذیل کی اشکال پر غور کریں۔ مثلاً سائل کا سوال خانہ اول کے تحت ہے اور زائچہ اول میں لیحیان شکل ☶ آئی ہے اور اس نے اس زائچہ میں تین جگہ تکرار کی ہے لہٰذا اس صورت میں لیحیان کا حکم خانہ تکرار سے مشروط ہوگا کیونکہ ☶ سعد شکل ہے اور زائچہ کے پہلے خانے میں سعد ہے کیونکہ خانہ آتشی اور شکل بھی آتشی اور خانہ خود میں قوی ہے شکل جس جس خانہ میں یہ مکرر ہے ان پر غور کیا جائے گا ☶ شکل ان خانہ میں پڑ کر کمزور ہوگئی کیونکہ خانہ خود میں قوی ہوتی ہے خانہ شرف میں بھی قوی ہوتی ہے اور یہ شکل دوست کے خانہ میں نہایت طاقتور جبکہ دشمن کے خانہ میں نہایت ضعیف ہوجاتی ہے اس کے علاوہ خانہ میں بھی کمزور ہوجاتی ہے اس کے ان حالات کے پیش نظر اس کے ضعف اور قوت کے لحاظ سے حکم لگایا جائے گا۔ قبل ازیں بھی لکھ چکا ہوں کہ رمل ہو یا نجوم ہو یا عملیات ہوں یہ سب علوم عنصر کی روشنی میں حل ہوتے ہیں آتشی بادی میں محبت ہے اور خاکی اور آبی میں باہم محبت ہے آتشی و آبی میں عداوت ہے اور بادی اور خاکی میں عداوت ہے۔

چونکہ رمل میں سولہ اشکال ہوتی ہیں چار خانہ آتشی ۱، ۵، ۹، ۱۳، چار خانہ بادی ۲، ۶، ۱۰، ۱۴، چار خانے آبی ۳، ۷، ۱۱، ۱۵، اور چار خانے خاک ۴، ۸، ۱۲، ۱۶، مزید وضاحت کیلئے جدول ہیں ہے

عنصر	دوست عنصر	دشمن عنصر
آتش	باد، خاک	آب
باد	آتش، آب	خاک
آب	باد	آتش
خاک	آتش	باد

اہم نوٹ : زائچہ کے خانوں کی کیفیت مختلف ہوتی ہے، ۱: بلحاظ عنصر، ۲: بلحاظ اوتاد ۳: بلحاظ زمانہ، ۴: بلحاظ اطراف، ۵: سعادت ونحوست، ۶: دخول وخروج، ثبوت وانقلاب، ۷: بلحاظ نظر، ۸: بلحاظ اشیاء

-	آتشی خارج خانے مذکر	بادی خانے منقلب	آبی خانے داخل	خاکی خانے ثابت مونث	زمانہ
امہات	سعد ۱	سعد ۲	نحس ۳	سعد ۴	حال
بنات	سعد ۵	نحس ۶	سعد ۷	سعد ۸	مستقبل
مولدات	۹	سعد ۱۰	سعد ۱۱	نحس ۱۲	ماضی
زوائدات	۱۳ ↑	۱۴ ↑	۱۵ ↑	۱۶ ↓	غائبانہ
	شرقی خارج	شمالی منقلب	غربی داخل	جنوبی ثابت	

سبق نمبر ۱۷

احکام رمل : رمال کیلئے لازم ہے کہ حکم لگاتے وقت مندرجہ ذیل اصول وقواعد کو عمل میں لائے تاکہ اس کے بیان کئے ہوئے حکم میں کسی غلطی کا امکان نہ رہ جائے۔

قاعدہ نمبر ۱ : سب سے پہلے نوعیت سوال پر غور کرنا چاہئے کہ سائل کا سوال دخول جسے اتصال کہتے ہیں کا ہے یا خروج جسے انفصال کہا جاتا ہے کا ہے یا ثبوت وانقلاب کا ہے۔

قاعدہ نمبر ۲ : جب سوال کی نوعیت معلوم ہو جائے تو پھر غور کرلے کہ سوال زائچہ کے کس خانہ سے تعلق رکھتا ہے جو متحقق یعنی ٹھیک اور درست ہو اس کی کیفیت کیلئے اس خانہ میں جو شکل ہو اس پر غور کرے کہ وہ شکل وہاں باقوت ہے یا کمزور ہے قوی سے مراد کہ حصول کا ہوتا ہے کمزور سے حکم عدم حصول مراد کا تصور کیا جاتا ہے۔

قاعدہ نمبر۳: پھر زائچہ میں شکل مقصد پر غور کرو کہ شکل کی تکرار زائچہ میں کہیں ہے یا نہیں ہے اگر تکرار نہ ہو تو اسی شکل کے دخول و خروج اور انقلاب و ثبوت کی سعادت و نحوست کے تحت حکم کرو۔ اگر وہ کہیں مکرر ہے تو پھر یہ تکرار خانہ ۷، یا ششم[1] یا خانہ نمبر ۱۲ میں ہو تو یہ سائل کی مراد حاصل نہ ہوگی اگر یہ تکرار خانہ نمبر ۱۱ یا خانہ ۱۰ میں ہو تو مراد حاصل ہوگی۔

قاعدہ نمبر۴: پھر شکل مذکور کا عکس دیکھو (☵ عکس ☲)۔ اگر وہ خانہ نمبر ۱، یا خانہ نمبر ۴ میں ہو تو مراد حاصل نہ ہوگی۔ اگر یہ عکس خانہ نمبر ۲ یا خانہ ۶ یا خانہ ۸ یا خانہ نمبر ۱۲ میں ہو تو انشاء اللہ سائل کی مراد پوری ہو جائے گی۔

قاعدہ نمبر۵: پھر اس شکل کے گواہ پر غور کرو وہ اگر زوائد ات میں ہے اور سعد ہے تو مراد حاصل ہوگی۔ نحس سے مراد حاصل نہ ہو اور اگر سوال یعنی انتقال میں ہے اور خانہ مقصد میں شکل خارج ہو اور عکس اسی شکل خانہ ۱۱ یا خانہ ۱۲ میں ہو تو کامیابی مشکل سے مگر ضرور ملے گی اگر انفعال کا ہو تو حکم برعکس ہے

قاعدہ نمبر۶: پھر زائچہ میں مقصد کے خانہ کی شکل کو دیکھو اگر زائچہ کے اندر اس شکل کا غلبہ ہے یا نہیں۔ تین یا اس سے زیادہ جگہ ایک شکل کا ہونا غلط تصور ہوتا ہے اگر زائچہ میں غلبہ سعد اشکال کا ہو اور ہر خانہ میں باقوت ہے تو مراد حاصل ہو۔ خارج سے نہ ہو انفعال کے سوال میں خارج کا غلبہ دیکھا جاتا ہے۔

سبق نمبر ۱۸

نتیجۂ نظراتِ اشکال

مقارنہ	تدلیس	تثلیث	تربیع	مقابلہ	ساقط
نہ دوستی نہ دشمنی	کامل دوستی	نیم دوستی	نیم دشمنی	کامل دشمنی	بے نتیجہ

شرف وہبوت اور خانہ جدول سکن

خانہ	نام اشکال	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
	ہن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
	شرف	۴	۱	۹	۶	۱۲	۷	۷	۱۰	۲	۱	۴	۳	۱۰	۱۲	۶	۱
	ہبوط	۱۰	۷	۳	۱۲	۶	۱	۱	۴	۸	۷	۱۰	۹	۴	۶	۱۲	۸
	متراج	۶	۱	۸	۳	۲	۵	۵	۷	۴	۱	۶	۸	۷	۳	۴	۲
	فرح	۱۱	۹	۶	۱	۵	۱۲	۱۲	۶	۳	۹	۱۲	۶	۶	۵	۱	۳
	قوت	۹	۵	۱۲	۶	۷	۱۲	۱۰	۱	۴	۵	۱۲	۸	۸	۲	۳	۴
	ضعف	۱۰	۱۱	۵	۱۲	۱	۵	۲	۷	۱۰	۱۱	۶	۱۲	۲	۸	۹	۱۰
	حنیف	۱	۱۰	۳	۲	۹	۱۲	۳	۱۱	۴	۱۰	۱	۳	۱۱	۹	۴	۴

اوقات سے اشکال کی قیمت

نمبر شمار	اشکال	☉	☽	☿	♀	♂	♃	♄	☊	☋
۱	دن	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	سنیچر	خمیس	منگل	سنیچر	
۲	شب	خمیس	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	سنیچر	منگل	
۳	وقت	عصر ظہر	ظہر صبح	مجہول صبح	مغرب عشاء	مغرب ظہر	مغرب صبح	عصر صبح	مجہول مجہول	

FREE AMLIYAAT BOOKS ...pdf

جدول شواہد و نواظر

خانہ	شاہد قریب خانہ	شاہد بعید خانہ	ناظر قریب خانہ	ناظر بعید خانہ
۱	۲	۵	۳	۷
۲	۳	۶	۴	۸
۳	۴	۷	۵	۹
جو برج عقرب سیارہ مریخ سے تعلق رکھتی ہے خانہ ۱۴ میں شکل عتبۃ الداخل بیٹھی ہے برج اس کا میزان، ستارہ زہرہ، عنصر خاک ہے سائل کی حالت برابر جیسی رہے گی پھر ہم نے خانہ ۱ جو طالع ہے اس پر نظر رکھی تو اس میں شکل قبض الداخل کی ہے یہ برج اسد، ستارہ شمس، عنصر باد سے تعلق رکھتی ہے یہ شکل سعد داخل ہے تو اس شراکت میں سائل امین رہے گا اور پھر خانہ ۷ پر نظر رکھی تو اس میں شکل عکس آئی ہے اس کا برج جدی سیارہ زحل ہے عنصر خاک نحس داخل ہے اس زائچہ سے معلوم ہوا آپ کا فریق یا حصہ دار بدنیت ہے آپ کو نقصان پہنچائے گا۔

سوال: سائل نے کہا میرا مکان یا جائیداد کیسی ہے؟

جواب کیلئے سائل سے قرعہ رمل ڈلوایا۔ اس کے جواب کیلئے خانہ ۴ کو دیکھ کر سائل کی تسلی و تشفی کی جاتی۔ اگر خانہ ۴ میں یہ اشکال ہوں ، ، ، ، تو مکان یا جائیداد نیک ہے



اور مفید ثابت ہوگی اگر خانہ ۴ میں ∴ یا ∴ ہو تو اس میں اولاد ہوگی اگر خانہ ۴ میں ≡ یا ≡ ہو تو تب بھی مکان نیک ہے اگر خانہ ۴ میں ∴ ، ≡ ، ∴ یا ∴ ہو تو مکان پر خوف اور منحوس ہے

هو العلیم الخبیر



اب زائچہ مذکورہ کے خانہ ۴ میں بیاض شکل جو برج سرطان ستارہ قمر سے تعلق رکھتی ہے عنصر آبی ہے اور خانہ ۴ بھی آبی ہے اور شکل سعد ممتزج ہے باقوت ہے حالت زندہ ہے سائل کو جواب دیا مکان یا جائیداد تمہارے لئے مفید اور مبارک ہے۔ واللہ عالم بالصواب

ایک کلیہ: خانہ ۴ اور خانہ ۱ دونوں اشکال سعد ممتزج ہو گا لہٰذا سائل سے کہیں کہ مکان خریدنا مفید ہے

سوال: کیا غائب آئے گا یا نہیں؟

(غائب کے بارے میں سوال کا جواب بھی خانہ ۴ سے دیا جائے گا)



اس کے جواب کیلئے خانہ ۴ اور خانہ ۹ کو دیکھا جاتا ہے اگر خانہ ۴ میں داخل شکل ہو اور خانہ ۹ میں خارج شکل موجود ہے تو غائب جلد آئے گا، انشاء اللہ تعالیٰ، اگر خانہ ۴ کی شکل خانہ ۱۱ یا خانہ ۱۶ سے تکرار کرے تو گیا ہوا شخص چند دنوں کے بعد پھر اسی مقام پر پلٹ آئے گا جہاں سے وہ گیا تھا۔ مذکورہ بالا زائچہ میں خانہ ۴ میں شکل ≡ جماعت آئی ہے

هو العلیم الخبیر



یہ برج سنبلہ اور سیارہ عطارد سے تعلق رکھتی ہے عنصر کے لحاظ سے خاکی اور خانہ خاکی میں موجود ہے یہ شکل سعد ممتزج ہے خانہ ۹ میں بھی شکل اجتماع ☌ آپی ہے جو برج جوزا اور سیارہ عطارد سے تعلق رکھتی ہے عنصر کے لحاظ سے بادی ہے لیکن خانہ آتشی ہے آتش اور باد میں مطابقت ہے اس لئے سائل کو جواب دیا کہ غائب واپس آجائے گا اس کی حالت اچھی ہے فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ سائل نے دریافت کیا کہ وہ کب آئے گا زائچہ رمل سے مدت نکالنے کا صدری طریقہ آگے جاکر پیش کروں گا غائب کے بارے میں جواب خانہ ۷ سے بھی دیا جاتا ہے۔

سائل نے سوال کیا کہ میرے نصیب میں اولاد ہے یا نہیں؟

جواب کیلئے سائل کے ہاتھ سے قرعہ رمل ڈلوایا تو یہ اشکال ظاہر ہوئیں۔



زائچہ میں خانہ ۱ اور خانہ ۵ پر غور کیا تو شکل جماعت برج سنبلہ سیارہ عطارد سے تعلق رکھتی ہیں عنصر خاک نسبت ہے لیکن سعد ممتزج ہیں اور نہ ہی خانہ ۱ و خانہ ۴ کی داخل شکلیں ہیں اور نہ ہی خانہ ۲ ، خانہ ۷ و خانہ ۹ میں تکرار کی ہے چونکہ خانہ ۱ اور خانہ ۵ ≡ شکل معلوم ہوا ہے کہ اب اپنی بیوی اور اپنا علاج کرائیں تو اولاد ہو سکتی ہے





سائل نے سوال کیا کہ خرابی میرے میں ہے یا میری بیوی میں ہے؟

جواب کیلئے قرعہ رمل سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا

اگر خانہ ۱ میں طریق آجائے ⁝ ، تو نقص مرد میں ہے اگر یہی شکل طریق ⁝ خانہ ۸ میں آجائے تو عیب یا نقص عورت میں ہے اگر خانہ ۵ میں ⁝ ، ⁝ ، ⁝ آجائے تو نقص عورت میں ہے اس زائچہ میں خانہ ۵ میں شکل ⁝ فرح آئی ہے جو برج میزان سیارہ زہرہ سے تعلق رکھتی ہے عنصر باد ہے اور حالت زندہ اس سے معلوم ہوا عیب یا نقص عورت میں ہے۔



سوال: لڑکا ہوگا یا لڑکی؟

جواب کیلئے قرعہ رمل سائل کے ہاتھوں ڈلوایا تو یہ شکلیں پیدا ہوئیں



جواب: اگر فرح ⁝ شکل خانہ ۱، خانہ ۵، خانہ ۹ میں گھر کرے تو لڑکا پیدا ہوگا اگر لحیان ⁝ خانہ ۱۱ میں آئی ہو تو لڑکی ہوگی اگر خانہ ۱ کی شکل خارج ہے ہے یا ⁝ یا ⁝ یا ⁝ یا ⁝ ہے اور اس کی تکرار بھی زائچہ کے کسی اور گھر میں نہیں ہوئی تو لڑکا خیال کریں اگر خانہ ۱ کی شکل کسی مقام پر تکرار کر رہی ہو تو اسی گھر کے صاحب خانہ سے ضرب دیکر ایک شکل پیدا کریں اگر یہ شکل مذکر ہو تو لڑکا ہوگا اگر مونث ہے تو لڑکی ہوگی مذکورہ بالا زائچہ کے خانہ ۵ میں دیکھا تو جواب دیا بحکم خدا بطفیل رسول کریم لڑکا ہوگا۔

سائل نے سوال کیا کہ علمی مباحثہ کے مقابلہ میں جیت کس کی ہوگی

جواب: خانہ ۳ کو خانہ ۱ کی شکل سے ضرب دو

⁝ × ⁝] ⁝ متحصلہ شکل

اگر ضرب پہ شکل ⁝ ، ⁝ ، ⁝ ، ⁝

FREE AMLIYAAT BOOKS

یہ متحصلہ آئیں تو مدعی یعنی سائل جیتے گا کیونکہ یہ شکلیں خانہ سائل کی ذات سے ہیں بعد میں خانہ ۷



اور خانہ ۹ اشکال کو آپس میں ضرب دیں اگر حاصل ضرب متحصلہ ⁝ ، ⁝ ، ⁝ آجائے تو یہ شخص مقابلہ ہار جائے گا کیونکہ یہ نتیجہ ضرب اشکال کا خاص شکل مقابل کی ذات سے تعلق ہے پوشیدہ نہ رہے کہ نتیجہ میں اگر دونوں طرف اشکال آجائیں تو دونوں شخص برابر ہونگے

ہذا من عندی، واللہ اعلم بالصواب

غائب آئے گا یا نہیں؟

اس سوال کا جواب خانہ ۷ سے دیا جائیگا۔



۱. اگر خانہ ۷ سے سعد خارج ہو اور خانہ ۱ میں داخل اور خانہائے ۹، ۱۱، ۱۴، ۱۶ میں اشکال داخل ہوں تو غائب کے جلد از جلد آنے کی دلیل ہے۔

۲. اگر شکل خانہ کی تکرار خانہ ۱۵ اور خانہ ۱۶ میں ہو اور اشکال خانہائے ۹، ۱۱، ۱۴، ۱۶ بھی دلالت اس پر کریں تو غائب دو تین دن میں واپس آجائے گا۔

۳. اگر تکرار خانہ ۷ کی خانہ ۱۱، ۱۵ میں ہو تو خبر غائب وصول ہو۔

۴. اگر خانہ ۱، خانہ ۱۰ میں شکل ⁝ ہو غائب بہت جلد واپس آجائے گا۔

۵. شکل خانہ ۷ خارج ہو اور اس کا عکس خانہ ۳ میں ہو یا خانہ ۹ میں تو خیال کرنا چاہیے کہ غائب راستہ میں ہے۔

۶. اگر خانہ ۷ خارج اور خانہ ۹ میں سعد داخل اور خانہ ۱۱ میں شکل سعد داخل ہو تو یہ بھی غائب کی جلد واپسی کو ظاہر کرتا ہے۔

۷۔ اگر خانہ ۱، خانہ ۱ میں شکل خارج ہو اور خانہ ۷ میں داخل اور خانہ ۹، ۱۴ میں خارج تو یہ بھی واپسی غائب پر مدلول ہے۔

۸۔ اگر خانہ ۷ میں شکل منقلب ہو اور تکرار اس کی خانہ ۹ یا خانہ ۱۱ میں ہو تو غائب راستہ ہی سے لوٹ آئے گا۔ یا وطن واپس آرہا ہے تو لوٹ جائے گا۔

۹۔ اگر خانہ ۹ میں ☵ ہو تو غائب کی جملہ کیفیات کی خبر ضرور مل جاتی ہے۔

۱۰۔ اگر خانہ ۵ میں اشکال ☲، ☳، ☵، ☶ میں سے کسی شکل کی تکرار خانہ ۹ میں ہو تو غائب کی خبر جلد پہنچے اور اسکا خط جلد آئے گا۔

۱۱۔ اگر خانہ ۷ میں شکل نحس خارج ☵ خانہ ۲ میں ☲ یا ☵ ہو اور خانہ ۱ میں بھی شکل داخل یا خارج غیر میزانی ہو تو غائب بے اختیار اپنے مقام سے روانہ ہو لیکن سائل کے پاس نہ آئے بلکہ راستہ میں مقیم ہو جائے اور اگر سائل کے پاس آبھی جائے تو کچھ دنوں کے بعد پھر چلا جائے۔

مقابلے میں جیت ہار کا سوال ہو

تو زائچہ کشید کریں شکل خانہ ۱ سائل کی ہے اور شکل خانہ ۷ متقابل شخص کا طالع ہے پس شواہدات کی طرف نظر کریں اگر شکل خانہ ۱۳ اور شکل خانہ ۱۵ سے قوی تر اور سعد تر ہے تو سائل ورنہ شخص متقابل اگر دونوں ایک جیسی ہیں تو مقابلہ برابر رہے گا۔

آنیوالے سوال لے کر آتا ہے کہ میں حاکم کے پاس جاتا ہوں ملاقات بہتر ہے یا نہیں؟

جواب کے لئے سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا تو یہ شکل پیدا ہوئی :۔



مثالی زائچہ : شکل نعتی ☵ برج عقرب ستارہ مریخ سے نسبت رکھتی ہے عنصر آب ہے۔

نحس خارج ہے یہ شکل خانہ ۱۱ میں ہے اور یہ خانہ آبی ہے اور اپنے گھر میں ہے باقوت ہے تکرار کسی خانہ میں نہیں کیا چونکہ خانہ نیک ہے جنس مونث ہے اور زمانہ مستقبل سے تعلق رکھتا ہے منسوبات

هوالعلیم الخبیر



حالات دوستاں قدیم اور حالات دوستی کرنے کے ساتھ اور برآمدگی امید۔ اس لئے سائل سے جواب دیں کہ آپ ملاقات کریں لیکن فائدہ کچھ ہوگا اور کچھ نہ ہوگا۔ مقابلہ کے سوال میں قبل ازیں عرض کر چکا ہوں کہ اول خانہ سائل کا ہوتا ہے اور خانہ ۷ مقابل شخص کا طالع۔ پس شواہدات کی طرف نظر کریں اگر شکل خانہ ۱۳ خانہ ۱۵ سے قوی تر اور سعد تو سائل جیت جائے گا ورنہ مقابل کی جیت ہوگی۔

چوری کے سوال میں سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا اس کے مطابق جواب دیا۔

زائچہ پر غور کریں اگر زائچہ میں شکل ☰ حمرہ جو برج حمل اور ستارہ مریخ سے تعلق رکھتی ہے یہ شکل ثابت ہے عنصر باد ہے اگر یہ شکل زائچہ میں موجود ہو تو سائل کی چوری ضرور ہوئی ہے اگر حاضر زائچہ میں نہیں ہے تو سائل کی چوری نہیں ہوئی بلکہ سائل کسی دوسری جگہ رکھ کر بھول گیا ہے اگر شکل حمرہ حاضر زائچہ میں ہے تو دیکھیں کہاں موجود ہے یعنی کس خانہ میں موجود ہے اگر خانہ اول میں ہے تو چوری شدہ مال چور کے گھر کے اندر موجود ہے اگر خانہ ہائے دیگر میں ہو تو مطابق مقامات منسوبہ شکل رمل حکم لگائیں مذکورہ بالا زائچہ میں خانہ ۱۳ موجود ہے چونکہ یہ خانہ خاکی ہے اور نحس ہے یہ شکل ثابت باد ہے اس لئے سائل کو جواب دیا کہ آپ کی چوری ہوئی ہے اور چور نے مال کہیں دفن کر دیا ہے۔

هوالعلیم الخبیر



اگر کوئی شخص گمشدہ مویشی کا سوال کرے تو زائچہ بنا کر دیکھیں کہ شکل حمرہ حاضر زائچہ ہے تو جانور اس شہر یا قصبہ میں موجود ہے اور زندہ ہے حلال وغیرہ نہیں ہوا اگر سائل پوچھے کہ جانور کدھر



گیا ہے تو شکل خانہ
حساب مندرجہ ذیل
سائل کا جانور گیا ہو
ہو جائے گا

ے کو دیکھیں اور مطابق
حکم لگائیں جس طرف کو
گا وہ سمت استخراج

زائچہ رمل سے مدت نکالنے کا قانون اور قاعدہ

سائل کو علم الرمل سے جواب دے دیا کہ آپ کا کام ہو جائے گا تو سائل کہے گا کہ میرا کام ہو جانے کی خوشخبری تو سنا دی ہے لیکن یہ نہیں بتایا کہ میری مراد کب حاصل ہوگی سائل نے مدت کی آرزو کی اس لئے میں یہاں احکام مدت لکھتا ہوں جس سے مبتدیوں کو سہولت ہوگی موقع محل پر بھی لکھتا رہوں گا یہاں صرف نہایت سہل طریقہ لکھتا ہوں جو کہ نہایت صدری طریقہ ہے۔

۱. میری تقدیر کب بدلے گی؟
۲. مجھے روزگار کب میسر ہوگا؟
۳. مجھے کب تک علم میں کامیابی ہوگی؟
۴. مجھے مقدمہ میں جیت کب ہوگی؟
۵. جائیداد پر میں کب قابض ہوں گا؟
۶. مجھے اس بیماری سے نجات کب ملے گی؟
۷. میری شادی کب ہوگی؟
۸. قرضہ سے نجات کب ملے گی؟

FREE AMLIYAAT BOOKS

۹. حج کی سعادت مجھے کب ملے گی؟

۱۰. ملازمت کب ملے گی؟

۱۱. دوست سے ملاقات کب ہوگی؟

۱۲. غائب کب واپس آئے گا؟

مدت نکالنے سے قبل زائچہ سے صرف اتنا دیکھ لینا ضروری ہے کہ آیا جس امر کی مدت دیکھی جا رہی ہے وہ ظہور پذیر بھی ہوگا یا نہیں۔ ظہور اگر ثابت ہو جائے تو جس خانہ کے متعلق سوال ہو اس خانے کی شکل موجودہ زائچہ کو اسی خانے کی شکل سے از روئے دائرہ سکن ضرب دے کر شکل نتیجہ یا متحصلہ پیدا کرو۔ دائرہ سکن درج ذیل ہے

جدول دائرہ سکن

نام خانہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
صورت دائرہ سکن	⠿	⠤	⠤	⠿	⠤	⠤	⠿	⠤
نام خانہ	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
صورت دائرہ سکن	⠤	⠤	⠤	⠤	⠤	⠤	⠤	⠤

اب دیکھو کہ شکل نتیجہ زائچہ کے اندر امہات، بنات اور متولدات میں کس جگہ پر ہے اور قوی ہے یا ضعیف، اگر قوی ہے تو اندر معیاد مندرجہ ذیل جدول کے اور اگر ضعیف ہو تو بعد انقضائے معیاد یعنی معیاد ختم ہونے کے بعد حصول مراد کا حکم لگانا چاہئے اگر شکل نتیجہ امہات میں ہو تو دن، بنات میں ہو تو ماہ اور اگر متولدات میں ہو تو سال بمطابق جدول ذیل مدت لگے گی۔

نام کواکب		زحل	مشتری	زہرہ	عطارد	مریخ	شمس	قمر	راس ذنب
اشکال زائچہ		⠿ ⠤	⠤ ⠤	⠤ ⠤	⠤ ⠿	⠤ ⠤	⠤ ⠤	⠤ ⠤	⠤ ⠤
امہات	یوم	۲۹	۸	۶	۱۲	۹	۶	۱	۴
بنات	ماہ	۵	۱	۱۰	۲	۵	۱۰	۱۰	۶
متولدات	سال	۴	۱	۱	۱۲	۵	۱	۴	۱½

مثالی زائچہ: مئی ۱۹۹۹ء کے آغاز میں ایک سائل آیا اور سوال کیا کہ میری قسمت کب بدلے گی؟ یا مجھے خوشحالی کب آئے گی؟



جواب کیلئے سائل کے ہاتھ سے قرعہ رمل ڈلوایا اور رمل کا زائچہ حسب ذیل ہوا۔

شکل خانہ ۱ ⁝ بعتہ الداخل برج ثور اور ستارہ زہرہ سے تعلق رکھتی ہے نیک داخل شکل باد ہے زندہ ہے مستقبل کے ساتھ اس کی نسبت ہے۔

اس شکل کو قانون کے مطابق دائرہ سکن خانہ ۱ ⁝ سے ضرب دیں۔

زائچہ خانہ ۱ کی شکل ⁝ × دائرہ سکن کی خانہ ۱ ⁝ × ب دیا ⁝ × ⁝] ⁝ ⁝ محصلہ ۱

نتیجہ یا محصلہ جو شکل ⁝ طریق نتیج حاصل ہوئی۔ یہ شکل زائچہ مذکورہ میں تلاش کی زائچہ بنات میں دکھائی دی اس محصلہ شکل کو ہم نے جدول مدت کو دیکھا تو قمر کی سیدھ میں ۱۰ ماہ بنات کے خانہ میں ظاہر ہوا۔ لہٰذا سائل کو جواب دیا بحکم خدا لطفیل رسول مقبول آپ کی حالت ۱۹۷۰ء دس ماہ کے اندر اندر درست ہوگی۔ چنانچہ وہ شخص ایک سال کے بعد اس کو ایک اچھی ملازمت مل جائے گی جس سے اس کے حالات نہایت بہتر ہوں گے۔ علم رمل زندہ باد،

مدت نکالنے کے اور بھی قاعدے اور قانون ہیں اپنے اپنے مقام پر لکھتا رہوں گا۔ انشاء اللہ

یہ علم انسان کے اپنے ہی فہم و ذکاء سے تعلق رکھتا ہے پس اگر آپ کے دماغ میں قوت ادراک سوچ اور غور و خوض پایا جائے تو یہ اور بھی زیادہ روشن کر دے گا جتنی کوشش کریں گے آپ کو اتنا ہی عبور حاصل ہو گا آپ کی الہامی قوت بیدار ہو گی میں نے اپنی طرف سے نہایت آسان اور سہل بنانے کی کوشش کی ہے۔ چونکہ بندہ استاد ہے اور علم کو منتقل کرنا جانتا ہے آپ کے ساتھ قدرت کی اعانت رہی تو آپ ضرور اس علم پر عبور حاصل کر لیں گے۔ انشاء اللہ،

زائچہ رمل میں مختلف نام معلوم کرنے کا قانون

استخراج اسم کی نیت کر کے زائچہ بنائیں پھر زائچہ رمل سے

۱۔ تمام نقاط آتشی شمار کریں اور ان نقاط کو ۹ پر تقسیم کر کے جو شکل کا حرف اور اس خانے کے حرف کو گرفت کریں۔

۲۔ پھر زائچہ سے نقاط بادی شمار کریں اور اس مجموعہ کو ۱۱ پر تقسیم کریں جس جگہ منتہی ہو اس خانہ کی شکل کے حروف استخراج کریں اس کے بعد ۳ آبی نقطے شمار کریں اور ان سب کو ۱۴ پر تقسیم کریں حسب سابق حروف برآمد کریں اور سب سے آخر میں نقاط خاکی شمار کر کے ۱۶ پر تقسیم کریں حسب سابق حروف شکل وخانہ حاصل کریں ان سب حروف کو ایک جگہ اکٹھا کر کے مطلوبہ نام استخراج کریں۔

جدول اشکال وحروف ہجے

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
ا ھ	ج ط	د س	ش ح	ق ف	ث ص	ل ن	م د
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
ض	ی و	غ ظ	خ ع	ک	ر	ب	ت

مثالی زائچہ: سائل نے نام نکالنے کی نیت کی اور اپنے ہاتھ سے قرعہ رمل پھینکا اور ہم نے اس کا زائچہ رمل کشید کیا قانون کے مطابق سب سے پہلے زائچہ سے آتشی نقاط تلاش کئے جو خانہ ۳،



خانہ ۴، خانہ ۶، خانہ ۱۱، خانہ ۱۴، خانہ ۱۵ خانہ ۱۱ میں موجود ہیں ان سب نقاط کو جمع کیا تو کل سات ہوئے ان کو ۹ پر تقسیم $\frac{7}{9}$ کیا تو سات ہی باقی برآمد ہوئے۔ زائچہ میں ساتویں شکل کو تلاش کیا جو زائچہ بنات میں ⁝ موجود ہے۔ اب اس شکل کو مذکورہ بالا جدول میں دیکھا تو خانہ ۱۵ میں موجود ہے اس خانے کے نیچے صرف ب موجود ہے ہم نے ب لے لیا اس کے بعد باد کے نقاط ہم نے زائچہ سے تلاش کئے جو خانہ ۱، خانہ ۲، خانہ ۹، خانہ ۱۲، خانہ ۱۳، خانہ ۱۴، خانہ ۱۶ میں موجود ہیں ان سب کو جمع کیا تو سات ہوئے ان کو گیارہ پر تقسیم کیا تو باقی سات رہے $\frac{7}{11}$ = ساتویں خانہ پر نظر کی تو شکل ⁝ ملی تو پھر زائچہ میں جدول میں اس شکل کو تلاش کریں خانہ ۱۵ پر پھر نظر آئی تو اس خانہ میں صرف ب ہے اور پھر ہم نے جدول کے ساتویں خانے پر غور کیا تو اس کا دوسرا حرف ن (نون) لیا گیا اب تیسرے نمبر پر نقاط آب کو شمار کیا گیا جو خانہائے ۲، ۳، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۴، ۱۵ اور خانہ ۱۶ میں واقع ہو کر کل نقاط گیارہ ہوئے ان کو ۱۴ پر تقسیم کیا تو پھر گیارہ برآمد ہوئے $\frac{11}{14}$، اب زائچہ کے خانہ ۱۱ شکل ⁝ ہے لہٰذا خانہ و شکل کے حروف ہی اور غ حاصل ہوئے چوتھے نمبر پر نقاط خاک جمع کرنے کی کوشش کی تو خانہ ۴، خانہ ۵، خانہ ۸، خانہ ۱۱، خانہ ۱۳، خانہ ۱۴ میں موجود ہیں ان سب کو جمع کیا تو مجموعہ چھ ہوئے زائچہ کی شکل ششم ⁝ ہے شکل و خانہ کے حروف ل۔ ث حاصل ہوئے اب تمام استخراج شدہ حروف کو حسب ذیل ایک سطر میں بچھایا گیا۔

ل ب ل ن ی غ ا ث

ان حروف کو بذریعہ صدر موخر صدر باقاعدہ طور پر ترتیب دیا گیا تو غیاث بلبن نام برآمد ہوا سائل سے پوچھا گیا تو اس نے اقرار کیا کہ میں نے اپنے دل میں تاریخ ہند کی مشہور شخصیت سلطان غیاث بلبن ہی کی نسبت سے زائچہ کا قرعہ ڈالا تھا علم رمل زندہ باد

استادان فن نے نام نکالنے کے کئی قاعدے لکھے ہیں اپنے اپنے مقام پر ان کی وضاحت کروں گا

اب دوسرے قاعدہ کی تشریح کرتا ہوں۔

قاعدہ دوئم: نام معلوم کرنے کا ایک دوسرا طریقہ استادان فن رمل نے ترتیب دیا ہے جو کبھی خطا نہیں جاتا البتہ مشکل ضرور ہے اقبال نے فرمایا تھا ؎

راز حیات پوچھ لے خضر خجستہ گام سے
زندہ ہر ایک چیز ہے کوشش ناتمام سے

ہمت اور کوشش سے تمام مسائل حل ہو سکتے ہیں۔

قانون نمبر ۱: سب سے پہلے یہ معلوم کریں کہ نام کتنے حروف کا ہے یہ مرتبہ عنصر شکل اول و دوئم سے معلوم ہو سکتا ہے شکل دوم کے مراتب نیچے سے حاصل کرنا لازم ہیں۔

قانون نمبر ۲: یہ معلوم کرنا چاہیئے کہ نقطہ یا نام مکرر حروف رکھتا ہے یا نہیں۔

قانون نمبر ۳: یہ معلوم کرنا لازم ہے کہ لفظ یا نام کس زبان سے تعلق رکھتا ہے۔

قانون نمبر ۴: اول شکل کو دہم شکل سے ضرب کر کے ایک حرف حاصل کریں پھر اول کو خانہ ۱۴ سے ضرب دے کر دوسرا حرف حاصل کریں پھر اول کو خانہ ۱۵ سے ضرب دے کر تیسرا حرف اور اول شکل کو شکل ۱۰ سے ضرب دے کر چوتھا حرف حاصل کریں اس طرح جب تک پورا نام نہ بن جائے ایک کے بعد دو اور دو کے بعد تین اور تین کے بعد چار، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶ کو ضرب دیتا چلا جائے جب سب حروف برآمد ہو جائیں تو ان کے آگے پیچھے ترتیب دے کر نام مرتب کریں۔ اس قاعدے میں جدول اشکال و حروف حاجی حسن اور دائرہ سکن ہندی استعمال ہوتے ہیں جو طلبہ کو ازبر ہونے لازم ہیں جدول اشکال و حروف حاجی حسن

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝
اف	ب ص	ج ق	د د	ھ ش	و ت	ز ث	ح خ
۹	۱۰	۱۲	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝
ط ذ	ی ص	ک ظ	ل غ	م	ن	س	ع

جدول سکن ھندی

۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
⚌	⚏	⚍	⚋	☰	⚊	⚊	⚊
۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱	۱۰	۹
⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝



مذکورہ قانون کے ذریعے مثالی زائچہ پر غور کریں اصولوں کو مدنظر رکھ کر اس کی تشریح کر رہا ہوں۔ قانون ۱ زائچہ کی اولی شکل ☲ حمرہ خانہ ۱ اور خانہ ۱۲ میں دو مرتبہ آئی ہے اور شکل دوم بیاض بھی ☲ خانہ ۲ اور خانہ ۸ معکوس بھی دو مرتبہ آئی ہے دو اور دو چار ہوتے ہیں بس معلوم ہوا کہ نام کے حروف چار حرفوں سے مرکب ہے۔

قانون ۲: خانہ ۱ اور خانہ ۱۴ کی شکلوں کو ضرب دیں [☲ × ⁝] ÷ شکل نقی پیدا ہوئی اور یہ شکل زائچہ میں مکرر آئی ہے خانہ ۳ اور خانہ ۱۱ میں موجود ہے لہٰذا نام کے بعض حروف متکرر رکھتے ہیں۔

قانون ۳: خانہ ۱، خانہ ۱۴ کی ضرب کا نتیجہ شکل نقی ÷ برآمد ہوا یہ شکل اقلیم ترکستان کے متعلق ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ نام ترکی زبان کا ہے۔

قانون ۴: خانہ ۱ کو خانہ ۱۳ سے ضرب دی تو نتیجہ ☲ رہا جدول حروف واشکال میں ☲ کا حرف ب ہے اب خانہ ۱ و خانہ ۱۴ کی اشکال کو ضرب دیں ÷ برآمد ہوا یہ تیسرے گھر یا خانہ کی ہے لہٰذا اسے دائرہ شکل کی تیسری شکل ÷ سے ضرب دی تو شکل ☲ ہی حاصل ہوئی چنانچہ ثابت ہوگیا کہ نام میں ب کی تکرار ہے یعنی نام میں دو مرتبہ ب موجود ہے دائرہ سکن کی تیسری شکل چونکہ ÷ ہے حرف

ل متعلق ہے اور ⁝ کی ہم عنصر شکل لحیان ہے جو چھٹے خانے میں ہے اور دائرہ سکن کے مطابق چھٹے خانہ کی شکل ⁝ جس حروف و اشکال میں حروف ن متعلق ہے پس اس طرح چار حروف ب ب ل ن استخراج ہوئے جنھیں آگے پیچھے رکھ کر ترتیب دیا گیا تو اسم سلطان بلبن کا حاصل ہوا اور یہی ان ہر دو طریقوں کی صحت کی دلیل ہے مگر ہر دو طریقوں سے ایک ہی نام استخراج ہوا۔

سبق نمبر ۲۲

علم رمل میں لِسَانُ الغَیْب کیا ہوتا ہے؟

جواب: استخراج مثلثان لسان الغیب کے نام سے پکارے جاتے ہیں مثلثوں سے ہم ۲۵۶ سوالوں کا جواب دے سکتے ہیں جس طرح کے کتاب کے آغاز میں خانوں اور سولہ اشکال کی تشریح اور توضیح کی گئی تھی ان سے بھی ۲۵۶ سوالوں کے جواب دیئے جا سکتے ہیں لیکن بندہ صرف امہات کی اشکال پر اکتفا کر کے آپ کو راستہ بتا دیا ہے جس کی روشنی میں آپ نے چلنا ہے۔

اسی طرح استخراج مثلثان کی روشنی میں بھی اب سوالوں کا جواب نہایت آسانی کے ساتھ دے سکتے ہیں صاحب اب ہم اپنا تجربہ آپ کے حوالے کرتے ہیں جو اگلے اوراق پر مندرجہ ہے ملاحظہ فرمائیے ہمیں قوی امید ہے کہ اس سے آپ ضرور مستفید ہونگے۔

مثلثان کی روشنی میں میزان پر منحصر ہے جو زائچہ کی پندرہویں شکل پر عنصر ہے اسی سے ہی بقیہ سوالات حل کئے جاتے ہیں قبل ازیں کئی بار لکھ چکا ہوں کہ میزان میں صرف جفت شکل یا دو نقطے والی شکل آسکتی ہے علاوہ ازیں ان کے اگر کوئی شکل ہو یعنی طاق شکل آئے تو زائچہ غلط ہو گا یہ آٹھ اشکال یہ ہیں ⁝، ⁝، ⁝، ⁝، ⁝، ⁝، ⁝، ⁝ اکابر علماء رمل ⁝ اور ⁝ اشکال الرمل کے قائم فی المیزان ہونے پر حکم عدم و فنا احکام لگاتے ہیں یعنی ان شکلوں کے میزان میں وارد ہونے سے زائچہ کے احکام کچھ مدت کیلئے ملتوی ہو جاتے ہیں بلکہ بعض اکابر علماء کے نزدیک مدت مخصوص کے بعد زائچہ نو لگانے کا حکم ہے پس ان پر مردہ

اشکال کے اخراج کے بعد اشکال میرانی حسب ذیل رہ گئیں ، ، ، ، ، یہ شکلیں بلحاظ مراتب عناصر کے رمل کے امہات بنات و متولدات یعنی پہلے بارہ خانوں پر حاکم ہیں مثلاً پہلی شکل نصرۃ الخارج میں عنصر آتش و باد موجود ہیں اور آتش سے خانہ اول و باد سے خانہ دوم متعلق ہے (میں ان اسباق کے آغاز میں زائچہ بنانے پر کافی روشنی ڈال چکا ہوں) لہٰذا یہ شکل زائچہ کے پہلے دونوں خانوں پر حاکم ہے۔ ان اشکال کی موجودگی میں زائچہ کے مختلف خانوں کی اشکال باہم اضراب سے تین شکلوں کی مثلثیں بنتی ہیں جس سے مختلف قسم کے احکام لگائے جاتے ہیں جو اپنی نوعیت کے لحاظ سے لسان الغیب ہوتے ہیں ان مثلثوں کے استخراج کا قانون درج ذیل ہے۔

قانون استخراج مثلثات

۱۔ اگر میزان میں یعنی خانہ ۱۵ میں شکل ہو تو زائچہ کی شکل اول کو شکل خانہ ۵، شکل خانہ ۲ اور شکل خانہ ۶ سے ضرب دے کر دو شکلیں بنائیں پھر ان مستخرجہ شکلوں سے تیسری شکل بنا کر اسے ان دو اشکال کے درمیان رکھ کر یہ شکل مثلث بن جائے گی۔ مثال کے ذریعے پھر سے تشریح و توضیح کرتا ہوں۔



خانہ ۱ × خانہ ۵ ×] متحصلہ ۱

خانہ ۲ × خانہ ۶ ×] متحصلہ ۲

دونوں کو آپس میں ضرب دیں ×] نتیجہ ۳

مثلث ، ، بنی آپ اس مثلث کو احکام مثلث میں تلاش کریں جو آپ کو خانہ ۲ میں یہ جواب سفر کرنا اور حیوانات خریدنا، تجارت کرنا اور تقسیم وراثت کیلئے جمع ہونا اگر شکل شاہد ہو تو جنگ و حکومت پیش ہے۔



۲۔ اگر میزان میں ہو تو شکل خانہ ۵، شکل خانہ ۹ اور شکل خانہ ۳ کو ضرب دیں شکل خانہ ۷

هوالعلیم الخبیر



① مستخرجہ شکل

اسی طرح خانہ ۷ × خانہ ۱۱

متحصلہ ۲

② ۱ × ۲

دونوں کو ضرب دیا × متحصلہ

دونوں متحصلہ کو ضرب دیا

تیسری شکل

مثلث پیدا ہوئی۔ اس پیدا شدہ مثلث کو احکام مثلث میں دیکھا تو جواب پانچویں خانے میں موجود ہے قبض کرنے مال زر و سیم اور چیزہائے برنگ سرخ اگر شکل زائچہ میں بہت جگہ ہو تو خسارت مال اور اندیشہ پر دلالت کرتا ہے یہی قاعدہ اور قانون مثلث بنانے کا اور اس سے جواب حاصل کرنے کا ہے۔ میرا خیال ہے کہ آپ کو مثلث بنانے اور جواب حاصل کرنے کا طریقہ آگیا ہوگا۔

۳۔ اگر میزان میں ہو تو شکل خانہ ۹ و خانہ ۳ اور شکل خانہ ۴ و خانہ ۸ کو آپس ضرب دیکر دو شکلیں پیدا کریں پھر دونوں کو آپس میں ضرب دے کر تیسری شکل پیدا کریں یہی شکل درمیان میں رکھ کر باقی دونوں اشکال کو ساتھ ساتھ رکھ کر مثلث بنائیں پھر احکام والے خانہ سے جواب حاصل کریں۔

۴۔ اگر میزان میں ہے تو شکل خانہ ۱ اور شکل خانہ ۱۴ سے اور شکل خانہ ۸ اور شکل خانہ ۱۲ سے ضرب سے دو شکلیں پیدا کر کے دونوں کی ضرب سے درمیانی شکل مثلث بنالیں۔

۵ اگر میزان میں ہو تو شکل خانہ ۱۱ اور شکل خانہ ۹ کو ضرب دیں اور خانہ ۱۲ اور خانہ ۱۶ سے ضرب دے کر دو شکلیں پیدا کریں پھر ان دونوں اشکال سے تیسری شکل پیدا کریں اسے درمیان میں رکھ کر دونوں شکلیں ارگرد رکھیں یہ مثلث بن جائے گی اور اس مثلث کو جدول میں دیکھ کر اس کا حکم لگائیں۔

احکام مثلث کو سمجھنے کے لئے ایک اور مثال پیش کرتا ہوں۔

عملی مثال: ایک شخص سائل ہوا کہ میرے مستقبل کے حالات سے آگاہ کریں میں نے سائل کے ہاتھ میں قرعہ رمل تھما دیا اور اس کے ہاتھ سے قرعہ رمل ڈلوایا۔

کے ساتھ دو شکلیں بنا کر پھر ان دونوں شکلوں کو آپس میں ضرب دے کر تیسری شکل پیدا کریں ہر تیسری شکل درمیان میں رکھیں باقی دونوں اشکال کو دائیں بائیں کریں ایک مثلث بنائیں۔



وضاحت کیلئے مثال پیش کرتا ہوں۔

میزان میں ∴ آئی ہے تو خانہ ۵ اور خانہ ۹ کو آپس میں ضرب دیں۔

∴ × ∴] ∵ محتصلہ

اور پھر خانہ ۳ اور خانہ ۷ کو آپس میں ضرب دیں

≡ × ≡ } ≡ محتصلہ

پھر دونوں متصلہ اشکال کو آپس میں ضرب دیں۔

∵ × ≡ تیسری شکل ∴ اسے درمیان میں رکھیں

متصلہ ۱ . × محتصلہ ۲

∵ × ∴ } = ≡ تینوں اشکال سے مثلث بن گئی۔ ∵ ∴ ∴



اس کے جواب کیلئے احکام مثلث کو دیکھیں جہاں یہ مثلث ہو جواب پیش کریں۔

احکام مثلث ∴ کے دوسرے خانوں میں دیکھیں حصول مال اور سلامتی مسافر کی خوشخبری مستورات سے فائدہ حاصل ہو خرید و فروخت میں روپیہ بے اختیار صرف ہو

قانون نمبر ۳: اگر زائچہ کے میزان میں ∴ شکل ہو تو خانہ ۶ اور خانہ ۱ کو آپس میں ضرب دیں۔

اور پھر خانہ ۷ اور خانہ ۱۱ کو آپس میں ضرب دے کر



دو اشکال پیدا کریں پھر ان دونوں کو آپس میں ضرب دے کر تیسری شکل پیدا کریں پھر ان محتصلہ اشکال کو تیسری شکل کے درمیان میں اور دونوں مستخرجہ اشکال ارد گرد رکھ کر مثلث بنائیں۔ عملی مثال

قانون کے مطابق خانہ ۶ × خانہ ۱ ∵ × ∴] ∵



عمل: چونکہ خانہ ۱۵ پر غور کیا تو اس میں شکل نصرہ الخارج سے آئی ہے قانون کے مطابق زائچہ کی شکل خانہ ۱ کو شکل خانہ ۵ سے ضرب دیں ایک شکل پیدا کریں۔ پھر شکل خانہ ۲ اور شکل خانہ ۶ کو ضرب دے کر دوسری مستخرجہ شکل پیدا کریں پھر دونوں مستخرجہ اشکال سے تیسری شکل بنائیں اس کی مثلث بنائیں۔

اب شکل ۱۵ سے آئی ہے قانون کے مطابق ۱ × ۵ = ☵ حاصل ہوئی پھر قانون کے مطابق ۲ × ۶ = ☲ پیدا ہوئی ہر دو اشکال کی ضرب سے (☵ × ☲) = ☲ پیدا ہوئی مثلث اس طرح بنی { ☲ ☲ ☲ } جس کو جدول احکام مثلثات میں دیکھا حسب ذیل حکم ہوا۔

خانہ ۱۵ جو میزان رمل ہے پر نظر رکھیں یہاں سے عمل شروع کریں

جواب: دوست مہربان ہو۔ عورتوں کے ساتھ عیش و نشاط ہو تعمیرات عمارت میں مصروف ہو، روزی حلال کی پیدا ہو راگ اور رنگ میں مشغول ہو۔ جدول مثلث میں اس کا حکم ملاحظہ کرلیں۔

احکامِ مثلث

	لحیان ستارہ مشتری، برج قوس
⁝ ☲ ⁝	سفر و نقل و حرکت جا بجا دنکوئی عاقبت اور واپس آنا ساتھ خیر و خوبی اور دعویٰ کرنے اور بعد مدت کے عزت کے ساتھ پہنچنا۔
⁝ ☲ ⁝	کشائش در کار ہائے اور طلب گرگشتہ و گم شدہ و قدم غائب اور نزدیک و عروس لیکن سفر کے لئے نامبارک ہے۔

۳		خرید و فروخت اور طلب عورت اور جمع ہونا کار خیر مثل شادی وغیرہ اور دعوئ شری و کشائش کسب و کار ہیں۔
۴		سفر نقل و حرکت ساتھ خیر و خوبی اگر سوال غائب یا جمعیت کا ہو تو مراد حاصل ہو مگر توقف سے۔ لیکن نکاح اور خرید و فروخت کیلئے مبارک ہے۔
۵		قبض سال زدیم از گفتگو دوستاں اور کار ہائے بزرگ کے کرنے یا نفع و تجارت مگر چیز ہائے ضائع شدہ جلد ہاتھ آئے بشرطیکہ شاہد سعد ہوں اگر نحس ہوں تو خصومت پیدا ہو۔
۶		کشائش و نیکی عاقبت اور خوشی دیکھنا بادشاہ سے اور محبت دوستاں اور امید برآوے ضائع شدہ دگر یختہ ہاتھ آئے غائب سلامتی سے ہو نکاح نیک ہو حاملہ سے پسر پیدا ہو غیر خوبی
۷		حاصل کرنے مال میراث اور جمعیت باہم دوستاں لیکن بیمار کیلئے منحوس ہے اگر سائل سفر کرے تو نقصان مال اٹھاوے۔
۸		سفر نقل و حرکت سبب مال و دعوئ مناظرہ کرنے مگر چیزیں ضائع شدہ حاصل نہ ہو۔ غائب ساتھ سلامتی کے آئے خرید و فروخت نیک مگر منفعت کم ہو۔
۹		دوستاں غائب کا پیغام خوش پہنچے عورت کی طرف سے متنکر ہونا ان کے مال و مقصود سے اور بیمار صحت پاوے۔
۱۰		سفر نقل و حرکت سے فائدہ ہو اور خرید و فروخت و غلام وغیرہ سے فائدہ ہو اور راحت حاصل ہو مگر بیمار کے واسطے منحوس ہے۔
۱۱		رنج و الم واسطے چہار پایہ و غلام و کنیز یا گریختہ یا برائے حاملہ نیز زندانی و جنگ و خصومت و جھگڑا اور مال میں خسارہ ہو۔
۱۲		بستگی کسب و کار و بدی احوال درمیان دوستان و برادران گفتگو برائے زن فاحشہ مریض

		کیلئے منحوس گریختہ ہاتھ نہ آئے آئے تو دیر سے، سفر نامبارک
۱۳		برائے ترویج و حصول مال و دولت وجاہ و عزت از جانب دوستان و بزرگان و کشائش کسب و کار از جانب بزرگان و حصول مراد۔
۱۴		ہر ایک امیدیں کامیابی و سہولت ہو اور حصول مال ساتھ خوشی کے جلد ہو اور تمام امیدیں دوستوں و معشوقوں سے حاصل ہوں اور سفر سے فائدہ ہو بزرگوں سے راحت ملے۔
۱۵		متفکر ہونا از جانب عورات و امراد ان و زیر دستان اور چہارپائے کے طلب کرنے ضائع شدہ اور کسی زن بزرگ قدر سے نکاح کرنا اگر قبض مال کا سوال ہو یا سفر کا تو مراد جلد حاصل ہو۔
۱۶		اگر سوال ملنے غائب یا ملاقات دوستان ہو تو مبارک ہے اگر بیمار کا ہو تو بیماری طول کھینچے اور متفکر ہونا واسطے سفر و قبض مال یا از جانب غائب و دوستوں کے

نخس ثابت **احکام مثلث** حمرہ برج حمل سیارہ مریخ

۱		جنگ و خصومت برائے مال اور پہنچنے جامہ سرخ کے اور بھاگ جانا آدمیوں کا اور جمع ہونا خویشوں کا اور خریدنا حیوان اور پینا شراب سرخ کا۔
۲		نقل و حرکت لشکر اور خوف و خونریزی اور خوف از بادشاہ و مردم بداصل اور خصومت و جنگ و جدل برائے قبض مال اور زیان ہونا خانہ ال بید
۳		غم واندوہ و جنگ و خصومت واسطے حصول مال و چہارپایہ کے بقول اہل مغرب ضمیر از حصول مال اور کشائش کسب و کار
۴		دعوا از میراث و نقصان مال و خریدنے غلام و نکاح نامبارک ہو مگر سفر کو منحوس ہے لیکن واسطے شرکت کرنے کے مبارک ہے۔

۵		حصول مراد جاہ و مرتبہ و کشائش رزق اور بادشاہ سے راحت حاصل ہو اور سفر مبارک و عیش و عشرت و عشق بازی اور غائب جلد پہنچے جو کام کریں مبارک ہو۔
۶		سفر و حرکت ساتھ خیر و خوبی اور راحت حاصل ہونا اور جلد پہنچنا عورت دوست کا اور کشائش کسب و کار اور حاصل ہونے مقصود دلی کے۔
۷		خرید و فروخت و نکاح و چیزیں ضائع شدہ جلد واپس آئیں اور غائب جلد پہنچے اور عیش و عشرت ساتھ غلام و کنیز کے کرنا۔
۸		سفر نقل و حرکت اور خبر خوش پہنچے از جانب دوستاں و زناں اور کشائش کسب و کار اور حاصل ہونے دلی تمنا کے۔
۹		جمع ہونا واسطے حصول مال ساتھ عورتوں کے اور عیش و راگ رنگ کرنا اور شراب پینا سفر میں تندرست رہنا و کشائش کارہائے لبتہ و شادی از جانب فرزندان
۱۰		بخوبی عاقبت و سفر مبارک اور چاہنا عورت اور کرنے تجارت اور حصول مراد از جانب معشوق و غائب خوش ہو اور مال تلف شدہ ہاتھ آئے۔
۱۱		واسطے نقل و حرکت و نقصان مال و بھاگنے بندگان و بستگی کار خوف بیمار و گفتگو جنگ و خصومت و واسطے مال میراث و ناسازگاری عورت کے۔
۱۲		نقصان مال و خیانت کرنا زیر دستوں اور پہنچنے غم و اندوہ گھر سوال نکاں کا ہو تو وہ عورت واسطے سائل کے درست نہیں اور سائل عشقبازی زن فاحشہ سے کرے۔
۱۳		ناسازگاری رفیقان و زیان مال و قتل سیاست بادشاہ و خوف ترس ہر ایک کام میں پیش آئے
۱۴		سفر و حرکت و بھاگنے بندگان و ضائع ہونے چہارپایہ و بیمار و حالم غرضیکہ ہر ایک

FREE AMLIYAAT BOOKS

		کام میں پریشانی ہو۔
۱۵		حاملہ کو پسر ہو خرید و فروخت و عقد و ترویج و خریدنے غلام اور غائب کے جلد پہنچنے ساتھ سلامتی کے۔
۱۶		نکوئی عاقبت اور قرض اور عیش کرنا ساتھ عورتوں کے و سفر و حرکت و کشائش کارہائے کے۔

۳ر سعد خارج احکام مثلث ☺ برج اسد ستارہ شمس

۱		بزرگوں سے مراد حاصل ہونا اور غائب بحالت خوش و خرم ہو اور کشائش کار اور سلامتی نفس و حرکت و سفر۔
۲		خرید و فروخت حیوان میں فائدہ ہو اور سفر از جانب حاکم اور بزرگوں سے راحت اور زیر دستوں سے مراد حاصل ہو۔
۳		کارہائے بستہ کشادہ ہوں اور جاہ و مرتبہ بلند ہو اور حیوان چہارپایہ کی خرید و فروخت میں فائدہ ہو۔
۴		نقل و حرکت و سفر عیش و عشرت و راگ رنگ دوستاں اور ضائع شدہ مشکل سے ہاتھ آئے اور بزرگوں سے فائدہ ہو مگر شوکت کے لئے منحوس ہے۔
۵		سعادت و کشائش کار کسب و سفر باخوشی و راحت از سفر اور بر آنے امید کے اور صحت یا نا بیمار کا۔
۶		سفر برائے حصول مال از حاکم وقت امید نفع کہ رکھنا اور عیش و عشرت و راگ رنگ و دعوتی کرنے اور کار خیر و دوست میں شامل ہونا۔
۷		حاکم وقت سے امید نفع کی رکھنا اور ملک و چہارپایہ خریدنا اور عورت کے چاہنے اور شریکوں سے مراد پانا اور قبضہ کرنے مال پر
۸		پیغام از جانب دوستان و خبر بزرگان اور سفر نقل و حرکت سے فائدہ ہو

		نکاح مبارک وکسب وکار میں کشائش ہو اور بیمار کو صحت ہو۔
۹		بزرگوں سے خوشی اور فائدہ حاصل ہو اور بعد تندرستی کے کشائش ہو اور صحت وسلامتی نفس وسفر مبارک ہو۔
۱۰		خوف از جانب بادشاہ اور عورتوں اور دوستوں سے خصومت اور مال میں خسارہ اور بیمار کی طرف سے خوف اور غائب رنج میں ہو۔
۱۱		حاصل کرنے مال وغلام وکنیز اور طلب کرنے عورتیں اور امداد مشکل بعد مدت کے حاصل ہو اور کشائش کسب وکار اور سفر جہت منشاء غائب سلامتی سے آئے
۱۲		سفر وحرکت وخصومت اور فساد اور دعوی مال وکشادن بکارت عیش عشرت کرنا ساتھ محبوب کے اور گریختہ وضائع شدہ ہاتھ آئے
۱۳		جنگ وخصومت ساتھ مردمان غیر اور کشائش کسب وکار اور حاصل کرنے مال اور یار نے مقصود اور شادی وعیش وعشرت۔
۱۴		ناسازگاری درمیان زن وشوہر ودوستان وغم واندوہ از جانب بزرگان و خرید وفروخت اور حاصل ہونے مقصود از جانب معشوق۔
۱۵		ظفر حاصل ہونے اور بر دشمن اور بلندی مرتبہ اور سفر وکشائش کار اور ضائع شدہ گریختہ جلد حاصل ہو۔
۱۶		بزرگوں سے عزت اور مال میراث حاصل ہو اور حاصل ہونے مراد بخوبی از زنان و ظفر بر دشمن مبارک ہو۔

۴	آبی سعد ثابت	احکام مثلث	برج سرطان ستارہ قمر

۱		جمعیت حاصل ہونے عورتوں سے اور عیش تماشا اور مرغ بازی کرنے بیچ باغ و بوستاں کے اگر شکل شاہد ہو تو مال ومراد حاصل ہو

۲		پیغام از جانب دوستان پہنچے جس سے خوشی ہو اور سفر دریا کہ جس میں منافع ہو اور خریدنے چہارپایہ و غلام۔
۳		حاصل کرنے مال و خریدنے چہارپایہ اور عیش کرنا ساتھ عورت فاحشہ کے اور خیانت کرنی زیردستوں اور نقصان ہونے مال کے۔
۴		ساتھ عورتوں اور شریکوں کے جنگ و خصومت ہو اور غائب پہنچے اور خط عورت کا آوے اور لواطت کرنے اور دوست کی طرف غم اور بزرگوں کی طرف سے خوف
۵		ضائع ہونے چہارپایہ اگر سفر ہو زیان مال۔ لیکن عشقبازی کے لئے عمدہ، بیمار صحت پائے اور فروخت کرنا بہ نسبت چیز خریدنے کے بہتر ہو۔
۶		ضائع ہونے چیز ہائے ملبوسات و غم واندوہ، از طرف فرزندان، لیکن بیمار شفا پائے۔
۷		مواصلت و مباشرت ساتھ عورتوں کے اگر ÷ شاہد ہو تو نقصان و جنگ و خصومت۔
۸		عورت کے چاہنے اور قطع کرنے عضو تناسل اور جمع ہونے عورتوں کے برسر زنجر وزن حاملہ اور پیچھے غائب یا گریختہ کے جانے کے واسطے سفر درپیش ہو۔
۹		کار بستہ کشادہ کشائش ہوں، معشوق سے خوشی اور دوستوں سے امداد ملے۔ اور ضائع شدہ ہاتھ آئے۔
۱۰		ہر کام مبارک ہو سفر و حرکت یا منفعت و عیش و تماشا، شادی کرنے اور جمع ہونے ساتھ زنان حسین و مہ جبیں کے اور راحت حاصل ہونے عورتوں سے۔
۱۱		عشقبازی و عیش و عشرت کرنے ساتھ زنان فاحشہ اور نقصان اٹھانے مال اور علیحدہ ہونے خویش و اقارب اور بیماری حاصل ہونے عورتوں سے۔
۱۲		سفر بے اختیاری پیش آئے فائدہ نہ ہو اور غم خواری از جانب بادشاہ، اور

		چغل غوری کرنے عورت اور حاکم کے۔
۱۳	⁝ ⁝ ⁝	سفر و حرکت از جانب بادشاہ پیش آئے اور کاروبار میں کشائش ہو اور حیوان سے راحت اور ضائع شدہ بمشکل ہاتھ آئے۔
۱۴	⁝ ⁝ ⁝	حاکم وقت سے خوشی و جاہ و مرتبہ بلند ہو اور طلب عورت اور عشقبازی سے مقصود حاصل ہو۔ زن حاملہ کے ہاں لڑکا ہو۔
۱۵	⁝ ⁝ ⁝	دزدیدہ جلد ہاتھ آئے اور سعادت و خیر و خوبی و کشائش کار و کسب اور خریدنے حیوانات قیمتی کے اور شراکت کرنے اور عورت چاہنے۔
۱۶	⁝ ⁝ ⁝	نیکی عاقبت اور حاصل کرنے مال اور غائب کے جلد آنے پر اور جو رنجش درمیان دوستوں کے ہو اس میں جلد صلح ہو جائے۔

نحس خارج — **احکام مثلث** — برج دلو سیارہ راہو

۱	⁝ ⁝ ⁝	سفر و حرکت بھاگنے بزرگان اور نقصان مال اور بھائی۔ تفرقہ درمیان دوستان اور ضائع ہونے چہار پایہ اور دیوانگی و حیرانگی لیکن برائے بیمار و محبوس نیک ہے۔
۲	⁝ ⁝ ⁝	خسارت مال اور تنگی روزگار، ضائع ہونے زر و مال اور چیزیں گمشدہ ہاتھ نہ آئیں مائل طرف عشق کے، عیش کرنا ساتھ معشوق کے، برائے صحت بیمار و وضع حمل حاملہ نیک ہے۔
۳	⁝ ⁝ ⁝	عیش و عشرت کرنے ساتھ معشوق کے، دوستوں کے، گفتگو از شریکان بجہت مائل کشائش کار اور انعام چاہنا بادشاہ سے، اور محبت زن و شوہر میں ہو۔
۴	⁝ ⁝ ⁝	ناسازگاری درمیان عورت و خاوند و شریکان، نقصان مال، بھاگنے، ضائع ہونے بندگان و چہار پایوں کے اگر شکل ⁝ خانہ چہارم میں ہو تو سائل بروز دوشنبہ اپنے ضمیر سے آگاہ ہو۔
۵	⁝ ⁝ ⁝	آموختن علم و ادب اور ملنے چیزیں ضائع شدہ کے، خریدنے چہار پایہ و املاک، شروع کرنے کام تجارت اور خبر راحت دوستان، منفعت حاصل ہونے برادران سے

۶		خریدنے چیز ہائے مختلف وحیوان کے اور حاصل ہونے خیر وخوبی ونقل وحرکت اگر بہ شکل اول ہیں ہر تو نحوی وکشائش کار وخوشی عیش وعشرت دوستان ضائع شدہ ہاتھ آئے تجارت سے فائدہ
۷		ہر ایک امید حاصل ہو مختلف چیزوں سے نفع ہو اگر شکل ⁝ خانہ ۲ میں ہو تو سائل بروز جمعہ کو حال ضمیر سے آگاہ ہو اور عیش وعشرت عشقبازی سے مراد حاصل ہو عالمہ کے پسر ہو
۸		جمع ہونے شادی وخوشی میں ونشتر وعیش وتماشا کرنے اگر زائچہ عورت کا ہو تو منحوس ہے، خسارہ کار اور بھاگنے بندگان، غائب دیر سے آئے۔
۹		سعادت وکشائش کار، فتح پانے دشمن پر، صحت بیمار اور آنے غائب پر، راحت حاصل کرنے عورتوں سے اور بنیاد رکھنی عمارت کی نیک ہے۔
۱۰		خلاصی پانے غم، حاصل ہونے راحت اور ملاقات دوستان، اگر بیمار صحت کے متعلق پوچھنا چاہتا ہے تو شفا ہو اور خبر دوستوں اور معشوق کی نیک ہے۔
۱۱		فتنہ وفساد درمیان دوستان، نقصان ہونے، حقیقی مرتبہ صاحب ضمیر، ناسازگاری شرکیان ورقیبان، تہمت وغم، جنگ بطلان سفر اگر سوال بیمار ہو خوف ہے۔
۱۲		نقل وحرکت بے فائدہ وجنگ وخصومت درمیان دوستان وخسارت مال وضائع ہونے چہارپایہ کے اور تنزل ہونے جاہ ومرتبہ میں، بستگی کار وکسب بدحالی ہونے غائب کے
۱۳		راحت از دوستان وعورتان، پہنچنے چہارپایہ مونث کے، کشائش کار وکسب، وسفر مبارک، پہنچنے خبر دوست یا غائب کے۔
۱۴		باعث مال دوستوں میں رنجش ہو، عالمہ بیمار ونازک حال ہو، اگر سوال سفر کا ہو تو مبارک، اگر شکل ⁝ خانہ (۲) میں ہو سائل بروز پنجشنبہ اپنے ضمیر سے آگاہ ہو
۱۵		گم جاہ ومرتبہ، پہنچنے غم واندوہ کے، بستگی کار، خسارہ ہونے مال، خوف بیمار اور خیانت کرنے کسی شخص اصل کے۔
۱۶		حاصل ہونے زحمت اور تنزل اور مرتبہ اور جدا ہونے خویش واقارب سے، اور

		خصومت وجنگ درمیان مردمان غیر کے اور متفکر ہونا جمع امورات میں۔

باد سعد ثابت	احکام مثلث	برج جوزا، ستارہ عطارد

۱		درمیان دوستوں کے سرداری اور عزت حاصل ہو اور حال بیمار کا خراب ہو۔ ضائع شدہ ہاتھ آئے اور خریدنے زر نقرہ و غلام کے۔
۲		درمیان دوستوں کے صلح ہو عیش و عشرت و راگ رنگ ساتھ عورتوں، لونڈیوں کے و کشائش کسب و کار، کسب نیکی شرکت و خلاصی بیمار
۳		شرکت و تزویج و خریدنے غلام و ضائع شدہ ہاتھ آئے اور خط وغیرہ از جانب غائب یا کسی عزیز یا دوست کا پہنچے یا وہ سفر سے آئے۔
۴		اکثر کاموں میں ناسازی اور غم و اندوہ و رنج پہنچے اور خیر و خوبی از جانب بزرگان کے اور پہنچنے غائب کے لیکن نکاح کرنا درست نہیں۔
۵		غائب ساتھ سلامتی کے پہنچے، نکاح مبارک ہو، سفر و حرکت سبب قبض و مال یا حیوان کے پیش آوے، کشائش کسب و کار حاصل ہو۔
۶		سفر و حرکت و کشائش کار اور ترقی مرتبہ اور دعویٰ کرنے مال اور بیمار صحت پاوے اور غائب ساتھ خوشی کے آوے
۷		نقل و حرکت اور آنے غائب کے، خرید و فروخت اشیاء مختلف و کشائش کار و نیکی عاقبت و مبارکی نکاح، عیش و عشرت، عشق بازی۔
۸		نقصان مال اور نکلنے خون کسی عضو سے، خریدنے زر و نقرہ و جامہ زنان اور پہنچنے غائب کے، خبر از جانب دوستان کے۔
۹		خریدنے چہار پایہ اور جمعیت حاصل کرنے قبض مال اور پہنچنے شخص غائب پیش آنے سفر دریا کے پیش آوے۔

۱۰		جمع ہونے آدمیوں اور عورتوں کا درمیان شادی و دعوی کرنے مالی میراث و بنیاد رکھنے عمارت اور محبت درمیان دوستوں کے۔
۱۱		سفر و حرکت و خیر و خوبی و کشائش و کارہائے و عیش و عشرت و عشقبازی جمع ہونے باہم دوستان اور ظفر پانے دشمن پر
۱۲		سفر کرنا ساتھ عورتوں کے اور خرید و فروخت اور راحت و نفع پانا اوپر دشمن اور صحت ہونا بیمار کو۔
۱۳		باعث تنگی سفر کرنا اور ضائع ہونے چہار پایہ و پارچہ جات اور متفکر ہونا از جانب فرزندان کے۔
۱۴		خریدنے چہار پایہ و راحت طرف حاکم اور خسارت ہونا مال میں اور عیش و عشرت و عشق بازی بخوشی کرنا اور صحت بیمار کے۔
۱۵		صحت و سلامتی نفس و قبض مال و کشائش کار اور خریدنے حیوان اور پہنچنے غائب یا کسی عزیز اور نیکی حاصل ہونے عورتوں سے۔
۱۶		سفر و حرکت و خیر و راحت اور کشائش کسب و کارہائے بستہ میں اور نکاح و شرکت و دولت محبوب۔

۷۔ خمس خارج — احکام مثلث — برج جدی، سیارہ کیتو

۱		نقصان مال و زیان ہونے چہار پایہ کے اور بستہ ہونے کاروبار اور جمع ہونے فتنہ و فساد میں اور سفر مکروہ پیش آئے۔
۲		ناسازگاری درمیان دوستان و زن و شوہر میں، سفر و حرکت اور دعوی کرنے کے۔
۳		بھاگنے بندگان و چہار پایہ کے و غم و اندوہ و خسارہ مال و خوف بیمار

		وتہمت وغائب کو رنج والم پہنچنے پر
۴		نقل وحرکت بجائے مطلوب وخسارت مال وپارچہ زنان وبستگی کسب وکار وتفکرات از جانب فرزندان ودوستان۔
۵		جز راحت وجمع ہونا ساتھ بزرگان کے اور تحصیل مال وعلم ونوکر رکھنے وراحت از دوستان
۶		جمع ہونا باہم دوستان اور طلب حاجت و پہنچنے مراد وچاہنے عورت اور عشق بازی کرنا اور راحت پانا حاکم ہے۔
۷		جدائی درمیان خاوند وعورت کے وجنگ وخصومت وزیان مال وخیانت بندگان وغم واندوہ وبستگی کسب وکار کے۔
۸		سفر وحرکت وضائع ہونے چارپایہ اور بھاگنے بندگان اور دعویٰ کرنا مال میراث اور مباشرت کرنا ساتھ عورت باکرہ کے اور خوف وخطر از جانب بزرگان
۹		سفر وحرکت از جانب بادشاہ اور راحت پانا کاروبار میں اور عزت ومرتبہ پانا اور حاصل ہونے امید کے۔
۱۰		کشائش کار وکسب وراحت از بادشاہ وزنان بزرگان اور حاصل ہونے مقصود اور عیش وعشرت اور صحت پانے بیمار کے۔
۱۱		خریدنے چہارپایہ اور راحت پہنچنے از جانب دوستان وعیش وعشرت کرنے اور امید کے حاصل ہونے پر
۱۲		جمعیت وعیش حاصل ہونے وسعادت کاروبار ونیکی عاقبت وخوشی جانب غائب اور مراد حاصل ہونے اور غائب کے جلد پہنچنے پر۔
۱۳		بباعث قبض مال رنج والم پہنچنے از جانب دوستان وزنان اور خوشی پہنچے اور زبردست خیانت کریں اور بیمار کی بیماری طول پکڑے۔

۱۴		دوستوں نیز عورتوں سے فائدہ پہنچے، مگر آخر میں بباعث مال رنج و فتنہ و فساد ہو اور خصومت پیدا ہو۔
۱۵		سفر و حرکت وابستہ ہونے کاروبار کے اور چاہنے عورت مگر حاملہ کا وضع حمل آسانی سے ہو اور بیمار دیر سے شفایاب ہو۔
۱۶		سعادت نکوئی عاقبت و کشائش کارہائے بستہ و خرید و فروخت و طلب کرنے عورت اور سفر نیک ہو۔

۸ نحس داخل — احکام مثلث ☰ — برج دلو سیارہ زحل

۱		سفر و حرکت بے فائدہ و مکروہ پیش آئے اور مسافر کا حال بد ہو مال میں خسارت اور بھاگنے بندگان اور خیانت کرنا زیر دستوں کا۔
۲		بستہ ہونے کاروبار اور جنگ و دعویٰ و متفکر ہونا جمیع امور اور نقصان مال لیکن بیمار کو خوف اور سفر میں پریشانی ہو۔
۳		کشائش ہونے کاروبار اور سفر و صحت و سلامتی نفس اور خرید و فروخت جوان سے فائدہ ہو اور غائب ساتھ خوشی و خرمی آئے۔
۴		سفر کرنا واسطے رزق کے و روزی کے، کاروبار بستہ ہوں، دعویٰ کرنے اور زن حاملہ اور بیمار کو خوف ہو۔
۵		قبض کرنے مال زر و سیم و چیز ہائے برنگ سرخ اگر شکل ☰ زائچہ میں بہت جگہ ہو تو خسارت مال اور اندیشہ پر دلالت کرتی ہے۔
۶		سفر و حرکت و قبض و مال کے کرنے اور طلب کرنے عورت اور خریدنے چہارپایہ اگر سوال واسطے حاصل کرنے جمعیت کے ہو سائل مراد کو پہنچے، مال و دولت زر و جواہر ملیں
۷		بستہ ہونا کاروبار و جنگ و خصومت اور گفتگو صورت مکارہ سے اور متفکر و

		پریشان ہونا بیمار و گریختہ کی طرف سے۔
۸		بدی احوال عاقبت اور زیان مال اور جدائی ہوئی دوستوں اور برادران سے اگر سوال باہم ملنے کا ہو ہرگز حصول مدعا نہ ہو۔
۹		سفر مکروہ بے منفعت نقصان مال پیش آوے چہارپایہ ضائع ہوں اور طبیب متفکر و پریشان رہے۔
۱۰		مردان بداصل سے جنگ و خصومت پیش آئے۔ اور غم و بیماری سخت ہو اکثر طبیعت از طرف زن متفکر و پریشان رہے۔
۱۱		مقدمہ بازی کرنا اور نقصان مال اٹھانا ساتھ عورت مکار فاحشہ کے اور متفکر ہونا اور خواب دیکھنا۔
۱۲		جمعیت و حصول مال ہونا اور غائب ساتھ خوشی کے ہو اور جلد آوے خریدنا حیوان کا مبارک اور منحوس ہو فروخت کرنا اور سفر نامبارک
۱۳		کسی دوست غائب کا خط و خبر خیریت کی پہنچے اور کسب و کار میں خرید و فروخت کرنا اور راز جانب فرزندان متفکر ہونا۔
۱۴		کشائش کسب و کار اور خبر راحت از جانب فرزندان و زنان کے پہنچے سفر نیک ہو اور غائب ساتھ خوشی و خرمی کے پہنچے۔
۱۵		نکوئی عاقبت و کشائش کار، راحت پانا بادشاہ سے اور خوف سے ہو اور طبیعت خوش و خرم رہے۔
۱۶		مراد حاصل ہو اور دوستوں سے خوشی ملے اور صحت و سلامتی نفس اور حصول محبوب و کشائش کاروبار۔

۹ نحس منقلب — احکام مثلث — برج جدی، سیارہ زحل

۱		سفر اور نقل و حرکت کی دلیل ہے فکر مندی کی نشانی ہے جو کسی بیمار یا کسی تلف شدہ شے کی وجہ سے ہو شرکا، کار یا عورتوں سے راحت ملے بھاگا ہوا آئے
۲		طلب عورت صحت بیمار یا غائب کیلئے متفکر ہونا، معاش کے حصول کیلئے سفر کرنا، دوست اور غائب کی خبر کا پہنچنا، دشمن کا مغلوب ہونا عمارت نو تعمیر کرنا مدلول ہے
۳		سفر یا طلب کرنا عورت کا اور مراد حاصل ہو عورتوں سے اور خرید و فروخت املاک اور مشغول ہونا عشق بازی میں۔
۴		دوستوں سے امید جو سائل رکھتا ہے پوری ہو، طلب عورت خیال طرف بیمار کے زیادہ رہے، عشق بازی میں نقصان مال ہو اور بیمار کو صحت حاصل ہو۔
۵		چیز ہائے ضائع شدہ کیلئے کوشش کرنا، طلب معشوق و سفر و حرکت، حاصل ہونے ناگاہ مال میراث و عورت کے۔
۶		وصل محبوب رگمشدہ کے واسطے حیران ہونا، کشائش کاروبار، علم و ادب حاصل کرنا واسطے جہار پایہ کے حاکم وقت سے مباحثہ کرنا اور ناکامی بالآخر کامیابی ہو
۷		واسطے حصول مال کے حاکم وقت سے مباحثہ کرنا، بزرگی پانا دیکھنا خوشی کا آخر میں تمام کام سائل کے بخیر و خوبی انجام پائیں۔
۸		واسطے نکاح یا غائب کے متفکر ہونا، سفر کرنا ساتھ خوشی اور منفعت کے حاصل ہونا مال کا کامیابی کے ساتھ بغیر کسی وسیلہ کے۔
۹		برائے نکاح یا صحت بیمار کے کوشش کرنا، سفر و حرکت برائے قبض مال و ملبوسات رنج پہنچنا دوستوں سے، عورتوں سے اور جنگ و خصومت و جدائی کی نشانی ہے۔
۱۰		صحت بیمار و اشیاء تلف شد کے معاملہ میں حیران رہنا اور مال میں خسارہ ہونا لیکن روزی حلال کی پیدا کرنا، عیش و مسرت از جانب زنان اور سفر با منفعت کرنا
۱۱		واسطے شغل و عمل کے کوشش کرنا، خرید و فروخت سے فائدہ اٹھانا، محبت

		ہونا ساتھ عورت کے اور غائب کا جلد پہنچنا
۱۲		خیال نکاح میں محو ہونا اور غائب سے ملنے کے لئے سفر کرنا کسی امانت میں خیانت کرنا، سائل کا اس سے جھگڑا اور غم و فکر کا پیدا ہونا۔
۱۳		سفر طلب زن اور مال حلال کیلئے متفکر ہونا، راحت از زنان، خوشی از جانب معشوق اور چہار پایہ کی خرید کے سلسلے میں جنگ و خصومت کا پیدا ہونا۔
۱۴		عشق بازی اور طلب کرنے عورت کے، خط و خبر از جانب دوستان پہنچنے اور جنگ و خصومت مال و زوید کے لئے پیش آئے۔
۱۵		حصول محبوب کیلئے محو ہو جانا، واسطہ حرام سے زر سرخ ہاتھ آئے، دشمن پر فتح حاصل ہونا، غائب ۲۸ دن کے اندر واپس آئے نہیں تو واپسی سالہا سال کیلئے ملتوی ہو
۱۶		واسطے رنجور و چیز گم شدہ کے متفکر ہو کشائش روزگار ہو، راحت و عیش حاصل ہو ساتھ عورتوں کے اور حصول مال کیلئے سفر ہو۔

۱۰۔ سعد داخل — احکام مثلث ☉ — برج اسد، سیارہ شمس

۱		حصول چہار پایہ، مال از دست رفتہ، حصول علم و ادب، سفر میں حیرانی ہو، سائل سر گردان ہو اور ضائع شدہ کا سختی سے حاصل ہونا۔
۲		سفر نقل و حرکت، زیر دستوں یا نوکروں کا بھاگ جانا، بیمار صحت پائے، حاملہ کا وضع حمل، بآسانی ہو اور خبر دوست غائب وصول ہو۔
۳		دعوی خرید و فروخت کے سلسلے میں ہو عورت کیساتھ عیش و عشرت ہو اگر شکل ۳ اول میں ہو تو سائل کو بروز یک شنبہ حالات ضمیر حاصل ہوں اور دوست سے راحت پہنچے
۴		قبض مال خرید و فروخت تجارت کریں، روزی جلد حاصل ہو، زیادتی محبت و ملاقات دوستاں حاصل ہو، شکل خانہ سوم میں ہو تو سائل کو بروز چہار شنبہ حالات

۵		عشق بازی کرنا اور ملنا درست کا، غائب پہنچ جائے، ۴۵ دن کے بعد شادی کا بیاہ کا ملے، امیدواروں میں خاطر خواہ کامیابی کی صورت بنے۔
۶		قبض کرنے مال، کشائش کار، مویشی سے راحت اور فائدہ حاصل ہو، ضائع شدہ ہاتھ آئے، غائب سفر سے واپس آئے ہو سفر مبارک ہو اور بزرگوں سے عزت ہو۔
۷		عبادات قلبی حاجات بر آئیں۔ کاربائے بستہ میں کشائش واقع ہو، عشقبازی کی طرف رجحان بڑھے، مقصود حاصل ہو، بیمار شفا پائے، غائب سے ملاقات ہو۔
۸		انعام و اکرام حاصل ہو، آقا مہربان ہو، ہر ایک مقصد دلی حاصل ہو، خرید و فروخت میں خاطر خواہ فائدہ حاصل ہو، بیمار شفا پائے۔
۹		عزت و مرتبہ حاصل ہو، بزرگوں کی عنایت ہو، غائب واپس آئے، نام و پیام ہو، سفر نیک ہو۔ بیمار کو دس روز خوف ہو۔ مددگاروں سے راحت ملے۔
۱۰		عزت و مرتبہ بزرگوں سے حاصل ہو، ضائع شدہ ہاتھ آئے، سفر نیک اور باہم عیش و عشرت ہو، دوستوں سے دشمن پر فتح ہو، بڑی ردوکد سے عورت ملے، غائب و عزیز سے ملاقات ہو
۱۱		کاروبار بستہ ہو، چہارپایہ ضائع ہو، زیردست خیانت کریں، دختر باکرہ کی شادی ہو، دوستوں سے عناد۔ اگر خانہ ۷ میں ہو تو سہ شنبہ کو حالات ضمیر سے آگاہی ہو
۱۲		فکر و اندیشہ از جانب شاہ اور اندام سے خون خارج ہو، شاید اگر نیک ہوں تو عزت، مرتبہ اور مال بے انداز حاصل ہو۔
۱۳		رنج و الم سے خلاصی حاصل ہو، بادشاہ سے خوشی و مرتبہ حاصل ہو کشائش کسب و کار میں ہو، بزرگوں کی حالت اچھی رہے، معشوق و محبوب سے فائدہ حاصل ہو۔
۱۴		فراخی روزگار، معاش اور فائدہ ہو، تجارت سے مال کی خرید ہو لیکن ضائع شدہ بمشکل ہاتھ آئے اور یاران و معشوق سے فائدہ حاصل ہو۔
۱۵		فرزندوں اور عورتوں کی طرف سے فکر لاحق ہو، مال کا نقصان، چہارپایہ کا نقصان

		دوستوں سے امید و شواری سے حاصل ہو، اگر سوال زن فاحشہ و لوطی کا ہے تو جلد حاصل ہو
۱۶		طلب مال میں سفر و حرکت اور اندوہ حاصل ہو خویش و اقارب سے جدائی ہو، فرزند کی ناسازگاری و بستگی روزگار اور جائی عاقبت کی دلیل ہے۔

۱۱ سعد منقلب — احکام مثلث ∴ — برج میزان، سیارہ زہرہ

۱		معاملات شادی کیلئے جمع ہونا اور حصول عیش و عشرت کی دلیل ہے اگر شواہد نحس ہوں تو جھگڑا فساد ہو، مال و دولت ضائع ہو اور ہر کام میں پریشانی ہو۔
۲		شرکاء سے مخالفت، عشق بازی، عیش و عشرت کرنا۔ لیکن زبان فاحشہ کے مال کا نقصان ہو۔
۳		سفر واسطے حصول مال حاصل ہونے ضائع شدہ کے، خریدنے حیوان کے، متفکر ہونا باعث بستگی، کاروبار کے، اور کسب معاش کے۔
۴		عیش و عشرت کرنا زن باکرہ کے ساتھ، ضائع شدہ کا دیر سے پتہ ملنا بشرطیکہ شکل ☌ شاہد ہو، احوال غائب کا معلوم ہو، غائب دیر سے آئے اور زن کے پسر ہو۔
۵		خرید و فروخت اور خرچ کرنا کار خیر میں، نفع پہنچنا غائب سے، خبر خوشی کی ملنا، اور آگاہی ہونا آمد دوستان سے۔
۶		مستورات سے لڑائی جھگڑا ہونا، بیماری فرزند کے باعث متفکر ہونا، محبوب کی خبر ناخوشی کی ملنا اور حیران و پریشان ہونا۔
۷		سفر و حرکت و کشائش کسب و کار کی دلیل ہے، دوستوں کے ساتھ معشوق عیش و عشرت ہو لیکن بیمار کے احوال کے متعلق یہ شکل مثلثہ منحوس ہے۔
۸		عورتوں سے مراد حاصل ہونا، ضائع شدہ مال حاصل ہو اور خرید میں فائدہ رہے گا۔

۹		پہنچنے غائب اور جمعیت حاصل ہونا عورتوں سے اور حاصل ہونا مال کا مستورات سے اور کھیلنا شطرنج و قمار بازی کا۔
۱۰		عورتوں کی وجہ سے مال کا نقصان ہونا اور لونڈیوں کے ساتھ عیش و عشرت کرنے کے باعث مال ضائع ہو اور ضائع شدہ بمشکل ہاتھ آئے۔
۱۱		حاصل ہونا ضائع شدہ کا اور پہنچنا غائب کا اور دوستوں کا اور اقربا کا دعویٰ و خصومت کرنا اور وضع حمل بآسانی ہو۔
۱۲		نکوئی عاقبت و کشائش کار و حصول مال اور پہنچنا غائب کا جلدی سے اور نکاح و شرکت نیک ہو۔
۱۳		جمعیت حاصل ہونا باہم دوستوں سے نکوئی عاقبت و کشائش روزگار کی دلیل ہے اور جمع ہونا کار شادی میں خوشی دل کے ساتھ۔
۱۴		تمام حاجتیں برآئیں، سفر مبارک ہو، راحت و کشائش روزگار حاصل ہو۔ ضائع شدہ ہاتھ آئے، دوستوں سے خوشی حاصل ہو۔
۱۵		سفر و حرکت برائے قبض مال، راحت از جانب حاکم، اشیائے تلف شدہ بمشکل ہاتھ آئیں۔
۱۶		سفر بخوشی پیش آئے، عورت کی طرف سے خوشی ہو، زیر دست غلام یا نوکر بھاگ جائے دوستوں سے فائدہ حاصل ہو۔

۱۲۔ سعد داخل احکام مثلث برج حوت، ستارہ مشتری

۱		سفر و حرکت کی دلیل ہے، غائب یا دوست کی طرف سے نامہ و پیام موصول ہو مرتبہ حاصل ہو مراد برآئے۔ دشمن پر فتح ملے۔
۲		کشائش کار کی علامت ہے بزرگی حاصل ہو، بیمار شفا پائے، زیر دست زیر ہو

۳		خوشخبری اور بہتری کی بشارت ہے، غائب اور مسافر وارد ہو، دوست و احباب جمع ہوں اور چوپایہ خریدا جائے۔
۴		مسرورات سے نیکی حاصل ہو، حیوان کے خریدنے سے نفع ہو، تنگدستی سے نجات ملے۔ کشائش کسب و کار ہو، خوشی و مسرت اور دوستوں کا قرب حاصل ہو۔
۵		کسی غائب یا محبوس کا پیغام پہنچے، کار ہائے بستہ میں کشائش ہو۔ ضائع شدہ چیز واپس ملے۔
۶		غائب واپس آئے، فائدہ حاصل ہو، حیوانات سے آرام ملے، بہتری کے سلسلے میں مضبوط ہوں، خوشی کے مجمع میں مسرورات جمع ہوں، سفر نیک اور پیش ہو۔
۷		مال و دولت حاصل ہو، چوپایہ خریدے، عورتوں سے سازگاری، عیش و عشرت، شراب نوشی میں مشغول ہوں، عورت حاملہ ہے تو ولادت فرزند کی خوشی ہو۔
۸		سفر درپیش ہو۔ نقل و حرکت کی دلیل ہے، غائب واپس آئے، ضائع شدہ چیز واپس ملے، تجارت میں فائدہ، دوستوں سے حصول مقصد۔
۹		سفر درپیش، گم شدہ شخص اور مال واپس ملے۔ عورتوں سے مراد حاصل ہو۔ زن فاحشہ سے مبتلائے عشق ہو۔
۱۰		مال ضائع ہو، لوگ گریز کریں، بیمار کی طرف سے خوف دعوائے میراث غائب بخیر و خوشی واپس آئے۔
۱۱		دوستوں کے جمع ہونے کی علامت، مراد حاصل ہو، مال و زر ملے، کشائش کاروبار، بیمار صحت یاب ہو، ضائع شدہ چیز ہاتھ آئے۔
۱۲		حصول دولت، عورتوں سے عیش خوشی، بزرگوں سے فیض رسانی، غائب واپس آئے، مبارک سفر پیش آئے۔
۱۳		کار ہائے بستہ میں کشادگی پیدا ہو، رنج و غم سے مخلصی کی خوشخبری،

		عیش عشرت، نیکی، حصول مطالب۔
۱۴		سفر و حرکت، غم واندوہ، کاروبار میں بندش و پستگی، پارچات ضائع ہوں۔ جملہ وسوادی امور سے فکر و تردد پیش ہو۔
۱۵		حیرانی و پریشانی درپیش ہو، مال وزر ضائع ہوں، حیوان خریدے عورت کی چاہت پیدا ہو۔
۱۶		سفر و حرکت پیش آئے، پارچات ضائع ہوں، غائب واپس آئے، کشائش کار زن و شوہر میں کشیدگی، فکر و تردد لاحق ہو۔

۱۳ نحس منقلب — احکام مثلث ÷ — برج حمل، ستارہ مریخ

۱		حاصل آدمیوں کی وجہ سے غم واندوہ اور نقصان مال وزر ہو، کارہائے مکروہ کا مرتکب ہو، عورتوں اور بدفعل لڑکوں سے دشمنی اور خصومت ہو۔
۲		سفر اور نقل و حرکت، ماتحت اور زبردست گریزاں ہوں، عورتوں کی وجہ سے فکر و تردد لاحق ہو، غائب کی طرف سے پریشانی ہو۔
۳		غم واندوہ لاحق ہو، مال و دولت ضائع ہو، کاروبار میں بندش، عورتوں کی حجت باعث پریشانی ثابت ہو۔
۴		عورت اور دوسرے لوگ ساتھ چھوڑ دیں، حیرانی اور پریشانی ہو، سفر نا مبارک پیش آئے، غائب کا حال ابتر ہو
۵		طلب مال یا تلاش غائب کے لئے سفر پیش آئے جس میں لوگوں کی مدد سے کامیابی ہو، پارچات کی خرید و فروخت میں خسارہ ہو۔
۶		دیان مال، اتلاف حیوان، صحت بیمار خوشحال و نفس، اگر سفر نزدیک ہو تو نقصان ہو۔

۷		خسارہ ہونا مال میں۔ جنگ وخصومت واقع ہونا، غائب اور بیمار کی حالت خراب ہو، گریختہ مشکل سے ہاتھ آئے اور واسطے کشادن بکارت کے یہ مثلث نیک ہے۔
۸		سفر کی طرف متوجہ ہونا۔ نقصان مال اور زیر دستوں یا نوکروں کا خیانت کرنا، اور جمیع امور اث میں متفکر ہونا۔
۹		امید دلی حاصل ہو۔ سفر میانہ پیش آئے اور کاروبار میں راحت و فائدہ حاصل ہو۔
۱۰		کشائش کار بستہ ہیں اور حیوان کا ہاتھ آنا۔ مراد کا حاصل ہونا، حسین وجمیل عورت سے عشق بازی کرنا اور خرچ کا زیادہ ہو جانا۔
۱۱		عورتوں یا کنیزوں سے عشق بازی کرنا، اپنی عمر عزیز کو اسی حال میں کھونا اور مقصود دلی کا حاصل ہونا۔
۱۲		سفر، مال و دولت کا نقصان، محبت، رومان، عشق بازی اور حصول معاش کے لئے متفکر ہونا۔
۱۳		سفر، راحت پانا حاکم وقت سے، بزرگان سے اور کوئی نیا کام شروع ہو ضائع شدہ ہاتھ آئے۔
۱۴		بزرگوں اور عورتوں سے راحت حاصل ہو، عورتوں سے عیش وعشرت کرنا اور حاملہ کے اولاد نرینہ ہو۔
۱۵		عورتوں سے خوشی حاصل ہونا، عشق بازی کرنا، خدمت آقا میں حاضر ہونا، غائب کا جلد پہنچنا۔
۱۶		سفر کا بے اختیار پیش آنا، کاروبار میں کشائش ہو اگر ☳ ہو تو جنگ وخصومت کی نشانی ہے اگر ☲ ہو تو جملہ امور میں کامیابی ہو۔

۱۴ سعد داخل	احکام مثلث	برج ثور، سیارہ زہرہ

۱		شادی اور دوسرے نیک کاموں کا ہونا، کاروبار میں کشائش اور سعادت حاصل ہو، باہم دوستوں کے ساتھ عیش و تماشا کرنا اور ہر کام میں خوشی ملے۔
۲		سفر کرنا اور حیوانات کی تجارت کرنا، تقسیم وراثت کے لئے جمع ہونا اگر شکل شاہد ہو تو جنگ و خصومت پیش آئے۔
۳		مال دست رفتہ کے لئے گفت و شنید کرنا، کاروبار میں بستگی کا واقع ہونا، زن منکوحہ اور دوستوں سے ناسازگاری ہونا۔
۴		کسی شخص کا خیانت کرنا اور مال کا نقصان ہونا، زنان فاحشہ کے باعث تو تو میں میں ہونا اور بیماری کا طول پکڑنا۔
۵		کاروبار میں کشائش واقع ہونا، بیمار کو صحت ہونا، عورت کا طلب کرنا، چہار پایہ کا خریدنا۔ دعویٰ مال میں الجھنا، سفر کیلئے یہ مثلث نامبارک ہے۔
۶		سفر اور نقل و حرکت، چہار پایہ کا نقصان ہو۔ وزیدہ مال ہاتھ نہ آئے لیکن خرید و فروخت میں نفع ہو۔
۷		خوشی و خرمی از جانب معشوق و زنان حاصل ہو۔ اگر شاہد ہو تو جنگ و خصومت نقصان مال و دولت ہو ورنہ حصول مراد کی یہ مثلث نشانی ہے۔
۸		سفر اور نقل و حرکت کی دلیل ہے، پارچات کے باعث جنگ و خصومت پیش آئے۔ لیکن نکاح کے لئے مبارک ہے۔
۹		سفر وسیلۂ ظفر بنے۔ حیوانات کی تجارت میں نفع ہو۔ بزرگوں سے راحت ہو۔ عورتوں اور دوستوں سے مراد حاصل ہو۔
۱۰		حصول مال، روزی اور رزق فراہم ہو، کاروبار میں کشائش ہو خرید و فروخت

		میں نفع ہو۔ ضائع شدہ ہاتھ آئے۔
۱۱		غم و اندوہ کا لاحق ہونا۔ مال میں خسارہ ہو۔ کوئی عورت، زیردست، لونڈی غلام نوکر وغیرہ امانت میں خیانت کرے کاروبار بستہ اور حکومت کی طرف سے خوف خطرہ لاحق
۱۲		سفر و حرکت از جانب حکومت لاحق ہو، حیوانات کی تجارت میں نفع حاصل ہو لیکن بیمار کے لئے خطرہ ہے۔
۱۳		غائب اور بیمار کی حالت ابتر ہو، ہر طرف سے غم و اندوہ لاحق ہو۔ مال میں خسارہ ہو، چوپایہ کا نقصان ہو، یہ مثلث طلب زن کیلئے نامبارک ہے۔
۱۴		مال و دولت کیلئے سفر اور نقل و حرکت، پارچات کیلئے دعویٰ کا پیدا ہونا اور ہر ایک معاملہ میں ناسازگاری پیدا ہو۔
۱۵		مال و دولت کا نقصان ہو، سفر میں غائب کا حال ابتر ہو، عشق بازی اور عیش مبارک ہو۔
۱۶		بیمار کیلئے باعث پریشانی و رنج ہے، ہر کام میں حیرانی و پریشانی لاحق ہو حکومت وقت سے دشمنی واقع ہو۔

۱۵ سعد منقلب — احکام مثلث — برج سرطان سیارہ قمر

۱		عزت، مرتبہ و سعادت حاصل ہو سفر سے مقصد برآری ہو اور غائب اچھی حالت میں ہو۔
۲		حصول مال اور سلامتی مسافر کی خوشخبری ملے، مستورات سے فائدہ حاصل ہو خرید و فروخت میں بے اختیار روپیہ صرف ہو۔
۳		غم و اندوہ، کاروبار میں بستگی، مقصد ہاتھ سے نکل جائے، دوستوں سے ناسازگاری ہو

۴		جنگ و خصومت، مال میں خسارہ ہو، چار پائے ضائع ہوں، فاحشہ عورتوں سے عشق بازی میں کسی بدکار مرد کے ہاتھوں غم اور نقصان ہو۔
۵		سفر و حرکت، قبض مال، بندش کاروبار، بیماری طول پکڑ جائے، مگر انجام بخیر ہو۔
۶		ہر ایک امر میں خوشی و خورمی، سعادت اقبال، کشائش کاروبار، کوئی غائب واپس آئے اور اس کے باعث مال میں خسارہ ہو۔
۷		خرید حیوان سے نفع ہو، کشائش کاروبار ہو، ضائع شدہ حاصل ہو بیمار شفایائے۔
۸		عیش و عشرت، عشق بازی، بزرگوں سے نیکی و سعادت حاصل ہو۔ دلی مراد بر آئے۔
۹		جنگ خصومت کی نشانی ہے، کوئی چوٹ لگے، خسارہ مال و دولت کی دلیل ہے، یہ مثلث سخت منحوس ہے۔
۱۰		زیان مال و دولت، بوجہ چوری، کارہائے مکروہ، شراب نوشی کی لت پڑ جانا۔
۱۱		مستورات جمع ہوں، جنگ و خصومت کا ظہور ہے، منقلب حالات کی دلیل ہے۔
۱۲		مختلف سفروں کا پیش آنا، خرید و فروخت حیوانات، مبتلائے عشق ہو، غائب واپس آئے۔
۱۳		خیر و خوبی، حصول راحت و آرام، سفر سے مقصد براری، گم شدہ و ضائع شدہ واپس ملے۔
۱۴		محبوب سے خوش دلی و سازگاری، عورتوں اور دوستوں سے خوشگوار

		تعلقات، غائب واپس آئے، ضائع شدہ چیز ہاتھ آئے۔
۱۵		کاروبار کی بندش و بستگی، کشتی کا سفر، حاملہ کی وجہ سے خوف و تردد
۱۶		عورتوں کی صحبت میں راگ رنگ و مصروفیت، مالِ میراث یا حیوان کی یافت کے لئے دعویٰ کرنا۔ کسی چیز کا ملنا۔

۱۶۔ سعد ثابت — احکام مثلث — برج سنبلہ، سیارہ عطارد

۱		جنگ و خصومت واقع ہونا، لوگوں کے ہجوم کی دلیل ہے، دوستوں سے ملاقات ہو اور خوشدلی حاصل ہو۔
۲		کشائش کاروبار، بزرگوں سے فیض و راحت حاصل ہو، عورت کی چاہت ہو پیش حکام دعویٰ کرے، سفر درپیش ہو۔ علم و ادب حاصل ہو۔
۳		محبوب سے ملاقات ہو، عیش و عشرت میں مشغول رہے، غائب دوست سے پیغام اور خوشخبری پائے۔
۴		خوشخبری ملے، بزرگوں سے راحت و خوشدلی حاصل ہو، امید بر آئے، دو شاہان وقت کے درمیان جنگ و جدل ہو۔
۵		حیوانات خریدے، بزرگوں سے ملاقات، بزرگوں سے راحت و خوشدلی، مجمع عیش و عشرت، سفر و منافع کی دلیل ہے۔
۶		دوست مہربان ہو، عورتوں کے ساتھ عیش و نشاط۔ تعمیر عمارت میں مصروف ہو، روزی حلال پیدا کرے، راگ و رنگ میں مشغول ہو۔
۷		فاحشہ عورتوں سے مقصد حاصل ہو، مال و حیوان ضائع ہوں، بیکاری ہو، جلنے سے نقصان پہنچے، کاروبار کی بندش، جنگ و خصومت

۸		عورتوں سے مقصد براری ہو، عیش و عشرت اور راگ و رنگ میں مشغولیت عشق میں مبتلا ہو۔
۹		غم واندوہ، مال و دولت میں خسارہ، حیوانات ضائع ہوں، اگر شکل ÷ کی تکرار ہو تو جملہ امور زندگی میں حیرانی و سرگردانی ہو۔
۱۰		ضائع شدہ بمشکل ہاتھ آئے، پریشانی حاصل ہو۔ دختر کے نکاح سے خوشی ملے، حاکم سے حاجت براری ہو۔
۱۱		سفر پیش آئے، دوستوں سے ملاقات ہو۔ محبوب سے قرب حاصل ہو۔ پارچات ضائع ہوں۔
۱۲		خرید و فروخت مال حاصل ہو، کشائش کاروبار، عیش و عشرت، عورتوں سے قرب حاصل ہو۔
۱۳		رنج و غم، دشمنی و خصومت، سفر لاحاصل درپیش ہو، جملہ امور میں فکر و تردد ہو۔
۱۴		بشارت خیر و خوبی، کشائش کاروبار ہو۔ مراد بر آئے، مبتلائے عشق ہو، غائب بخوشی و کامیاب واپس آئے۔
۱۵		غم واندوہ میں مبتلا ہو۔ مال اور چوپائے ضائع ہوں، کسی دوشیزہ سے حرام کاری کرے۔
۱۶		مواصلت معشوق و عیش و عشرت کرنا اور جمعیت حاصل کرنا اور خط خبر از جانب دوست غائب پانا۔

نوٹ: مثلث بنانے کا نہایت آسان کلیہ ہے اس پر غور کریں مکمل زائچہ بنائیں۔ اس میں شکل ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ پر غور کرنا۔ دائیں طرف ۱۳، درمیانی شکل ۱۵، بائیں طرف ۱۴

۱۳ ۱۴ ۱۵ اس طرح مثلث بنائیں اور پھر احکام لگائیں

سبق نمبر ۲۳

متحصلہ کے حل کرنے سے پہلے چند قواعد اور قوانین پر عمل ضروری ہے۔

عنصر کے خانے اور اس کے گواہ کو دیکھیں۔ نقشہ سے دوست دشمن

خانہ	۱	۲	۳	۴	خانہ	۱	۲	۳	۴
آتشی خانہ	۱	۵	۹	۱۳ گواہ	نام	آتش	باد	آب	خاک
بادی خانہ	۲	۶	۱۰	۱۴ گواہ	مساوی	خاک	آب	باد	آتش
آبی خانہ	۳	۷	۱۱	۱۵ گواہ	دشمن	آب	خاک	آتش	باد
خاکی خانہ	۴	۸	۱۲	۱۶ گواہ	دوست	باد	آتش	خاک	آب

نحس اشکال:

سعد اشکال:

اشکال شمس: ، سعد اشکال مشتری ، سعد اشکال زہرہ

سعد اشکال عطارد ، ممتزج | اشکال قمر سعد ہیں۔

اشکال راس و ذنب نحس اشکال مریخ

نحس اشکال زحل نحس ہیں ان اشکال کو سیار گار کو ہم مزاج یا ہم سٹار کہتے ہیں

قبل ازیں لکھ چکا ہوں مزید دوبارہ وضاحت کرتا ہوں۔ سعد داخل جب کسی خانہ سعد میں آتی ہیں تو حصول مراد کا اظہار کرتی ہیں اور جب کسی نحس خانہ میں آتی ہیں تو اس کی نحوست میں کمی کر دیتی ہیں، داخل اشکال سے حصول مراد کی دلیل ہے۔

سعد خارج اشکال: ان کا تعلق خارجی امور سے ہے جیسے سفر وغیرہ، یہ اشکال

نحس خانوں میں نحوست کو خارج کرتی ہیں بمطالقت خانہ کی منسوبات کے اور روپیہ کا اخراج بخوشی یا اپنی مرضی سے ہونا، سعد خانوں میں خارجی امور میں بہتری پیدا کرتی ہیں اور حصول کے کاموں میں ناکامی یا خود ترک کر دیتا ہے یعنی سوال حصول کا ہو اور شکل سعد خارج کرے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ سائل اس کام کو خود بخود ترک کر دے گا۔

سعد منقلب: یہ اشکال دلیل بخوشی کرنے اور جانے کی ہے سعد داخل شکل دلیل آنے کی اور سعد خارج شکل دلیل بخوشی جانے کی اور سعد منقلب دلیل بخوشی آنے اور جانے کی منقلب اشکال خارج کا حکم رکھتی ہیں۔

سعد ثابت: یہ اشکال حصول مراد خارجی یا داخلی دونوں میں رکاوٹ مال ظاہر کرتی ہیں اگر سوال حصول کا ہو تو اس میں توقف ظاہر کرتی ہیں اور اگر سوال خرچ کا ہو تو اس میں ناکامی کو ظاہر کرتی ہیں۔ دلیل توقف اختیار کرتی ہیں اس طرح نحس اشکال غیر اختیاری افعال کی مظہر ہیں مثلاً نحس داخل حصول مراد میں قدرتی طور پر تکلیف ظاہر کرتی ہیں نحس ثابت خود بخود توقف یا رکاوٹ ڈالے گی نحس منقلب خود بخود دلیل بہ امر مجبوری آنے جانے کی ہے۔ یہ مختصر سا خاکہ میں آپ کی خدمت میں پیش کر چکا ہوں جو میرا برسوں کا تجربہ اور مشاہدے کا نچوڑ ہے۔

ع تیری ایک لمحے کی جستجو میری عمر بھر کی تلاش ہے

قانون رمل ۔ ۱

رمل میں سولہ خانے ہوتے ہیں لیکن جواب بارہ خانوں کی روشنی میں دیا جاتا ہے۔ باقی چار خانے گواہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ آتشی خانوں کا گواہ بھی آتشی اور باری خانوں کا گواہ بھی باری۔ آبی خانوں کا گواہ بھی آبی اور خاکی خانوں کا گواہ بھی خاکی خانہ ہوتا ہے یہاں اس امر کی پھر وضاحت کر دوں کہ ۱، ۵، ۹ کا گواہ بھی خانہ ۱۳ ہوگا ۲، ۶، ۱۰ کے خانوں کا گواہ خانہ ۱۴ ہوگا ۳، ۷، ۱۱ خانوں کا گواہ خانہ ۱۵ ہوگا اور اسی طرح ۴، ۸، ۱۲ خاکی خانوں کا گواہ بھی خاکی خانہ ۱۶ ہوگا۔

قانون نمبر ۲

زائچہ کے تیار ہونے کے بعد سب سے پہلے تو سوال کی نوعیت کو دیکھنا ضروری ہے کہ سوال کس قسم کا ہے اور اس کا تعلق زائچہ کے کس خانہ کے ساتھ ہے۔ سوال کی نوعیت کے بارے میں علماء دل نے چار اقسام کا اظہار کیا ہے

۱۔ کیا یہ سوال خروج کا ہے ؟
۲۔ کیا یہ سوال دخول کا ہے؟
۳۔ کیا یہ سوال انقلاب کا ہے ؟
۴۔ کیا یہ سوال ثبوت کا ہے ؟

جب سوال کی حقیقت کا علم ہو جائے تو اس کے بعد اس سوال کے متعلقہ خانہ پر غور کریں اس میں جو شکل آئی ہے اس کی حالت کیسی ہے کیا وہ شکل خانہ میں باقوت ہے یا کمزور ہے پھر آپ نے یہ دیکھنا ہے کہ داخل' خارج منقلب یا ثابت ہے اگر یہ شکل آپ کے سوال کے مطابق ہے تو دلیل حصول مراد ہے اس شکل کا باقوت ہونا ضروری ہے اب دیکھیں کہ فرض کیا کہ سوال خانہ ۵ ہے اور اس میں شکل ☍ قبض الخارج مالک خانہ ۱۱' برج دلو اور ستارہ را ہو بد خارج ہے عنصر آتشی ہے آتشی خانہ میں آئی ہے اور اس کا عکس خانہ ۱۴ میں ہے' خانہ بادی ہے شکل نیک ہے اس لئے حکم دیا کہ سائل کی امید پوری ہو گی' انشاءاللہ

پھر سمجھ کہ سوال خانہ ۵ سے ہے' خانہ آتشی ہے اس کا گواہ خانہ ۱۲ ہے اس میں شکل ☌ نصرۃ الداخل' برج حوت اور ستارہ مشتری سے نسبت رکھتی ہے نیک داخل ہے اس لئے دوسری دلیل کامیابی ہے۔



هو العلیم الخبیر



قانون نمبر ۳

زائچہ تیار کر کے دیکھیں کہ سوال کس قسم کا ہے اور زائچہ کے اندر سعد داخل اشکال زیادہ ہیں تو دلیل مراد کی ہے

اگر خارج اشکال زیادہ ہوں تو ناکامی کی نشاندہی کرتے ہیں اب زائچہ پر غور کریں اور تلاش کرنے سے سعد داخل اشکال کا غلبہ ہے اور سوال سائل کے حصول کا ہے تو بڑی دلیری سے کہہ دیں حصول مراد ہوگی اور یقینی ہوگی۔

قانون نمبر ۴

سوال کی نوعیت دیکھنے کے بعد اس شکل صاحب خانہ، مقصد کی قوت اور سعادت دیکھیں۔ اگر یہ شکل اس لحاظ سے مضبوط ہے تو پھر اشکال خانہ ۱۳، ۱۴ گوا ہ دیکھ کر سعادت وقوت کو مدنظر رکھ کر خانہ ۱۵ کو قاضی و حاکم مقرر کر کے اس طرح حکم لگائیں کہ سوال حصول کا خانہ ۱۳، ۱۴ سعد داخل ہیں اور حاکم خانہ ۱۵ بھی سعد داخل ہو اور آخری نتیجہ شکل خانہ ۱۶ بھی داخل ہو تو دلیل حصول مراد کی ہے اگر حکم خروج میں حالت اس کے برعکس کا سمجھیں مثلاً زائچہ مذکورہ بالا میں سوال بہبودی طالع کا ہے شکل خانہ مقصد خانہ ۱ میں شکل ☵ نصرۃ الداخل برج حوت اور ستارہ مشتری نیک داخل ہے۔ مرکز آتشی میں ہے۔ مضبوط ہے شکل خانہ ۱۳ ☶ عبدۃ الداخل برج ثور ستارہ زہرہ سے تعلق رکھتی ہے نیک داخل شکل گواہ بھی مضبوط ہے لیکن گواہ شکل ۱۴ نحس داخل کمزور ہے شکل حاکم ☳ بادی مرکز آب میں ہے بلحاظ صاحب سکن اپنے گھر کی ہے خانہ ۱۶ سعد داخل ہے اس لئے جواب دیا کہ مراد پوری ہوگی مگر تھوڑی پریشانی ضرور ہوگی۔

قانون نمبر ۵

یہ دیکھیں سوال کا تعلق کس خانہ سے ہے خانہ سوال کو اس کے

اگلے خانہ کی شکل سے ضرب دے دیں اس طرح تیسری شکل پیدا کریں اس شکل کو زائچہ میں دیکھیں کہ کہاں ہے اور اس کی کیفیت کیسی ہے۔ بلحاظ سعادت ونحوست کے اب دیکھیں کہ گزشتہ زائچہ دوبارہ نظر کریں خانہ ۵ پر غور کریں سائل کا سوال محبوب کے بارے میں ہے اور محبوب کا تعلق خانہ ۵ سے ہوتا ہے خانہ ۵ میں شکل ☰ جماعت آئی ہے اس خانہ کا اگلے خانہ ۶ شریک خانہ ہے خانہ ۵ اور ۶ کو آپس میں ضرب دیں { ☰ × ☷ } سے تیسری شکل ☳ پیدا ہوئی۔ جس کا نام عبدۃ الداخل ہے برج ثور اور ستارہ زہرہ سے تعلق رکھتی ہے نیک داخل شکل ہے اس شکل کو زائچہ میں دیکھا تو خانہ ۶ اور خانہ ۱۱ میں سعادت رکھتی ہے دلیل حصول مراد ہے۔

قاعدہ نمبر ۶

یہ ہے کہ زائچہ کی امہات کی اشکال کو بنات کی اشکال سے بالترتیب ضرب دیں اور ایک الگ زائچہ بنائیں۔ اور اسی زائچہ کے خانہ ۱۵ میں ملاحظہ کریں کہ شکل ☰ جماعت کن دو اشکال سے مل کر بنی ہے اگر یہ شکل خارج اشکال سے مل کر بنی ہے تو حصول مراد ہے۔ خروج کے کام میں اور داخل اشکال سے مل کر بننے سے حصول کے کاموں میں حصول مراد کی دلیل ہے اب میں اس کی مثال زائچہ سے دیتا ہوں مثلاً سائل نے سوال کیا میرا سفر ہوگا؟

زائچہ نمبر ۱



حل:



FREE AMLIYAAT BOOKS ....pdf

هوالعلیم الخبیر



زائچہ ۲ ، نیا زائچہ

اضراب اشکال

۱ × ۵ = ۲ × ۶ = ۳ × ۷ = ۴ × ۸

زائچہ دوم کی امہات بنا کر زائچہ مکمل کیا۔

اب دیکھیں خانہ ۱۵ ☰ شکل ، دو اشکال

۱۳ ☶ × ۱۴ ☷ ☰ حاصل ہوئی۔

لیکن ہم زائچہ اول کی شکل ۱۵ سے حکم لگائیں گے اس بات کو یاد رکھو شکل خانہ ۱۵ میں آئے گی وہ اشکال دوسرے زائچہ کے خانہ ۱۳ ، ۱۴ میں آئیں گی۔ اب حکم کیلئے پہلی شکل کو مدنظر رکھیں گے زائچہ اول میں شکل ۱۵ عقلہ برج جدی اور ستارہ زحل سے نسبت رکھتی ہے اور یہ شکل بدمنقلب ہے اس لئے سائل کو جواب دیا سفر میں پریشانی اور زائچہ ۲ کے میزان سے بھی حکم لگانا اسی نتیجہ کا ہی مظہر ہے جو زائچہ دوم سے اخذ ہوتا ہے۔

قاعدہ نمبر ۷

یہ ہے کہ آپ کے مقصد کے خانہ کی شکل اور خانہ ۱۴ کی شکل ایک ہی ہوں تو مقصد میں کامیابی ہوتی ہے اگر اختلاف ہو تو زائچہ کی اشکال امہات کے مراتب آتشہ شکل اول مراتب باد شکل دوم سے آب سوم سے اور خاک چہارم سے ایک شکل بنائیں پھر اشکال بنات سے خاک پنجم ، آب ششم ، باد ہفتم اور آتش ہشتم سے دوسری شکل بنائیں پھر ان دونوں اشکال کو ضرب دے کر تیسری شکل حاصل کریں اس شکل کو خانہ مقصد کی شکل سے ضرب دیں اور اس شکل کو زائچہ میں دیکھیں اور اس کے مطالب سوال کا جواب اخذ کریں اوپر کے قانون کی وضاحت کیلئے مثالی زائچہ پیش ہے

هوالعلیم الخبیر



امہات:

۱۔ ⋮ شکل کے مراتب آتش میں نقطہ ہے۔
۲۔ ⁝ شکل کے مراتب باد میں لکیر۔
۳۔ ⁘ شکل کے مراتب آب میں نقطہ۔
۴۔ ÷ شکل کے مراتب خاک میں نقطہ۔

جس سے ÷ شکل ملی اسی طرح بنات سے ⋮ ، دونوں کو ضرب دیا ÷ × ⋮ = ⁝ شکل حاصل ہوئی۔ خانہ مقصد خانہ ۵ میں ÷ عقلہ ہے، اب ⁝ × ÷ = ⁘ فرع ملی جو منسوب ہے اولاد سے اور خانہ ۵ میں موجود ہے اور باقوت ہے شکل باری خانہ آتشی میں باقوت ہے اس لیے کہا کہ اولاد نصیب میں ہے مگر ملے گی تاخیر سے۔

قانون نمبر ۸

خانہ سوال کو دیکھیں اور پھر گواہ کو دیکھیں یہ دونوں اشکال ایک دوسرے کیلئے گواہی دیں تو مراد برآئے گی اس قانون میں خانہ ۱ کا گواہ خانہ ۷، خانہ ۲ کا گواہ خانہ ہشتم، خانہ ۳ کا گواہ خانہ ۹، اور خانہ ۴ کا گواہ خانہ ۱۰، علی ہذا القیاس خانہ ۷ کا گواہ خانہ ۱۳ خانہ ۸ کا گواہ خانہ ۱۴، خانہ ۹ کا گواہ خانہ ۱۵ اور خانہ ۱۰ کا گواہ خانہ ۱۶ ہے۔ خانہائے ۱، ۷ اور ۱۳، یہ تینوں خانے مقصد سے تعلق رکھتے ہیں۔ خانہ ۲، خانہ ۸، خانہ ۱۴، یہ سب مال موجودہ، مال غائب و مال میراث کے ہیں۔ خانہ ۳، خانہ ۹ و خانہ ۱۵ یہ سب متعلق سفر نزدیک و دور سے ہیں۔ خانہ ۴، خانہ ۱۰ اور خانہ ۱۶ متعلق سفر نزدیک و دور سے ہیں۔ خانہ ۵ اور خانہ ۱۱ مروت و محبت سے متعلق ہیں۔ خانہ ۶، خانہ ۱۲ غم رنج اور حزن و ملال کے ہیں۔ اس کی مزید تفصیل یہ ہے کہ ایک سائل نے دریافت کیا ہے کہ مجھے سفر پیش آئے گا؟ اس سوال کے جواب کے لئے ذائچہ کشید کیا۔

هوالعلیم الخبیر

۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
					⁝		÷

خانہ ۹ ⁝ اجماع آئی ہے
برج اس کا جوزا ستارہ عطارد ہے

نیک ثابت شکل بارہے خانہ آتشی میں آئی ہے اور گواہ اس کا خانہ نمبر۳ ☲ نصرۃ الداخل جبکہ برج حوت اور ستارہ مشتری ہے نیک داخل شکل ہے عنصر آب ہے خانہ آب میں آئی ہے یاقوت ہے حصول مقصد امور خارجہ سے ہے اور اشکال خانہ مقصد میں داخل ہیں اس لئے کہا کہ سائل بخوشی ارادہ سفر ترک کردے گا۔ اگر سوال حصول روزگار و مکان وغیرہ کا ہو تو اس سلسلے میں اشکال خانہ ۳ و خانہ ۱۰ ہیں اشکال سعد داخل کا ہونا دلیل حصول مراد ہے۔

مذکورہ بالا قانون کو ذہن نشین کرانے کے لئے ایک مثال پیش کرتا ہوں۔



سوال روزگار کا ہے؟

جواب کیلئے خانہ ۳، خانہ ۱۰، خانہ ۱۲ میں اشکال یہ ہیں ☶ ☲ ☶

دو اشکال سعد خارج ہیں اور ایک شکل سعد ثابت کمزور ہے جواب سائل کو دیا روزگار آپ کا نہیں لگے گا ویسے بھی زائچہ بند ہے۔ دوسرا حکم: سائل کو کسی کام میں مفاد نہ ہوگا۔

هوالعلیم الخبیر



قانون نمبر ۹

یہ شکل خانہ مقصد کا ماضی اور مستقبل دیکھ لیں اور اشکال کی سعادت و نحوست کے مطابق احکام لگائیں اس قانون کی روشنی میں زائچہ کشید کرتے ہیں۔ اسے سمجھو اور اس پر غور کرو۔

خانہ ۱ طالع ہے یہ حال نفس اور ارادہ اور حرکت ہے اس میں شکل ☳ قبض الداخل ہے برج اسد ستارہ شمس ہے نیک داخل ہے دلیل سعادت کی ہے تیسرا طالع نیک ہے اس شکل میں نقطہ ہا

هوالعلیم الخبیر



ہے جو اپنے موافق مرکز میں ہے باقوت ہے اور نقطہ خاک جو باد کا مخالف ہے موجود ہے شکل عنصر خاک سے تعلق رکھتی ہے خاک مرکز آتش میں عجلت پیدا کرتی ہے اس لئے سائل سے مندرجہ بالا شواہد کو مدنظر رکھتے ہوئے کہا کہ آج آپ کا طالع باقوت ہے کیونکہ خاک، سائل کہیں سے مال حاصل کرے گا لیکن یہاں عنصر خاک کا نقطہ اور باد کا نقطہ دونوں موجود ہیں اس لئے اس مال سے فتنہ ظاہر ہوگا۔ اس کا ماضی خانہ ۱۲ ہے جس میں ÷ نحس منقلب ہے مضبوط ہے سائل کا ماضی مختلف تکالیف، مقدمات اور گردش حالات کا مظہر ہے یہ شکل خانہ ۱۳ کی ہے اور خانہ ۱۳ میں اس کا عکس پڑا ہے یہ حالات بوجہ مخالفت زناں و دوستاں ظہور پذیر ہوئے ہیں آج سے تقریباً ۱۳ سال قبل کیونکہ ÷ شکل کے عدد ۱۳ ہیں۔

قانون نمبر ۱۰

جدول بروج

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
÷	≡	⁝	≡	⁝	÷	≡	≡	÷	÷	≡	⁝	÷	÷	≡	≡

از روئے جدول بروج خانہ سوال کی شکل کو دیکھیں پھر اس شکل کے مطلوب کو گرفت کریں اس کی صحت اور کمزوری کو سامنے رکھ کر حکم لگائیں۔ شکل مطلوب ہر شکل کی چودھویں شکل ہوتی ہے اب دیکھیں جدول کی پہلی شکل ÷ فرح ہے اور اس شکل کا مطلوب چودھویں شکل ÷ نقی ہے سوال کا انحصار اس اصول کے تحت مطلوب سے دیکھا جاتا ہے سائل نے سوال کیا مجھے سفر پیش آئے گا۔



جواب: اس زائچہ کے خانہ مقصد میں ⁝ نحس شکل ہے اس کا مطلوب

برج جدول کی رو میں باقوت ہے ہے سفر غیر کرتی ہے۔

هوالعلیم الخبیر



ہے جو خانہ ۷ یہ شکل نحس منقلب اختیاری کو ظاہر

قانون نمبر ۱۱

جدول سکن کی روشنی میں

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶

از روئے جدول سکن خانہ مقصد کی شکل کو دیکھیں پھر شکل ۷، جدول سکن کو گرفت میں لائیں کیونکہ اس قانون میں ساتویں شکل مطلوب ہوتی ہے اس مطلوب کی سعادت اور نحوست سے حکم لگائیں۔

قانون نمبر ۱۲

ہر زائچہ میں حکم لگاتے وقت شکل خانہ ۵ اور خانہ ۷ کو آپس میں ضرب دیں متحصلہ پیدا کریں اور پھر خانہ ۱ کی شکل اور خانہ ۳ کی شکل کو آپس میں ضرب دے کر متحصلہ پیدا کریں۔ دونوں متحصلوں کو آپس میں ضرب دے کر تیسری شکل پیدا کریں اس تیسری مستخرجہ شکل پر رعایت داخل و خارج منقلب و ثابت حکم لگائیں۔



سوال: سائل نے کہا کہ میں مقصد میں کامیاب ہو جاؤں گا یا نہیں؟ سائل سے قرعہ ڈلوایا یہ زائچہ پیدا۔



قانون کی رو سے شکل خانہ ۵ اور شکل خانہ ۷ کو ضرب دیا

۱۔ [×] نتیجہ یہ رہا

۲۔ شکل [×] نتیجہ

نتیجہ اول کو نتیجہ دوم سے ضرب دی

[×] متحصلہ شکل ہے

نیک شکل ہے برج اسد ستارہ شمس سے نسبت رکھتی ہے اور سائل کا حصول مراد ہے شکل سعد خارج جو موجود رمل نہیں ہے لیکن اس کا عکس خانہ ۱۱ میں مضبوط ہے دلیل حصول مراد کی ہے۔

قانون نمبر ۱۳

جس خانہ سے سوال کا تعلق ہے اس خانہ کی شکل کو از روئے دائرہ سکن کے صاحب خانہ سے ضرب دیں اس طرح خانہ سوال کے خانہ گواہ کی شکل کو بھی ضرب دیں۔ ان دونوں کے ضربات کے نتائج کو زائچہ میں دیکھیں ان کی قوت اور سعادت سے حکم لگائیں

سائل کا سوال مال کے متعلق ہے؟



زائچہ پر نظر کریں خانہ ۲ مال سے تعلق رکھتا ہے اس میں شکل موجود ہے برج دلو ستارہ زحل سے تعلق رکھتی ہے زائچہ میں موجود ہے۔



اس شکل صاحب خانہ سکن خانہ ۲ سے ضرب دیں × = متحصلہ

اب اس کا گواہ خانہ ۸ ہے جس میں شکل اس کو بھی صاحب خانہ ۸ سے ضرب دیں۔

: x ☰ } ÷ متحصلہ نکلا پہلا نتیجہ نحس ثابت ہے اس لئے حکم ہوا کہ عرصہ کے بعد مال ملے گا لیکن ضائع ہو جائے گا کیونکہ گواہ کا نتیجہ ÷ نحس منقلب ہے اب اسی سائل نے دوسرا سوال کیا کیا مجھے سفر پیش آئے گا؟

سفر کیلئے (غیر ملک) : ہم زائچہ کے خانہ ۱ پر غور کریں گے۔ یاد رہے ہمارے سوال کا تعلق خروج سے ہے اب خانہ ۱ میں شکل ☰ ہے اس کو صاحب سکن ☰ نہم سے ضرب دی۔

☰ x ☰ } ☰ متحصلہ پیدا ہوئی اس کا گواہ خانہ ۲ میں جس کی شکل ☲ اس کو صاحب خانہ سکن ☲ سے ضرب دی

☲ x ☲ } : متحصلہ پیدا ہوئی پہلا نتیجہ خانہ ۹ میں کمزور ہے اور خانہ ۵ میں مرکز سالم ہے دوسرا نتیجہ سعد منقلب ہے اور خانہ ۸ میں مضبوط ہے اس لئے سائل سے کہا کہ رکاوٹ عارضی ہے خانہ ۹ کی وجہ سے حکومتی رکاوٹ جلد دور ہو جائے گی۔ اور غیر ملک ضرور جا سکے گا۔

قانون نمبر ۱۴

زائچہ کی اشکال ۱۱، ۱۵ سے ایک شکل پیدا کریں اور خانہ ۱۴ و خانہ ۱۵ سے دوسری شکل پیدا کریں اس طرح حاصل شدہ اشکال سے تیسری شکل پیدا کریں اس شکل کی سعادت اور نحوست کو مدنظر رکھ کر سائل کو جواب دیں۔

یہ ہیں چودہ قوانین اور اصول جو رمال حضرات ان کی روشنی میں جواب دیتے ہیں۔ میں نے بھی آپ کی معلومات کیلئے قواعد اور قانون پیش کر دیئے ہیں۔ اب آپ کی مرضی جو اصول اور قواعد اپنائیں یہ آپ کی اپنی مرضی پر منحصر ہے۔

اب میں متحصلات الرمل سے سوال حل کروں گا۔

قرعہ رمل صحیح اوقات اور صحیح نتائج کے لئے
ادارہ روحانیات رحیمیہ سے مل سکتے ہیں

سبق نمبر ۲۴

متصلاتُ الرمل

قبل ازیں کئی بار لکھ چکا ہوں کہ رمل ایک انتہائی وسیع علم ہے استادوں نے صدہا بلکہ ہزار ہا طریقے احوال معلوم کرنے کے واسطے تحریر فرمائے ہیں۔ مثلاً ملاقات ہونے نہ ہونے کیلئے دریافت کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ اگر کوئی سائل ملاقات کی نسبت سوال کرے مثلاً محبوب سے ملاقات ہو گی یا نہ؟ فرزند سے ملاقات ہو گی یا نہ؟ تو اس سوال کے جواب کیلئے خانہ ۵ سے حکم لگایا جائے یاد رہے کہ سائل کا خانہ ۱ اور جواب کا خانہ ۵ ہو گا۔ اسی طرح غیر شخص کی ملاقات کی بابت سوال ہو تو شکل خانہ ۱ اور شکل خانہ ۷ سے جواب دینا چاہئے۔ اگر کسی سردار یا حاکم سے ملاقات کی بابت سوال ہو تو خانہ ۱ اور خانہ ۱۰ سے جواب دینا چاہئے بشرطیکہ قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جس خانہ کا سوال ہو اس خانہ کی شکل کو طالع کی شکل سے ملانا چاہئے۔ اگر ان دونوں شکلوں میں نقطہ آتش ہو گا تو حسب قاعدہ مذکور صرف دیدار ہو جائے گا۔ اگر نقطہ باد کا بھی موجود ہو تو آپس میں باتوں کا ہونا بھی ہے اگر آب کا نقطہ بھی موجود ہے تو سائل کو پاس بیٹھنا ہو گا اگر نقطہ خاک ہے تو ملاقات نہ ہو گی۔ فرض کرو کہ ان دونوں شکلوں میں باد نقطہ نہ ہو تو اس کی حاصل ضرب سے جو شکل پیدا ہو اس میں دیکھو نقطہ باد ہے یا نہیں اگر ہے تو دیکھو کہ وہ شکل زائچہ کے کس خانہ میں پڑی ہے اگر کسی نیک خانہ میں پڑی ہے اور خود بھی سعد ہے تو باتیں محبت اور خلوص سے ہوں گی لیکن شکل نیک ہے اور خانہ بد ہے تو گفتگو کا اول حصہ عمدہ ہو گا۔ اور آخری حصہ رنجش اثر ہو گا۔ یہی راز ہے کہ رمل میں تو فیر عیاں کرتا چلا آرہا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS

سبق ۱۱ میں طالع کے بارے میں قطار لگادی ہے جس خانہ کا سوال ہو اسے طالع قرار

دے کر آگے کا سلسلہ جاری کرنا ہے۔ مثال کے طور پر بیوی کا خانہ ۷ ہے اسے طالع قرار دے کر باقی کا عمل کرنا ہے۔ مثلاً اس کی دولت خانہ ۸ جو بیوی کے طالع کا دوسرا ہے بیوی کے بھائی کا خانہ ۳ اور زائچہ کا خانہ ۹ ہوگا اسی طرح آگے کا عمل جاری رکھیں یہی طالع کی تفصیل اور تشریح ہے۔ مزید اور مثال آپ کے سامنے رکھتا ہوں سوال سائل کا جس خانے سے ہو اس کو طالع یعنی خانہ اول قرار دے کر اس کے موافق منسوبات خانہ کے مطابق جواب دیں۔ کوئی شخص غائب کے بارے میں سوال کرے تو اس کا طالع خانہ ۷ ہو گا یعنی خانہ ۷ کو اول رکھ کر زائچہ مکمل کریں۔ غائب کی دولت کے بارے میں کوئی سوال کرے تو اس کا خانہ ۲ مال سے تعلق رکھتا ہے خانہ ۸ ہوگا۔ جو خانہ ۲ خانہ ۷ ہے اس طرح غائب کے بھائی بہنوں کا سوال ہو تو خانہ ۳ سے دیا جائے گا جو خانہ ۷ کا تیسرا خانہ ۹ ہے اس طرح آپ آگے سوالات کا حل کریں عقل مند کے لئے اشارہ کافی ہے۔ ایک مثال دیتا ہوں اس کو دیکھو اور سمجھو۔



سائل نے سوال کیا کہ میں ایک عورت کی خواہش رکھتا ہوں ہاتھ آئے گی یا نہیں؟

جواب: زائچہ تیار کیا اور سائل کا جواب خانہ ۷ سے ہے خانہ ۷ کو دیکھا تو شکل عبدۃ الخارج ہے بد شکل خارج ہے آتشی ہے خانہ ۷ آبی ہے آتش اور آب میں دشمنی ہے اور تکرار بھی کسی خانے میں نہیں آئی۔ دوسرا عمل شروع کیا۔ شکل ۷ ⋮ اور شکل ۱۱ کو ضرب دیا۔

⋮ × ≡ } ⋮ شکل اجتماع پیدا ہوئی جو نیک ثابت شکل ہے خانہ ۱۵ سے ضرب دیا

اور پھر ⋮ × ⋮ } ⋮ پیدا ہوئی یہ شکل قبض الداخل ہے نیک داخل شکل ہے اور سوال بھی اتصال کا ہے اور ملاقی بھی زائچہ میں کہتی ہے۔ خانہ ۲، خانہ ۱۰ اور خانہ ۱۱ دیکھیں اس لئے حکم دیا کہ سائل

هوالعلیم الخبیر



چند دن صبر کرے بعد عرصہ قلیل کے انشاء اللہ تعالیٰ قبضہ اقتدار میں آئے گا۔

ایک اہم قانون

اگر سوال انفعال کا ہو اور اوتاد یعنی خانہ ۱، خانہ ۴، خانہ ۷، خانہ ۱۰ داخل ہوں فوراً حصول مدعا ہو اور انفعال میں خارج اسپطوریہ۔ عدد میں سعد اور نحس قوی ہیں اور سعد میں نحس و نحس میں دلیل کمزوری جانو اور حکم اختلاف کا میانہ اس کو معطلات ہیں اور اسے ارکان الرمل کہتے ہیں۔ بندہ نے آپ کی معلومات میں اضافہ کرنے کے لئے مختلف رسائل اور کتب انتخاب کر کے زیر قلم کئے ہیں۔ آپ کو علم ہونا چاہئے اس سے قبل فقیر نے رحیم الرمل حصہ اول اور رحیم الرمل حصہ دوم کے علاوہ علاج بالرمل بھی آپ کی خوشی کیلئے لکھ چکا ہے۔ جو ادارہ روحانیات رحیمیہ شاہدرہ بہاولپور سے مل سکتے ہیں۔

سائل نے سوال کیا مجھے تجارت میں ترقی ہوگی یا نقصان؟



جواب کیلئے خانہ ۱ اور خانہ ۸ کو ضرب دیں:

÷ × ÷ } ≡ متحصلہ

اور پھر متحصلہ کو ۱۴ ≡ × ≡ } ≡



نتیجہ سعد خارج، اگر نتیجہ سعد داخل ہوتی یا ثابت ہو تو سائل کی دولت میں ترقی ہوتی چونکہ نتیجہ سعد خارج ہے اس لئے سائل کا خرچہ زیادہ ہوگا۔

سائل نے سوال کیا کہ مجھے کس عمر میں دولت نصیب ہوگی؟ جواب کیلئے دائچہ کشید کیا تو یہ صورت پیدا ہوئی۔

شکل طالع ÷ عبدۃ الداخل برج ثور ستارہ زہرہ سے تعلق رکھتی ہے نیک شکل داخل ہے اس کو خانہ ۱ کی شکل ÷ جو قبض الخارج برج دلو ستارہ راہو سے تعلق رکھتی ہے ان دونوں کو آپس میں ضرب دیں۔



هوالعلیم الخبیر



متحصلہ شکل فرح برج میزان ستارہ زہرہ سے تعلق رکھتی ہے نیک منقلب شکل ہے اگر ضرب کا نتیجہ یہ اشکال ہیں رہیں اور تکرار اگر امہات میں کریں تو سائل کو اوائل عمری میں ہی دولت نصیب ہو گی اگر تکرار بنات میں ہو تو جوانی میں دولت میسر ہو اگر یہ شکل مولدات میں تکرار کریں تو بعد چالیس سال دولت ہاتھ آئے اگر شکل متولدات میں تکرار کرے تو سائل کو بڑھاپے میں دولت نصیب ہو اور جو سب جگہ تکرار کرے تو تمام عمر میں دولت نصیب ہو اور جو یہ شکل کہیں تکرار نہ کرے تو سائل تمام زیست غریب اور مفلس رہے مذکورہ بالا زائچہ میں شکل نیک تو آئی مگر منقلب ہے اور تکرار کسی جگہ نہیں کیا اس لئے سائل کو جواب دیا آپ کے مقدر میں دولت نہیں ہے۔

سائل نے سوال کیا خرید و فروخت میں مجھے نفع ہوگا یا نقصان ؟

هوالعلیم الخبیر



جواب کیلئے اشکال خانہ ۱ اور خانہ ۱۱ کو آپس میں ضرب دیں متحصلہ نکالیں پھر اس نتیجہ والی شکل کو شکل خانہ ۲ سے ضرب دیں دیگر متولد کرے پس یہ متولد سعد داخل اور تکرار اوتاد میں کرے تو دلیل ہے کہ خرید بہتر ہے اور بہت فائدہ ہوگا اور جو سعد خارج ہے تو فروخت بہتر ہے اور اس سے نفع کثیر ہوگا اور جو شکل سعد ثابت ہو تو حفاظت مال میں نفع ہے اور جو منقلب شکل دیگر نحس اشکال ہو کسی حیثیت سے اور تکرار مائل اوتاد اور زائل اوتاد میں کریں تو سائل کو نقصان بہت ہوگا۔

اب زائچہ پر نظر کریں ⁝ × ⁝ } ⁝ متحصلہ شکل آئی ہے یہ شکل عقلہ پر منقلب شکل ہے اور اس نے صرف خانہ ۱۳ میں تکرار کیا ہے اس لئے سائل کو جواب دیا کہ خرید و فروخت میں نقصان ظاہر ہو رہا ہے احتیاط کریں۔

زمانہ حال	۱	۴	۷	۱۰	وتد
زمانہ مستقبل	۲	۵	۸	۱۱	مائل وتد
زمانہ ماضی	۳	۶	۹	۱۲	زائل وتد
غائبانہ	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	وتد الوتد

اسی زائچہ کے تحت اہل روم کے حساب سے دوبارہ حل کرتا ہوں۔ خانہ ۱، خانہ ۱۰ کو ضرب دیں اور پھر دونوں متحصلہ شکل کو آپس میں ضرب دے کر نتیجہ پیدا کریں اگر متحصلہ بہ اشکال میں سے ایک ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ان میں سے کوئی ایک شکل ہو اور تکرار اوتاد میں کرے یعنی خانہ ۱، خانہ ۴، خانہ ۷ اور خانہ ۱۰ میں کریں تو خرید و فروخت میں بہت نفع ہوگا اگر ⁝ ⁝ ⁝ ان میں سے ہوں اور تکرار اوتاد مائل یعنی مستقبل میں کریں تو مال دیر سے فروخت ہو اور نفع جزوی ہو اور نتیجہ اشکال ⁝ ⁝ ہو اور تکرار اوتاد یا مائل اوتاد میں کرے تو کچھ مال فروخت ہو اور کچھ مال فروخت نہ ہو اگر نتیجہ ضربات ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ان میں سے ہو اور تکرار اوتاد زائل میں کرے تو نقصان ہو بلکہ سرمایہ غائب ہو جائے۔

حل: خانہ ۱ کی شکل ⁝ اور خانہ ۱۰ کی شکل ⁝

⁝ × ⁝] ⁝ متحصلہ شکل

پھر خانہ ۲ کی شکل اور خانہ ۱۱ کی شکل کو ضرب دیں۔

⁝ × ⁝] ⁝ متحصلہ شکل

پھر دونوں متحصلہ اشکال کو آپس میں ضرب دیں۔ ⁝ × ⁝] ⁝

اس شکل نے خانہ ۱۳ پر تکرار کیا ہے سائل کو نقصان ہوگا۔

سائل نے سوال کیا میں فلاں چیز خریدنا چاہتا ہوں نفع ہوگا یا نقصان؟

جواب کیلئے زائچہ تیار کیا تو یہ شکل بند آئی۔



قانون: شکل ۱ اور شکل ۵ کو آپس میں ضرب دیں اور پھر شکل ۲ اور شکل خانہ ۸ کو آپس میں ضرب دیں پھر ان دونوں متحصلات کو آپس میں ضرب دے کر نتیجہ پیدا کریں جو متحصلہ کو دیکھیں یہ امہات میں تکرار کرے تو سائل کو نفع ہوگا اگر بنات میں تکرار کرے تو جزوی نفع ہوگا سائل کا سوال علم حاصل کرنے سے متعلق ہو تو زائچہ تیار کریں



خانہ ۱، خانہ ۳، خانہ ۹ اور خانہ ۱۱ کو دیکھیں اگر یہ سعد داخل ہوں تو حصول علم میں آسانی ہو۔ اور سعد ثابت ہوں تو بدیر اور سعد منقلب یا خارج ہوں تو کچھ علم حاصل کرے اور کچھ نہ کرے۔ مذکورہ بالا زائچہ پر نظر کریں خانہ ۱ نیک شکل داخل ہے۔ خانہ ۲ میں بد شکل ہے اور خانہ ۹ نیک شکل ہے ثابت ہے اور خانہ ۸ بد شکل ہے نتیجہ یہ نکلا کہ سائل تعلیم حاصل کرے گا مگر درمیانی۔



اہل روم کے قانون کے مطابق خانہ ۲ اور خانہ ۸ کو آپس میں ضرب دیں اور متحصلہ شکل پیدا کریں اور اس مستخرجہ شکل کو پھر شکل ۱ سے ضرب دیں اور نتیجہ پر غور کریں اگر سعد داخل ہے تو حصول علم کی نشانی ہے اگر نحس ہے تو موافق نہ ہے۔

متحصلہ ۱ شکل کو دوبارہ طالع سے ضرب کریں۔

(×) متحصلہ ۲

×] تیسری شکل پیدا ہوئی ہو کر عبدۃ الداخل ہے نیک شکل داخل ہے زندہ ہے اور مستقبل سے نسبت رکھتی ہے جواب دیا درمیانی تعلیم حاصل کرے گا۔

محمود الرمل کا قاعدہ یہ ہے کہ خانہ ۱ و خانہ ۳ اور پھر خانہ ۹ و خانہ ۱۱ کو آپس میں ضرب دے کر متحصلہ پیدا کریں پھر ان دونوں اشکال مستخرجہ کو تیسری بار ضرب دے کر متحصلہ پیدا کریں اگر ان میں سے کوئی شکل مستخرجہ آئے تو سائل کو حصول علم میں کوئی دشواری نہ ہو۔ اگر متحصلہ یہ اشکال نکلیں تو جزوی علم حاصل ہو دیگر اشکال ہوں تو حصول علم نہ ہو۔

سائل کا سوال ہے کہ میں فلاں شخص سے علمی بحث کروں کامیابی ہوگی یا نہ؟

اس کا قانون یہ ہے کہ خانہ اول کی شکل اور خانہ ۳ کو آپس میں ضرب دے کر مستخرجہ شکل پیدا کریں یہ شکل فریق ثانی کی ہوگی جس کے نتیجہ میں یہ اشکال آئیں وہ بحث میں جیتے گا۔ اور غالب رہے گا۔ اور جس کے نتیجہ میں یہ شکلیں آویں وہ مغلوب ہوگا۔ اگر اشکال مساوی ہوں تو برابر رہے گا۔

سوال: سائل کا سوال ہے کہ میں کوئی وظیفہ یا عمل کرنا چاہتا ہوں۔ وہ پورا ہوگا یا نہیں اس سے میری مراد بر آئے گی یا نہیں؟

جواب کیلئے زائچہ بنایا اس میں دیکھیں خانہ اول و خانہ ۹ پر غور کریں۔ اس میں اشکال سعد داخل ہوں اور خانہ ۵ و خانہ ۹ میں تکرار کرے تو ضرور عمل پورا ہوگا۔ اور سائل کو مفاد بھی ملے گا اور مراد بھی پوری ہوگی بصورت دیگر مایوسی کے سوا کچھ بھی نہیں ملے گا۔

سوال جائیداد کی خرید و فروخت کا ہو تو خانہ ۱ اور خانہ ۴ کو آپس میں ضرب دے کر نتیجہ برآمد کریں اور موافق تحریر حکم صادر کریں۔

سوال: سائل سوال کرے میں فلاں شخص کے پاس جاتا ہوں ملے گا یا نہیں اور اس سے فائدہ ہوگا یا نہیں؟

جواب کیلئے زائچہ تیار کریں خانہ ۷ اور خانہ ۸ کو دیکھیں اگر ان دونوں خانوں میں سعد اشکال ہوں اور

موافقت کرے اور فائدہ بھی ہوگا اور جو خانہ ۷ میں نحس شکل ہو اور خانہ ۸ میں سعد شکل ہو ملاقات تو ہو گی لیکن فائدہ جزوی ہوگا اگر خانہ ۷ میں سعد شکل اور خانہ ۸ میں نحس شکل ہو تو ملاقات تو ہو جائے گی لیکن فائدہ نہ ہوگا۔

سائل کا سوال: میری قسمت میں اولاد ہے کہ نہیں؟ جواب کیلئے زائچہ تیار کریں:۔

۱۔ بقول نادر الرمل کہ شکل خانہ ۱ کو شکل خانہ ۵ سے ضرب دیں اگر نتیجہ منقلب ہو اور دیگر جملہ اشکال سعد داخل ہوں تو دلیل ہے کہ سائل کو اولاد نصیب ہوگی۔ برخلاف اس کے حکم خلاف دیں۔

خانہ ۱ ... متحصلہ عبدۃ الداخل ہے زہرہ نیک شکل ہے بادی ہے برج ثور ہے سائل سے کہو اولاد ہوگی مگر لڑکی ہوگی



بقول محمود الرمل سے ہے کہ اشکال خانہ ۱ و خانہ ۵ کو ضرب دیں اور پھر خانہ ۶ کو خانہ ۷ سے ضرب دے کر پھر دونوں نتائج کو تیسری بار اس میں ضرب دے کر متحصلہ پیدا کریں اگر یہ متحصلہ سعد داخل ہو تو بے اولاد ہے ورنہ نہیں۔

بقول ابو تراب بلخی سے ہے کہ شکل خانہ اول کو خانہ ۷ میں ضرب دے کر نتیجہ حاصل کریں اور پھر نتیجہ اشکال کو خانہ ۵ سے ضرب دے کر متحصلہ نکالیں پس اگر متحصلہ سعد داخل ہو یا اشکال یا ہووے معلوم کرو اولاد نصیب ہے اور فرزند ہوگا برخلاف اس کے حکم برعکس ہوگا۔

سائل سوال کرے کہ فلاں عورت کے اولاد ہوگی یا نہیں؟

قانون ۱: اگر طالع و تیمم سعد ہوں دلیل ہے کہ اولاد ہوگی اگر نحس شکلیں ہوں تو حکم برعکس لگائیں۔

بقول سراج الرمل سے ہے کہ شکل خانہ ۹ و خانہ ۹ کو ضرب دے کر نتیجہ برآمد کریں

پس یہ متولود سعد و مذکر ہو تو دلیل فرزند کی ہے مبارک قدم پیدا ہوگا اور جو شکل مونث ہو تو لڑکی پیدا ہوگی حضرت ابو سعید و عزیز الحسن کا قاعدہ بھی اسی طرح کا ہے یعنی خانہ ۱۵ اور خانہ ۷ کو ضرب دے کر متحصلہ پیدا کرو اگر شکل مذکر ہے تو لڑکا ہوگا اگر شکل مونث ہے تو لڑکی ہوگی۔



بحوالہ حضرت لقمان سے ہے اگر زائچہ رمل میں غلبہ ☶ کا ہو تو فرزند زیادہ پیدا ہوں اگر زائچہ میں ☰ شکل کا غلبہ ہو تو دختر زیادہ پیدا ہوں۔

سوال: تو مولود کی عمر دراز ہے یا کوتاہ عمر ہے؟

اس سوال کے جواب کے لئے زائچہ کشید کیا:

شرف الدین دلوی کا قول ہے کہ اگر خانہ ۴ و خانہ ۵ میں ☲ ☳ ☴ ☵ اشکال ہوں تو مولود کی عمر کوتاہ ہے۔ اور ان اشکال کا تکرار خانہ ۸ میں ہو تو اور زیادہ خراب ہے اگر خانہ ۵ میں ☲ ☳ ☴ ☵ ان میں سے کوئی شکل ہو اور تکرار خانہ ۴، خانہ ۷، خانہ ۸ یا خانہ ۱۵ میں ہو تو درازی عمر کی دلیل ہے اگر تکرار خانہ ۲، خانہ ۱۱، خانہ ۱۴ یا خانہ ۱۵ میں کرے تو مولود کی عمر میانہ ہوگی۔



استاد عیدی کا قول ہے کہ اگر خانہ ۵ میں ☰ ☲ ☳ ☴ ان میں سے کوئی شکل ہو تو مولود کی نہایت کوتاہ عمر ہے اور بو علی کا تجربہ ہے کہ طالع و خانہ ۵ کو ضرب دے کر نتیجہ برآمد کرو اگر ☲ یا ☳

برآمد ہو تو مولود ایک سال تک زندہ رہے گا۔ واللہ اعلم بالصواب،

کوئی سوال کرے میرے گھر لڑکا پیدا ہوگا یا لڑکی؟

اس سوال کے جواب کے لئے تحفہ ناصری سے رابطہ کیا کہ خانہائے ۱ اور ۲ کو ضرب دیں اور پھر خانہ ۱۲ اور خانہ ۱۱ کو ضرب دیں۔ پھر ان دونوں نتائج کو آپس میں ضرب دے کر متحصلہ نکالیں اگر متحصلہ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ان میں سے کوئی شکل ہو تو بحکم خدا الطفیل رسول مقبول فرزند پیدا ہوگا اور متحصلہ اشکال ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ یہ ہوں تو لڑکی پیدا ہوگی۔



بقول حکیم ارسطاطالیس سے ہے کہ خانہ ۱۰ و خانہ ۹ کو ضرب دے کر نتیجہ برآمد کر دیں متحصلہ خارج اشکال ہو تو لڑکا اور داخل اشکال دے تو لڑکی ہوگی۔

قاعدہ اور اشکال خانہ ۵ و خانہ ۱۱ اور خانہ ۶ و خانہ ۱۰ کو باہم ضرب دے کر نتائج برآمد کر لیں پھر ان دو متحصلہ کو آپس میں ضرب کر کے ایک تیسری شکل پیدا کریں یہ شکل آتشی و بادی ہو تو لڑکا ہو اور شکل آبی و خاکی ہو تو لڑکی پیدا ہو مذکورہ نتائج پر غور کریں۔

خانہ ۱ × خانہ ۵ = متحصلہ ۱ خانہ ۶ × خانہ ۱۰ = متحصلہ ۲

⁝ × ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ × ⁝ ⁝

تیسرا متحصلہ ⁝ × ⁝ ⁝ ⁝ خاکی شکل ہے۔

سائل کو جواب دیا لڑکی پیدا ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب

مولود نیک بخت ہے یا بد بخت کا سوال کرے تو زائچہ بنا کر جواب دیں:

جواب کے لئے: شکل خانہ ۵ و خانہ ۸ کو ضرب دے کر نتیجہ برآمد کریں اور اس نتیجہ کو خانہ ۱۵ کی شکل



سے ضرب دیں اگر شکل متصلہ سعد شکل ہو تو نیک بخت اور نحس ہو تو بدبخت ہوگا۔

حل خانہ ۵: ∴ × ☰] ∴

متصلہ شکل کو پھر خانہ ۱۵ سے ضرب دیں۔

∴ × ∴] ∴

تیسرا نتیجہ ∴ فرض ہے برج میزان تارہ زہرہ ہے نیک منقلب شکل ہے لہٰذا جواب دیا کہ مولود نیک بخت ہوگا۔

اس طرح مصنف نادر الرمل سے منقول ہے کہ اشکال خانہ اول و خانہ ۵ کو آپس میں ضرب دیں اور پھر خانہ ۲ و خانہ ۱۰ کو آپس میں ضرب دیں پھر ان دونوں کے نتائج کو آپس میں ضرب دے کر نتیجہ حاصل کریں یہ متصلہ ان اشکال کا ہوئے۔ اور اگر خانہائے اول، دوم، پنجم، خانہ ۱۱ اور خانہ ۱۴ یا خانہ ۱۵ ہو تو مولود سخی اور سعادت مند ہو۔ اگر ∴ ☰ ☰ ∴ ☰ ∴ ہو تو مولود صاحب خزانہ ہو اگر اشکال ☰ ☰ ☰ ہوں تو مولود سخت بخیل ہو اور ناجائز طور پر مال جمع کرے اگر ∴ ☰ ∴ ہوں تو مولود کم بخت و مفلس ہو۔



سائل کا سوال ہے کہ

معشوق مجھ سے محبت کرتا ہے یا نہیں؟

اس سوال کے جواب کیلئے خانہ ۵ پر نظر رکھیں اگر خانہ ۵ میں یہ اشکال ہوں ☰ ∴ ☰ ☰ تو دلیل ہے کہ آپ کا محبوب ظاہر دوستی رکھتا ہے باطن نہیں اور خانہ ۵ میں یہ اشکال آجائیں ∴ ☰ ∴ ☰ تو دل میں دوستی رکھتا ہے

بالمن میں نہیں اگر خانہ ۵ میں یہ اشکال آجائیں ⋮ ÷ ≡ تو محبوب کو آپ کے ساتھ دوستی ہرگز نہیں
جواب دیا کہ خانہ ۵ میں شکل ≡ آئی ہے محبوب آپ کے ساتھ ظاہری دوستی رکھتا ہے۔

کوئی سوال کرے کہ مطلوب یا معشوق نر ہے یا مونث ؟

اس کے جواب کیلئے خانہ ۷ و خانہ ۱۱ کو آپس میں ضرب دے کر نتیجہ برآمد کرے اور اس نتیجہ کو خانہ شکل ۱۱ سے پھر دوبارہ ضرب دے کر متحصلہ شکل نکالے اگر یہ شکل مذکر ہے تو محبوب نر ہے اور اگر یہ شکل مونث ہے تو محبوب مونث ہے۔

اگر سائل کا سوال قمار بازی یعنی جوا وغیرہ میں میری جیت ہوگی یا ہار، میں لاٹری یا سٹہ یا بانڈ خرید کروں اس میں میرا نام نکلے گا یا نہیں ؟



جواب کے لئے خانہ ۱، خانہ ۲، خانہ ۱۱ اور خانہ ۱۲ اشکال سائل کی قسمت سے تعلق رکھتے ہیں اور خانہ ۷، خانہ ۸، خانہ ۴ اور خانہ ۵ کے اشکال فریق ثانی کے ہیں۔ ہر دو خانوں میں جس کے خانے میں سعد داخل یا سعد ثابت ہوں وہ فائدہ مند رہے گا جس کے خانے میں نحس شکلیں کمزور اور ضعیف ہوں وہ نقصان اور ہار میں رہے گا۔ اسے بانڈ وغیرہ میں بھی شراکت نہیں کرنی چاہیئے۔



اگر سوال سائل کا ھو مریض کو صحت ھو گی یا نہیں ؟

اس نیت سے زائچہ تیار کریں :۔

اشکال خانہ ۱ و خانہ ۶ کو آپس میں ضرب دیں اور نتیجہ حاصل کریں پھر دونوں اضراب کی اشکال

هوالعلیم الخبیر



کو تیسری بار ضرب دے کر متحصلہ حاصل کریں۔ اگر یہ متحصلہ سعد خارج ہو تو مریض بہت جلد شفا حاصل کر لے گا اگر نحس خارج ہو تو مریض بدیر شفا پائے اور داخل و ثابت دلیل درازی عمر کی ہے مگر انجام بخیر ہو۔ بفضل پروردگار،

حل ۱: خانہ ۱ × خانہ ۶ کی اشکال [×] ، نتیجہ کی شکل ۱

۲: خانہ ۴ × خانہ ۸ [×] نتیجہ کی شکل ۲

۳: پہلا نتیجہ × دوسرا نتیجہ [×] متحصلہ شکل ۳

حمرہ شکل برج عقرب ستارہ مریخ سے تعلق رکھتی ہے۔ شکل بد ثابت ہے اس لئے سائل کو جواب دیا کہ مریض کی بیماری لمبی ہو گی۔

اگر کوئی مریض کی زندگی یا موت کے بارے میں سوال کرے؟

اس کے جواب کے لئے اشکال خانہ ۲ اور اشکال خانہ ۱۲ کو آپس میں ضرب دیں۔ اسی طرح اشکال خانہ ۶ اور خانہ ۸ کو ضرب دے کر نتیجہ حاصل کریں بعد ازاں ہر دو نتیجہ کی اشکال کو آپس میں ضرب دے کر تیسری شکل پیدا کریں تیسری شکل کو پھر خانہ ۱ کی شکل سے ضرب دے کر متحصلہ پیدا کریں اگر یہ شکل سعد خارج یا منقلب ہو اور تکرار امہات یا بنات میں کرے تو دلیل مریض کے شفا کی ہے اور جو ثابت یا داخل ہو تو دلیل بدیر شفاء کی ہے اور جو ثابت یا داخل یہ شکل نحس اور تکرار خانہ ۶ اور خانہ ۱۲ یا خانہ ۸ میں کرے تو دلیل موت یا درازی بیماری ہے۔

هوالعلیم الخبیر



عملی مثال: ۱: اشکال خانہ ۱ × اشکال خانہ ۱۲

متصلہ شکل ۱

۲: خانہ ۲ × خانہ ۸

متصلہ ۲

۳: متصلہ ۱ × متصلہ ۲

متصلہ ۳

پھر تیسرے متصلہ خانہ کو خانہ ۱ سے ضرب دی۔

متصلہ ۴

متصلہ ۴ کو زائچہ میں دیکھا خانہ ۵ میں تکرار کی ہے تو سائل کو جواب دیا بحکم خدا بطفیل رسول مقبول مریض کو شفا ہوگی۔

بحوالہ مصباح الرمل سے ہے کہ اشکال خانہ ۱ و چہارم ۴ اور ششم ۶ و خانہ ہشتم کو آپس میں ضرب کر کے دو شکلیں برآمد کریں پھر ان دو اشکال میں سے تیسری شکل پیدا کریں یہی متصلہ شکل ہوگی۔ سعد خارج یا منقلب ہووے اور تکرار ادھات میں کرے تو دلیل صحت و شفا ہے اگر یہ شکل نحس داخل یا ثابت ہو اور تکرار زائل اوتاد میں کرے تو دلیل مرگ ہوگی۔

اگر کوئی سوال کرے کہ بیماری کس خلط سے ہے تو اس کے جواب کے لئے خانہ ۱ کو دیکھیں اگر اس میں شکل آتشی ہے تو خلط صفراء، اگر خانہ ۱ میں آبی شکل ہو تو خلط بلغم سے ہے اگر خانہ ۱ میں خاکی شکل ہو تو خلط سودا سے ہے اگر خانہ ۱ میں باری شکل ہو تو فساد خلطوں کا ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب

اگر کوئی سوال کرے کہ گریختہ واپس آئے گا یا نہیں؟

جواب کے لئے خانہ ۱ کو دیکھیں کہ اگر وہ خارج شکل یا منقلب شکل ہو تو دلیل ہے کہ گریختہ باز آمدن میں متردد ہے اگر خانہ ۱ میں ☶ یا ☲ آئی ہو تو واپس آئے اگر خانہ ۱ میں شکل داخل ہو تو یہی حکم ہے اگر خانہ ۷ میں سعد داخل ہو اور اس کی تکرار خانہ ۱ یا خانہ ۱۱ میں کرے تو یہی حکم ہے۔ حضرت ابو علی شاہ اکبر آبادی سے منقول ہے کہ اگر خانہ ۸ خارج ہو اور اس شکل کا تکرار خانہ ۱، خانہ ۱۱ میں اور خانہ ۱۶ میں کرے تو دلیل ہے کہ گریختہ از خود واپس آئے اہل بربر سے ہے کہ اشکال خانہ ششم و خانہ چہارم کو

ضرب دے کر نتیجہ برآمد کریں۔ (۲) خانہ ۲ اور خانہ ۱ کو آپس میں ضرب دے کر پھر ان دو نتائج کو آپس میں ضرب دے کر متحصلہ حاصل کریں۔

عملی مثال: خانہ ۶ × خانہ ۴

۱، ۲ × ۴] متحصلہ ۱

۲، خانہ ۲ × خانہ ۵

× ۵] متحصلہ ۲

۳، متحصلہ ۱ × متحصلہ ۲

×] متحصلہ ۳

هو العليم الخبير



یہ شکل عتبۃ الداخل برج ثور ستارہ زہرہ سے تعلق رکھتی ہے نیک داخل عنصر باد ہے نتیجہ یہ نکلا کہ گریختہ واپس آوے۔ اگر متحصلہ ۳ ثابت شکل ہوتی تو دیر سے آتا۔ اگر خارج یا منقلب ہو تو حکم کر فی الحال نہ آوے یہ قاعدہ اللہ کے فضل سے گم شدہ و دزدیدہ کے لئے درست آتا ہے۔

سوال: اگر کوئی دریافت کرے کہ فلاں مال چوری ہو گیا ہے یا گم ہو گیا ہے یا کہیں رکھ کر فراموش ہو گیا ہے اس نیت سے زائچہ کشید کریں اور دیکھیں اگر خانہ ۲ سعد داخل ہے تو دلیل ہے کہ مال چوری نہیں ہوا کہیں رکھ کر بھول گیا ہے اگر شکل خانہ ۲، خانہ ۳ و خانہ ۹ میں تکرار کرے تو سامان کہیں راستے میں گر گیا ہے۔ اگر خانہ ۴ میں تکرار ہو تو سائل مکان کے اندر رکھ کر بھول گیا ہے اگر خانہ ۲ میں نحس کی حیثیت سے دلیل ہے چور لے گئے اگر رمل میں نہ ہو تو مال چوری نہیں کیا گیا صاحب مال کہیں رکھ کر فراموش کر گیا ہے۔ اسی صورت میں اگر اول داخل کسی حیثیت سے اور دوم داخل سعد ہو اور تکرار خانہ ۱۱ میں کرے تو دلیل ہے کہ گمشدہ بہت جلد ہاتھ آوے گا اگر خانہ ۲ اور تکرار کرے دلیل ہے کہ گم شدہ مال علم سے مخفی ہے۔

قاعدہ اور۔ اگر سوال ہو کہ مال گم شدہ دستیاب ہو گا اس نیت سے زائچہ تیار کریں۔ خانہ ۸ کی شکل کو اور خانہ ۱۱ کی شکل کو آپس میں ضرب دے کر متحصلہ نکالیں اگر یہ متولدہ سعد داخل ہو یا ثابت ہو

تو مال کم دستیاب ہوگا۔ اگر متصلہ شکل خارج اور منقلب شکل ہو تو مال ملنا بہت مشکل ہو۔

نکاح کے بارے میں: سائل نے سوال کیا میرا نکاح برادری میں ہوگا یا نہیں؟

جواب کیلئے زائچہ کشید کیا اس میں خانہ ۷ کو دیکھو اگر وہ شکل دوبارہ خانہ ۲ میں آئے تو سائل کا خاندان میں نکاح ہوگا۔ اور شکل دوبارہ خانہ ۱۳ میں آجائے تو سائل کا نکاح ننھیال میں اور شکل کی تکرار خانہ ۳ میں آجائے تو سائل کا نکاح اپنے دادا کے خاندان میں ہوگا اس کے علاوہ تکرار کو مدنظر رکھیں جہاں جہاں تکرار نظر آئے جملہ ہونے سے نتائج اخذ کریں اگر تکرار شکل خانہ ۱۴ میں آجائے تو سائل کا نکاح غیر برادری میں ہوگا۔

سائل سوال کرے جس سے نکاح کرنا چاہتا ہوں وہ عورت کیسی ہے؟

جواب کیلئے زائچہ کشید کریں۔ اشکال خانہ کو اشکال خانہ ۱ سے ضرب دیں اور متصلہ نکالیں۔ اگر متولدہ ∴ ∴ ∴ ان میں سے کوئی شکل ہو تو دلیل کہ حد درجہ نیک بخت ہے دولت اور اولاد سے مالا مال رہے اکثر نرینہ فرزند ہوں۔ اگر متصلہ شکل ∴ ∴ ہو تو دولت اور اولاد زیادہ ہو مگر لڑکیاں ہوں اگر متصلہ شکل ∴ ∴ برآمد ہو تو حکم متوسط ہو اور جو متصلہ شکل ∴ ∴ ہو تو عورت تو نیک بخت ہو لیکن چند بار حمل ضائع ہو جائے۔

سوال: جس عورت سے شادی کرنا چاہتا ہوں وہ کیسی ہے نیک یا بد؟



اصول: شکل خانہ ۷ کو خانہ ۱۵ کی شکل سے ضرب دو اور پھر شکل خانہ ۱، شکل خانہ ۱۶، خانہ ۵ کو شکل خانہ ۱۱ سے ضرب دیں۔ شکل خانہ ۴ کو شکل خانہ ۱۴ سے ضرب دے کر امہات پیدا کریں اور زائچہ دوبارہ تیار کر کے خانہ ۷ کی شکل کو دیکھیں اسی شکل کو سوال کا جواب موجود ہے۔

عملی مثال: ۱۔ خانہ نمبر ۷ کی شکل × خانہ نمبر ۱۵ کی شکل = متصلہ نمبر ۱

۲۔ شکل خانہ نمبر ۱ × شکل خانہ نمبر ۱۶ = متصلہ نمبر ۲

۳۔ شکل خانہ نمبر ۵ × شکل خانہ نمبر ۱۱ = متصلہ نمبر ۳

۴۔ شکل خانہ نمبر ۲ × شکل خانہ نمبر ۱۴ = متصلہ نمبر ۴

دوبارہ زائچہ بنایا



خانہ نمبر ۷ پر غور کریں اس میں شکل نقی آئی ہے برج اس کا حمل، ستارہ مریخ اور بدمنقلب شکل ہے اور طالع میں شکل بیاض آئی ہے جس کا برج سرطان اور ستارہ قمر سے منسوب ہے نیک شکل اور آبی شکل آتشی خانہ میں ہے نقی شکل آبی خانہ خاک میں باقوت ہے۔ سائل کو جواب دیا عورت جھگڑالو ہوگی زندگی پریشانی میں گزرے گی اولاد کم ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب،



سوال: سائل نے دریافت کیا غائب زندہ ہے یا مرگیا ہے؟



جواب کیلئے بحوالہ ناصر الرمل سے ہے کہ اشکال خانہ نمبر ۷ و خانہ نمبر ۱ کو آپس میں ضرب دے کر نتیجہ برآمد کریں متصلہ سعد شکل ہو اور تکرار بھی زائچہ میں کہیں نہ ہو تو غائب زندہ ہے اور متصلہ نحس شکل ہو اور تکرار بھی نہ رکھتا ہو تو

غائب مردہ ہے اگر بحالت نحوست مکرر خانہ ۶ میں ہو تو دلیل ہے کہ غائب بیمار ہے اگر خانہ ۸ میں تکرار کرے تو غائب مر چکا ہے اگر متصلہ شکل خانہ ۱۲ اور مکرر شکل خانہ ۶ و خانہ ۷ میں ہو ☵ یہ شکل خانہ ۴ میں ہو تو غائب بیمار ہے یا قید میں ہے۔

عملی مثال: خانہ ۷ اور خانہ ۱ کی شکل کو آپس میں ضرب دیں۔

خانہ ۷ × شکل خانہ ۱ ☰ × ☲] ☲ متصلہ ۱

یہ شکل انیکس برج دلو ستارہ زحل بد داخل شکل خاک ہے۔ خانہ ہادی بس شکل نحس داخل آبی ہے۔ اس سے نتیجہ یہ نکلا کہ غائب بیمار ہے اور بخار میں دماغی امراض میں مبتلا ہے۔

شرف الدین دہلوی سے منقول ہے کہ خانہائے اول میں یہ اشکال آئیں تو مولود زندہ ہے ☲ ☳ ☴ ☵ ☶ ☷ ۔ ہم نے زائچہ مذکور میں دیکھا تو ☵ قبض الداخل موجود ہے جو نیک شکل ہے اور خانہ آتشی میں۔ بروئے شرف الدین طالع آگئی تو حکم ہوا کہ غائب زندہ ہے۔

اگر سوال سائل کا کہ غائب کس حالت میں ہے؟

جواب کے لئے زائچہ تیار کیا اور خانہ ۷ پر نظر دوڑائی اگر وہ شکل سعد داخل ہے تو غائب خوش و خرم ہے ارادہ آنے کا رکھتا ہے اگر خانہ ۷ میں سعد ثابت ہو تو غائب خوش و خرم ہے لیکن لوٹ کر آنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ اگر زائچہ میں خانہ ۷ میں سعد خارج یا منقلب ہو تو غائب راستے میں کہیں ٹھہر گیا ہے۔ باقی صورتوں میں حکم برعکس ہوگا۔ مذکورہ بالا زائچہ کو دیکھا خانہ ۷ پر غور کیا تو ☰ جماعت شکل ہے برج سنبلہ سے تعلق رکھتی ہے ستارہ عطارد ہے نیک ثابت شکل ہے سائل کو جواب دیا کہ غائب خوش و خرم ہے اور ارادہ واپس آنے کا نہیں۔

سوال: سائل نے سوال کیا کہ غائب کتنے عرصے بعد واپس آئے گا؟

اس سوال کے جواب کے لئے زائچہ تیار کریں

بحوالہ ناصر الرمل سے ہے کہ اشکال بیوت

خانہ ۳، خانہ ۵، خانہ ۷ و خانہ ۹ کو باہم



ضرب دے کر دو اشکال پیدا کریں۔ بعد ازاں ان دونوں متحصلہ کو آپس میں ضرب دے کر تیسرا متحصلہ پیدا کریں اگر تیسرے متحصلہ کی شکل ⁝ یا ⁝ ہو تو غائب ایک ماہ میں آجائے گا۔ اگر متحصلہ ⁝ یا ⁝ ہو تو عرصہ سہ یوم یا پنجم یوم، اگر متحصلہ ⁝ ہو تو عرصہ سات یوم، اگر متحصلہ ⁝ ہو



تو عرصہ دو سال اگر متحصلہ ⁝ ہو تو سات سال میں اگر متحصلہ ⁝ ہو دے تو باقی گزشتہ اشکال عرصہ پیش کر چکا ہوں۔ وہاں سے دیکھیں۔

ہاشم رمال طوسی سے منقول ہے کہ اگر خانہ ۹ میں یہ اشکال ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ آجائیں تو غائب آوے اور خانہ ۹ میں یہ اشکال آجائیں ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ تو عرصہ ماہ میں آوے گا اور خانہ ۹ میں ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ سے کوئی شکل آجائے تو عرصہ دو ماہ میں آوے اگر خانہ ۹ میں ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ ہو دے تو اندر ایک سال میں غائب آوے۔

سوال: سائل نے سوال کیا ہیں کسی کے ساتھ شراکت کرتا ہوں نفع ہوگا یا نقصان؟

جواب کے لئے زائچہ تیار کیا

شکل خانہ ۷ کو شکل خانہ ۱ میں ضرب دے کر نتیجہ برآمد کیا اور پھر خانہ ۶، خانہ ۸ کی اشکال کو آپس میں ضرب دے کر نتیجہ حاصل کریں اور ہر دو نتائج کو آپس میں ضرب دے کر متحصلہ پیدا کریں اگر یہ متحصلہ سعد داخل ہو یا سعد ثابت ہو تو دلیل فائدہ و منافع ہوگا اور باہم شرکا میں دوستی رہے اور ایک دوسرے پر اعتماد رہے۔



اگر متصلہ کی شکل سعد خارج یا منقلب ہو تو شرکا میں دوستی و محبت رہے لیکن فائدہ کچھ نہ ہو اگر متصلہ نحس شکل ہو تو نفع مطلقاً نہ ہو باہم شرکین میں رنج و جدائی اور مقدمہ بازی پیدا ہو اگر متصلہ شکل ☲ ہو تو شرکا میں جنگ و جدل ہو ایک دوسرے کے دشمن بن جائیں اور سرمایہ کل ضائع ہو۔

جامع الاسرار سے منقول ہے کہ شکل خانہ ۱ سائل کے متعلق ہے اور شکل خانہ ۲ مال سائل اور شکل خانہ ۷ شریک سائل اور خانہ ۸ مال شریک سائل ہے ان خانوں میں اشکال سعد قوی ہوں موافق ان کے حکم نفع کا کرے اور جو نحس اور مجرور اشکال ہوں تو حکم نقصان کا کرے اگر مساوی ہوں تو حکم برابری کا کرے

اگر نقصان و نفع کا سوال ہو تو خواجہ نصر الدین کا قول ہے کہ اگر شکل خانہ ۲ و شکل خانہ ۸ سعد کسی حیثیت سے سائل و مسئول دونوں کو نفع رہے اور خانہ ۲ سعد ہو اور شکل خانہ ۸ نحس تو سائل کو نفع رہے اور مسئول کو نہیں اسی طرح اگر خانہ ۸ سعد ہو اور شکل خانہ ۲ نحس ہو مسئول کو نفع ہو سائل کو نہیں

سوال: اگر کوئی سوال کرے کہ میں کسی پر دعویٰ کروں کامیاب ہوں گا یا مدعا علیہ جیت جائے گا؟

جواب: اس سوال کے حل کیلئے زائچہ بنائیں۔ قاعدہ یہ ہے کہ شکل خانہ ۱ کو شکل خانہ ۹ کے ساتھ آپس میں ضرب دے کر نتیجہ برآمد کریں اور پھر خانہ ۷ کو شکل خانہ ۱۰ سے ضرب دے کر نتیجہ حاصل کریں پھر دونوں نتائج کو آپس میں ضرب دے کر متصلہ نکالیں شکل نتیجہ اول متعلق مدعی ہے اور دوم شکل متعلق مدعا علیہ، اگر متصلہ شکل مدعی



کے خانہ سعد میں سعد شکل ہو تو مدعی جیت جائے گا۔ اور متصلہ کی سعد شکل مدعا علیہ کے خانے میں ہو تو مدعا علیہ جیت جائے گا اگر متصلہ کی شکل دونوں کے خانوں میں آجائے تو برابر ہوں یعنی دونوں کے مابین راضی نامہ ہو جائے۔

اب اس مثال کو اس طرح سے حل کیا۔ شکل خانہ ۱ × شکل خانہ ۹

مدعی متحصلہ

شکل خانہ ۷ × خانہ ۱۰ متحصلہ مدعا علیہ

دونوں متحصلہ کو پھر ضرب دیا

تیسری متحصلہ شکل ☶ جبتہ الداخل برج ثور اور ستارہ زہرہ سے تعلق رکھتی ہے یہ شکل داخل ہے مذکورہ بالا زائچہ میں کسی جگہ نہیں آئی۔ البتہ اس شکل کا عکس مدعی کے خانہ ۱ میں موجود ہے اور اس کی تکرار خانہ ۶ میں ہے دو مرتبہ مدعی جیت جائے گا کیونکہ خانہ ۱۵ میں شکل طریق آئی جو کہ نیک شکل ہے اس کے علاوہ جبتہ الخارج آتشی شکل ہے اور خانہ ۱ بھی آتشی ہے اس طرح قوی ہے اور اس کی تکرار خانہ ۶ میں ہے چونکہ خانہ بادی کا ہے شکل آتشی موجود ہے اور تکرار ہے آتشی اور بادی میں پیار ہے اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مدعی اس مقدمہ میں کامیاب ہوگا۔

اگر کوئی سوال کرے کہ فلاں قسم کے تنازعہ میں یا مقدمہ میں کون کامیاب ہوگا؟

جواب کے لئے خانہائے اول و خانہ ۴ و خانہ ۹ و خانہ ۱۱ سائل سے متعلق ہیں اور خانہ ۱ اور خانہ ۷ و خانہ ۱۰ و خانہ ۱۲ متعلق مسئول سے ہیں خانہ ۱۵ حاکم سے ہے جس کی جانب اشکال سعد دونوں ہوں وہی غالب ہو اور فتح پائے اگر مساوی اشکال ہوں تو راضی نامہ ہو جائے۔

سوال: کوئی شخص سوال کرے کہ میری موت کس طرح کی ہوگی؟

جواب کے لئے زائچہ کشید کریں۔

هوالعلیم الخبیر

شکل خانہ ۱۲ و شکل خانہ ۸ کو باہم ضرب دے کر نتیجہ برآمد کریں اگر یہ نتیجہ آوے شکل ☲ ☲ آوے تو مرگ ناگہانی ہو اور جان کنی بآسانی ہو اگر متحصلہ ☲ شکل ہو تو بہ سبب افلاس و

سخت ایام سے تباہ ہو کر مرے اگر متصلہ کی اشکال بد ہوں تو زہر کھا کر مرے یا کوئی زہریلا جانور کاٹے۔ اگر متصلہ اشکال ⁝ ⁝ ⁝ ہو تو عیش و عشرت کے ساتھ اپنے مکان پر عزیزوں و اقرباء کے پاس موت ہو اور عمر طبعی پاوے اگر متصلہ شکل ⁝ ⁝ ہو تو تکلیف اور بیماری سے گھل گھل کر مرے۔ یا قید و گرفتاری میں کام تمام ہو اگر متصلہ شکل ⁝ ⁝ ہووے تو مسافرت میں مرے یا پھر کسی مرض شدید میں گرفتار ہو کر مرے۔ اگر نتیجہ ⁝ ⁝ ہو تو موت اسکے یا چوٹ سے ہو اگر متصلہ شکل یہ ہو ⁝ ⁝ ⁝ تو موت سادہ ہو بہ سبب مرض متزمن کے یا صدمہ آسیب کے ہو۔

سوال میراث ملنے کا ہو، سائل نے پوچھا، مجھے وراثت ملے گی یا نہیں؟

جواب کیلئے زائچہ تیار کیا:



خانہ اول کی شکل کو خانہ ۴ کی شکل سے ایپس میں ضرب دیں اور حاصل ضرب کو شکل خانہ ۸ سے دوبارہ ضرب دے کر متصلہ شکل حاصل کریں اگر متصلہ شکل ⁝ ⁝ ⁝ ان میں سے کوئی شکل ہو تو سائل کو مال میراث آسانی سے ملے اگر متصلہ شکل ⁝ ⁝ ہووے تو سائل کو میراث حاصل کرنے کے لئے بڑی تگ و دو کرنی پڑے گی۔ اگر متصلہ شکل ⁝ ⁝ آباد ہے تو مال میراث کچھ ہاتھ آبادے اور کچھ ہاتھ نہ آوے۔

عطائی لاہوری نے تحریر فرمایا ہے کہ متصلہ شکل سعد داخل ہو تو سائل کو فوراً میراث ملے شکل ثابت ہو تو دیر سے ملے اگر شکل خارج ہو تو سائل کو مال حاصل ہو مگر ضائع ہو جائے اگر شکل منقلب ہو تو کچھ مال ملے اور کچھ نہ ملے نحس شکل ہے تو میراث بالکل نہ ملے۔

سفر کے بارے میں سائل سوال کرے تو خانہ ۳ اور خانہ ۹ پر نظر رکھیں اگر خانہ ۳ کی شکل سعد اور قوی ہو تو نزدیک کا سفر بہتر ہے اگر خانہ ۹ کی شکل سعد اور قوی ہو تو دور کا سفر

بہتر ہوگا اگر دونوں خانوں کی شکلیں سعد ہوں تو دونوں سفر بہتر ہوں گے۔ اگر خانہ ۱۲ کی شکل نحس ہو تو نزدیک کا سفر نہ کریں اگر خانہ ۹ کی شکل نحس ہو تو دور کا سفر نہ کریں اور اگر دونوں خانوں کی اشکال نحس ہوں تو سفر کا ارادہ ترک کر دیں۔

سوال: حاکم وقت سے متعلق ہو! یہ کیسا ہے اور کب تک رہے گا؟

جواب کیلئے زائچہ کشید کریں۔ اگر زائچہ میں خانہ ۱، خانہ ۷، خانہ ۱۰ اور خانہ ۱۱ جسے اوتاد کہا جاتا ہے ان کی اشکال سعد داخل یا سعد ثابت ہوں تو دلیل ہے کہ حاکم عرصہ دراز تک رہے گا اور رعایا تنگ اور پریشان رہے گی مراد اس کے ختم ہونے کی دعائیں مانگیں گے۔ اگر اشکال سعد داخل ہوں یا سعد ثابت ہوں تو دلیل ہے کہ سلطان یا حاکم عرصہ تک رہے گا رعایا خوش و خرم رہے گی اور ملک کی بہتری کے لئے کام کرے گا۔ زائچہ کے خانہ ۱ اور خانہ ۱۰ کو ضرب دے کر اور پھر خانہ ۴ اور خانہ ۷ کو ضرب دے کر دونوں متحصلہ نکالیں اور پھر دونوں متحصلہ کو آپس میں ضرب دے کر ایک شکل پیدا کریں یہی متحصلہ شکل آپ کو حقیقت سے آگاہ کرے گی۔

سوال: اگر کوئی شخص سوال کرے کہ میرے واسطے کس قسم کا کام بہتر ہے؟

جواب: ساعت شمس میں زائچہ تیار کریں اور خانہ ۱ کو خانہ ۱۰ سے ضرب دے کر شکل پیدا کریں پس یہ متحصلہ جس قسم کی نسبت کرے اسی نسبت سے منسوبات کسب اشکال کا کام کرے بہتر ہوگا۔

دوسرا قاعدہ منقول مرات الرمل سے ہے اگر سوال ہو کہ مجھ کو کس قسم کے کام میں مفاد و بہتری ہوگی۔ زائچہ تیار کریں۔ خانہ ۱ اور خانہ ۱۲ کی اشکال کو ضرب دیں اور پھر خانہ ۱ اور خانہ ۴ کو ضرب دے کر متحصلہ پیدا کریں پھر دونوں متحصلہ کو آپس میں ضرب دیں یہ تیسرا متحصلہ شکل جس کسب یا کام کا ہو وہ پیشہ اور کام سائل کی بہتری اور مفاد میں ہوگا۔

سوال: اگر کوئی سوال کرے کہ مجھے دوستوں سے نفع ہوگا یا نہیں؟

جواب: اہل یونان سے ہے کہ شکل خانہ ۱ اول کو خانہ ۱۱ سے ضرب دے کر متحصلہ پیدا کریں اور پھر اس متحصلہ شکل کو خانہ ۱۱ کی شکل سے ضرب دے کر دوسرا متحصلہ پیدا کریں پس اگر یہ نتیجہ سعد داخل

ہو تو حصول مراد ہے اور نحس ہو تو پھر سائل کو دوستوں سے مفاد ملنا مشکل ہے۔

سوال: فلاں شخص مجھے دوست سمجھتا ہے یا دشمن؟

جواب: زائچہ تیار کریں مفتاح الرمل سے ہے کہ خانہ ۱ کی شکل و خانہ ۱۱ کی شکل کو اور خانہ ۵، ۱ کی شکل کو آپس میں ضرب دے کر متصلہ نکالیں پھر دونوں متصلوں کو آپس میں ضرب دے کر تیسرا متصلہ نکال کر دیکھیں یہ شکل خانہ ۶، خانہ ۷، خانہ ۸ اور خانہ ۱۲ میں تکرار کرے تو دلیل عداوت کی ہے۔ اور اگر متصلہ شکل خانہ ۳ و خانہ ۵ و خانہ ۹ و خانہ ۱۱ میں تکرار کرے تو دلیل محبت کی ہے اور عنصر ضد کی ہو تو دلیل عداوت کی ہے۔

سوال: دوستی کی پائیداری ناپائیداری کے لئے جو کلیہ لکھا ہے وہ یہاں پیش کرتا ہوں؟

جواب: لطف اللہ رمال کا قول ہے کہ اگر خانہ ۳ میں شکل زہرہ ہو تو بہت اعلیٰ پائیداری ہے اگر خانہ ۳ میں شمس و عطارد کی شکل آجائے تو پھر بھی اچھی دوستی ہو سکتی ہے اگر خانہ ۳ میں قمر و مشتری شکل آجائے تو اوسط درجہ کی دوستی کی دلالت کرتی ہے اگر خانہ ۳ میں مریخ و زحل و دبیس کی شکل آجائیں تو دوستی میں شر و فساد اور عذاب کی نشاندہی کرتی ہے۔

سوال: سائل سوال کرتا ہے کہ میں کس سے امید رکھتا ہوں وہ پوری ہوگی یا نہیں؟

جواب: منقول الرمل سے ایک قاعدہ ہے وہ یہاں پیش کرتا ہوں رمال کو اس پر غور کرنا چاہئے۔ امید کس شخص سے ہے پڑوسی سے ہے یا بہن بھائیوں سے یا والدہ سے یا لڑکے سے یا محبوب سے یا عورت سے یا شریک سے یا حاکم سے یا باپ سے۔ الغرض سائل کی امید کس سے وابستہ ہے آپ نے اس پر غور کرنا ہے۔ یہ نقطہ آپ کو کسی کتاب میں نہیں ملے گا میرا سینہ بے کینہ ہے: نکل کو چاک کر دیا ہے آپ کی رہنمائی کے لئے جگہ جگہ وضاحت کرتا آیا ہوں پھر بھی آپ کو دقت یا مشکل یا رکاوٹ محسوس ہو تو آپ بلا جھجک مجھ سے رابطہ کر سکتے ہیں میں آپ کی ہر مقام پر خدمت کرنے کو تیار ہوں۔

اب سائل نے اپنے پڑوسی سے امید ظاہر کی ہے تو زائچہ تیار کریں۔ شکل خانہ ۱ (طالع کہتے ہیں) اور اس خانہ کی شکل کو ۲ سے ضرب دے کر متصلہ نکالے اور پھر خانہ ۱۱ سے متصلہ شکل کو ضرب

دے کر متحصلہ نکالے اس متحصلہ پر غور کرے اگر یہ سعد داخل ہے اور خانہ سعد میں تکرار کرے تو سائل کی امید پوری ہوگی انشاء اللہ، اگر نحس خانہ میں تکرار کرے تو نتیجہ برعکس ہوگا۔



مثال: قانون کا مطالعہ:

شکل خانہ ۱ کو شکل خانہ ۱ سے ضرب دی کیونکہ پڑوسی کا خانہ ۱ ہے۔

۱ × ۱ = متحصلہ

اور متحصلہ کو خانہ ۱۱ کی شکل سے ضرب دی

متحصلہ × = جماعت

آگئی ہے یہ برج سنبلہ ستارہ عطارد سے تعلق رکھتی ہے نیک شکل ثابت ہے نوعیت مردہ ہے چونکہ اس متحصلہ سے تکرار کسی خانے میں نہیں کی نتیجہ یہ نکلا دوستی ہوگی مگر ناپائیدار ہوگی۔

امید کا سوال بروئے سیدنقی سے ہے خانہ ۱ و خانہ ۱۱ کی اشکال کو ضرب دے کر متحصلہ نکالیں اور پھر خانہ ۵ کی شکل اور خانہ ۱۱ کی شکل کو ضرب دے کر متحصلہ نکالیں پھر دونوں متحصلہ کو آپس میں ضرب دیں اور دیکھیں کہ تیسری متحصلہ شکل سعد داخل ہو تو امید بر آئے گی۔ اور خارج ہو تو بزدی پوری ہو گی اگر خلاف ہو تو برعکس جائیں۔ امید کے سوال میں

امید کے سوال میں زبدہ سے ہے شکل ۱ (طالع) کو خانہ ۱۱ کی شکل سے ضرب دے کر متحصلہ نکالیں اور اس متحصلہ شکل کو میزان کی شکل سے ضرب دے کر نیا متحصلہ پیدا کریں اگر یہ سعد داخل ہو تو امید فوراً پوری ہو اور ثابت شکل ہو تو بدیر ملے اور خارج و منقلب ہو تو کچھ ملے اور کچھ نہ ملے۔

دھاگہ محبوب کے بارے میں سوال ہو تو؟

جواب کیلئے میر روشن علی رمال دہلوی کا تجربہ پیش ہے زائچہ تیار کریں اور خانہ ۵ کی شکل اور خانہ ۵ کی شکل کو آپس میں ضرب دے کر متحصلہ نکالیں اور پھر شکل خانہ ۱ اور خانہ ۱۱ کی شکل کو ضرب

دے کر متحصلہ نکالیں اور پھر ان دو متحصلہ کو آپس میں ضرب دے کر تیسرا متحصلہ نکالیں اس کے بعد تیسرے متحصلہ کو پھر خانہ ۶ کی شکل سے ضرب دیں جو تھا متحصلہ سعد خارج ہو تو دلیل قیدی کی رہائی کی ہے۔ اگر نتیجہ شکل سعد داخل ہو تو دیر کے بعد رہائی ہو اگر نحس خارج ہو تو پریشانی کے بعد رہائی ہو اگر نتیجہ داخل نحس ہو تو قیدی جیل میں فوت ہو اور نتیجہ شکل ثابت یا منقلب اس طور پر ہووے یعنی نتیجہ ☲ ہو اور تکرار خانہ ۴ و خانہ ۵ میں کرے تو دلیل ہے کہ ایک جیل سے دوسری جیل میں تبدیل ہو یا جلاوطن ہو امام زنانی کا قول ہے کہ اگر خانہ ۳، خانہ ۸ و خانہ ۱۲ میں ☲ ہو تو خوف مرگ محبوب ہے۔

رہائی کے بارے میں ایک اور قاعدہ لطف الرمل سے ہے جو کہ اشکال خانہ ۶ اور خانہ ۱۲ کو باہم ضرب دے کر متحصلہ حاصل کریں اگر یہ سعد خارج یا منقلب ہو تو قیدی جلد رہائی پاوے اور باقی اشکال ناقص تاخیر سے آزاد ہوگا۔

قاعدہ ۵: شیخ شہاب الدین رمال سے ہے خانہ ۱ و خانہ ۸ کی اشکال کو آپس میں ضرب دے کر متحصلہ نکالیں یہ متحصلہ سعد خارج ہو تو قیدی فوراً خلاصی پاوے نحس خارج ہو تو دیر سے آزاد ہو داخل ثابت کا حکم عدم رہائی ہے۔

قاعدہ ۶: مولانا غیاث الدین بردوئی سے ہے کہ خانہ ۲ اور خانہ ۸ کی اشکال کو آپس میں ضرب دے کر متحصلہ ۱ نکالیں اور پھر متحصلہ ۱ اور متحصلہ ۱ کو آپس میں ضرب دے کر تیسرا متحصلہ نکالیں یہ متحصلہ سعد خارج ہو تو قیدی فوراً آزاد ہو نحس شکل ہو تو بے اختیار داخل و ثابت ہوا تو حکم برعکس لگائیں۔ اور صاحب اسرار الرمل سے ہے کہ خانہ ۱ اور خانہ ۸ کو آپس میں ضرب دے کر متحصلہ ۱ پیدا کریں اس طرح خانہ ۶ اور خانہ ۱۲ کو آپس میں ضرب دے کر دوسرا متحصلہ نکالیں۔ موافق قاعدہ مذکور حکم لگائیں۔

اگر کوئی سوال کرے خرید چاہ پایہ مبارک ہے یا نہیں؟

جواب کے لئے خانہ ۱ و خانہ ۶ کی اشکال کو آپس میں ضرب دے کر ایک متحصلہ نکالیں اور پھر خانہ ۲ اور خانہ ۱۲ کو ضرب دے کر متحصلہ ۲ حاصل کریں۔ اگر متحصلہ ۱ اور متحصلہ ۲ کو ضرب دے کر

تیسرا متصلہ نکال کر دیکھیں اگر ☵ ، ☲ ، ☳ ان میں سے کوئی شکل ہو تو مبارک ہے اگر تیسرا متصلہ ☰ ، ☱ ، ☴ ہو تو مبارک ہے لیکن نفع ہو گا اگر ☰ ☷ ☴ جو شکل ہو تو نامبارک ہے جلد مر جائیگا اگر تیسرا متصلہ ☶ ☶ ہو تو جلد فروخت ہو جائے گا۔ اگر تیسرا متصلہ ☷ ☷ ہو تو نقصان ہے اگر متصلہ ☰ تو دلیل ہلاکت کی ہے۔ بعض اساتذہ خانہ ۱ و خانہ ۱۲ کی اشکال کو ضرب دے کر نتیجہ سے حکم کرتے ہیں اور بعض خانہ ۲ اور خانہ ۱۱ کو ضرب دے کر متصلہ نکالتے ہیں وہ بھی درست ہے۔

ایک اور قاعدہ: اگر کوئی دریافت کرے کہ خرید چار پایہ میں نفع ہو گا یا نقصان؟ زائچہ تیار کر کے خانہ ۲ اور خانہ ۱۱ کو باہم ضرب دے کر متصلہ نکالیں اگر متصلہ سعد داخل ہو تو نفع ہو اور نحس ہو تو اس کے خلاف ہو۔

قاعدہ: اگر کوئی عیب دثواب جانور کا دریافت کرے تو زائچہ تیار کر کے خانہ ۶ اور خانہ ۱۲ کی اشکال کو آپس میں ضرب دے کر متصلہ نکالیں اگر اس کا ☰ ☲ یا ☰ برآمد ہو تو دلیل ہے کہ جانور صحیح ہے اور ☵ ☵ ہووے تو خوف ہلاکت اور جو ☷ ☷ ہو تو جانور میں عیب ہے۔

فقیر نے رمل کے ۱۲ خانوں کے سوالات متصلہ کے ذریعے نکال کر پیش کر دیئے آگے آپ نے محنت اور کوشش کرنی ہے۔ کیونکہ بغیر محنت کے کوئی کام نہیں ہوتا۔

(خدا آپ کا حامی و ناصر ہو)

اس کتاب سے متعلق کسی قسم کی دقت یا پریشانی کی صورت میں

ادارہ روحانیات رحیمیہ

سے رجوع کریں

زائچہ کو پڑھا کیسے جاتا ہے؟

اور اس کی بصورت تکرار...

سوال: نفع، شراکت اور دوستی قائم رہے یا نہ؟

حل

هو العلیم الخبیر



نظرات



خانہ ۱ پر غور کریں جس میں شکل ≡ لحیان اور ستارہ مشتری ہے پھر تکرار پر غور کیا تو خانہ ۵ میں اس کی تکرار آئی ہے اور پھر جدول سکن کے خانہ ۵ سے ضرب دیا۔ جدول سکن کا خانہ ۵ ÷ ہے اور زائچہ خانہ ۵ ≡ ان دونوں کو آپس میں ضرب دیا ÷ × ≡] ÷ پھر اس متصلہ شکل کو زائچہ میں دیکھا تو خانہ ۲ میں کھڑی ہے جو اپنے گھر میں ہے یعنی جدول سکن کے خانہ ۲ کی ہے اس سے معلوم ہوا کہ ایک شخص کے ساتھ صاحب زائچہ کی دوستی ہوگی جس سے شراکت میں کافی نفع ہوا دوسرا ثبوت یہ ہے کہ شکل مشتری نے خانہ ۵ میں تکرار کیا ہے یہ نظر تثلیث ہے نیک نظر ہے اور دوستی ہے۔ (تکرار کا چارٹ رحیم الرمل حصہ دوئم ص ۴۸ پر دیکھیں)

تکرار اہم راز ہے اس پر غور کرنا چاہیئے۔

۱: اگر کوئی شکل نحس کسی نحس خانے میں تکرار کرے پھر خانہ سعد میں آجائے تو خیال کرنا چاہیئے کیونکہ پریشانیوں کے بعد آسانی ہوگی۔

۲: اگر شکل نحس خانہ سعد میں تکرار کر کے پھر نحس خانہ میں آجائے تو اس سے یہ نتیجہ نکلے گا کہ آغاز میں کام اچھا ہوگا اور بعد میں بگڑ جائے گا۔

۳: اگر طالع میں سعد شکل آئے اور تکرار بھی سعد خانوں میں کرے تو سائل کو کامیابی ہی کامیابی ہوگی۔

۴: اگر طالع میں شکل سعد ہو اور تکرار اس کی نحس خانہ میں ہو تو سائل کو خوشی نہ ہوگی۔ مکمل طور پر پریشانی ہی پریشانی لاحق رہ جائے گی۔

۵: اگر طالع میں بھی شکل نحس ہو اور خانہ بھی نحس ہو اس میں تکرار کرے تو اس بات کا پورا پورا یقین کر لینا چاہیئے کہ نقصان پہنچے گا۔

۶: اگر شکل ضعیف طالع میں ہو اور تکرار بھی خانہ بد میں کرے تو پھر کامیابی نہیں ہوگی۔

۷: اگر شکل سعد قوی طالع میں ہو اور تکرار خانہ بد میں کرے تو پھر کامیابی نہیں ہوگی۔

۸: اگر اشکال سعد ضعیف طالع میں ہوں اور تکرار بھی خانہ سعد میں کرے تو سعادت کا نتیجہ کم ہی نکلتا ہے کسی دوسرے کی اعانت سے کام ہوگا۔

اہم نوٹ: مذکورہ بالا کے علاوہ ساتھ ساتھ شکل داخل ۔ خارج منقلب اور ثابت اشکال کی حالت کو دیکھ کر حکم لگائیں۔

دوسرا سوال بھی اس کی روشنی میں حل کریں گے۔

جدول

ہم مزاج اشکال								
ستارے	شمس	عطارد	زہرہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	راس و ذنب

سائل نے اپنی قسمت بارے سوال کیا

قرعہ ڈال کر زائچہ تیار کیا۔



ء۱: (عمل)، خانہ ء۱ کو دیکھا جو شکل مشتری کی آئی ہے اور تکرار اس کا کہیں نہیں ہے لیکن خانہ ء۳ نصرۃ الاول شکل آئی ہے جب اس کو خانہ ء۳ کی شکل جدول سکن کو ضرب دی زائچہ کے خانہ ء۳ اور جدول سکن خانہ ء۳ کی شکل سے ضرب دی۔ [×]

متحصلہ شکل آئی ہے اور متحصلہ شکل ہمارے زائچہ کے خانہ ء۱۰ میں موجود ہے اور ہم نے خانہ ء۱۰ اصل شکل کے متحصلہ سے ضرب دی [×] تیسرا متحصلہ حاصل ہوا لیکن تیسری متحصلہ شکل اپنے زائچہ میں کہیں دکھائی نہیں دی آگے کا عمل روک کر جواب کی تلاش کی۔ اول خانہ میں شکل ہے اس کا ہم متزاج شکل خانہ ء۳ میں موجود ہے اور یہ خانہ منسوب ہے بھائی بہن اور اندرون ملک سفر سے۔ اور خانہ ء۳ کی شکل کو جدول سکن کے مالک ء۳ سے ضرب دیا تو شکل حاصل ہوئی اور ہم نے اپنے زائچہ میں دیکھا تو یہ شکل خانہ ء۱۰ میں موجود ہے۔ خانہ ء۱۰ کے منسوبات بلندی، بزرگی، ملازمت اور روزگار کے ہیں اور پھر اس کو خانہ ء۱۰ کی اصل شکل کے ساتھ ضرب دی تو نتیجہ شکل آئی یہ شکل از خود زر مال کی ہے جواب یہی ملا کہ سائل واسطے روزگار کے کہیں جانا چاہتا ہے۔ سائل نے سن کر تسلیم کیا چونکہ یہ شکل سعد داخل ہے انشاء اللہ جلد روزگار ملے گا۔

اگر آپ ماہنامہ "آثار النجوم" کے سالانہ خریدار ہیں یا
ہفت روزہ "بدر جہاں" کے خریدار ہیں تو
آپ کی مشکلات روحانی علاج بلا معاوضہ سرانجام دی جائینگی
خریداری نمبر بھیجنے پر کتابوں پر کمیشن دیا جاتا ہے۔

سبق نمبر ۲۴

زائچہ میں عکس شکل کے کیا نتائج ہوتے ہیں؟

جدول عکس

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
دائرہ																
عکس																

اب اس جدول کی روشنی میں سوال حل کرتا ہوں آپ توجہ خاص سے اس پر غور کریں

مثال کے طور پر زائچہ کے خانہ نمبر ۱ میں شکل لحیان آئی ہے جو برج قوس میں ستارہ مشتری سے تعلق رکھتی ہے اور پھر خانہ ۸ شکل عکس آئی ہے جو ایکس کے نام سے پکاری جاتی ہے برج اس کا دلو اور ستارہ بدزحل ہے۔ جب ہم نے اس شکل کو



اس کے اصلی خانہ کی شکل سے ضرب دی یعنی جدول سکن میں خانہ ۸ کو دیکھا تو شکل یہ تھی اب ان دونوں اشکال کو آپس میں ضرب دی [×] متحصلہ شکل حاصل جو زائچہ کے خانہ ۱۰ میں موجود ہے لیکن شکل طالع میں جو خانہ ۸ میں اٹ گئی تھی خانہ ۸ کے منسوبات مرگ، میراث و خوف وغیرہ سے نسبت رکھتا ہے اور خانہ ۱۰ حاکم و بزرگ کا ہے اس میں پڑی ہوئی شکل جو مال و زر سے نسبت رکھتی ہے

نتیجہ یہ نکلا کہ سائل اپنی وراثت کے لئے عدالتی کارروائی کرنا چاہتا ہے۔ اور اس کا حل خانہ ۱ شکل ☶ نیک باقوت ہے جو آتشی خانہ میں ہے اس لئے باقوت ہے اس لئے سائل کو کہا تو خوش نصیب تو ہے لیکن شکل آگے جا کر اس پر عکس خانہ ۱۲ آگیا ہے یہ خانہ بدکاری کے متعلق ہے سائل سے کہا کہ تو آج کل بدکار عورت کے چنگل میں پھنس گیا ہے اپنے روپے کا نقصان کر رہا ہے۔ اور عکس شکل ☵ کو دائرہ سکن کے اصلی شکل کے ساتھ ضرب دیا ☵ x ☵] متحصلہ ☲ آئی ہے جو زائچہ کے خانہ ۱۱ میں آئی ہے اس شکل کو جدول سکن کے خانہ ۱۱ سے ضرب دیا ☲ x ☶] ☲ متحصلہ شکل پیدا ہوئی یہ شکل نحس منقلب برج جدی ستارہ زحل سے نسبت رکھتی ہے سائل کو جواب دیا اس کام سے پرہیز کر بلکہ اس کام کو ختم کر دے ورنہ سخت نقصان ہوگا۔

دوسرا ثبوت ملاحظہ کریں، زائچہ کے خانہ ۷ میں شکل ☳ موجود ہے اس شکل نے تکرار خانہ ۳ میں کیا ہے اس شکل کو جدول سکن ۳ سے ضرب دیا ☳ x ☶] متحصلہ شکل ☵ پیدا ہوئی جو زائچہ کے خانہ ۵ میں موجود ہے جو کہ معشوق اور محبوب کا خانہ ہے لیکن اس شکل کا ہمزاج شکل ☳ خانہ ۷ میں موجود ہے معلوم ہوا سائل کی منکوحہ ہے اور جب شکل ☳ کو صاحب خانہ ۷ ☲ کے ساتھ ضرب کیا تو شکل ☵ حاصل ہوئی اور اس خانہ میں شکل ☲ پڑی ہوئی ہے جو منسوب بہ دوستی کے ہے لہذا معلوم ہوا کہ اس کی اپنی عورت نہیں بلکہ معشوق ہے اور پھر جب شکل کو شکل ☲ کے ساتھ باہم ضرب کیا تو شکل ☵ برآمد ہوئی اور یہ شکل زائچہ کے خانہ ۲ میں ہے اس کا عکس شکل ☵ موجود ہے پس نتیجہ برآمد ہوا کہ سائل نے بزرگوں کی برکت سے اس عورت سے نجات حاصل کر لی۔

علم کوئی بھی ہو مشکل ہوتا ہے محنت اس کا دروازہ ہے جو لوگ محنت کرتے ہیں وہ ضرور کامیاب ہو جاتے ہیں۔ ایک سوال حل کرتا ہوں اس پر آپ نے غور کرنا ہے اور توجہ خاص دینی ہے۔

ایک شخص نے سوال کیا آجکل میری قسمت کیا ہے؟

جواب کے لئے خانہ ۱ سے منسوب ہے

هوالعلیم الخبیر



اب زائچہ تیار کیا طالع یعنی ۱ میں ♎ ہے یہ فرح شکل برج میزان سے تعلق رکھتی ہے اس کا ستارہ زہرہ ہے عنصر کے لحاظ سے بادی ہے جدول سکن میں پانچویں اور جدول ابدح سے شکل گیارہویں ہے۔ یہی شکل سائل کی قسمت سے وابستہ ہے۔

قاعدہ نمبر۱: قانون کی رو سے دیکھنا ہے کہ شکل ♎ خانہ ۱ میں قوی ہے یا ضعیف، سعد ہے یا نحس اور وتد یعنی حال میں ہے یا مائل وتد یعنی مستقبل۔ خانہ ۲، ۵، ۸، ۱۱ اور زائل وتد یعنی ماضی خانہ ۳، ۶، ۹، ۱۲، وتد الوتد یعنی غائبانہ خانہ ۴، ۷، ۱۰، ۱۳، ۱۶، ۱۵، دیکھا جاتا ہے اس کے بعد نظرات اس کے مطلوب کی اس کے ساتھ کس طرح پر ہے (زائچہ میں ہر شکل کا مطلوب خانہ ۷ ہوتا ہے اس کی تکرار و شکل و مقصد کہاں کہاں ہے اور عکس اس کا کس کس خانہ میں موجود ہے اور گواہی گواہان کی کیا ہے مزاج کس طور پر ہے ظاہر و باطن کیا کیا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

۱: دیکھئے زائچہ میں شکل فرح ♎ بادی ہے اور خانہ آتشی وتد الوتد شکل خانہائے وتد میں آنا زمانہ حال اور پوری قوت کی علامت ہوتی ہے) اور خانہائے مائل وتد میں آنا زمانہ مستقبل اور قوت مصداق کو ظاہر کرتی ہے خانہائے زائل وتد میں آنا ماضی اور محض کمزوری کی علامت ہے خانہائے وتد الوتد میں آنا زمانہ غائبانہ یعنی حال قریب اور قوت سالم کا اظہار کرنا، روحانی علوم پر عنصروں کا دارومدار ہے۔

مزاج	آتش	بادمیں	آب میں	خاک میں
آتشی شکل	وتد	مائل وتد	زائل وتد	وتد الوتد
بادی شکل	وتد الوتد	وتد	مائل وتد	زائل وتد
آبی شکل	زائل وتد	وتد الوتد	وتد	مائل وتد
خاکی شکل	مائل وتد	زائل وتد	وتد الوتد	وتد

مذکورہ بالا زائچہ بادی شکل آتشی خانہ ہے اس لئے ہم نے کہا وتد الوتد میں آئی ہے۔ سعد منقلب اور مستوب کواکب زہرہ ہے جو سعد اصغر ہے لہذا اس شکل کو زائچہ میں چار طاقتیں حاصل ہیں
۱: ایک قوت مرکزی دوست کے گھر میں ہے کیونکہ آتش و باد میں دوستی ہے اس لئے اسے قوت ہے۔
۲: قوت وتد میں ہے ۳: قوت سعادت قوت مساویت سیارہ ۹ عدد کی حاصل ہے اس لئے

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
طالب	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝
مطلوب	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝

ذات خاص قوی ہے اب اس کے مطلوب کو دیکھا۔ یاد رکھیں مطلوب ہر شکل کی جدول یعنی طالب اور مطلوب کی رو سے اس کی ساتویں شکل ہوتی ہے مندرجہ بالا اصول کے تحت مطلوب شکل ⁝ کا ⁝ ہے جو شکل حمرہ بادی اور نحس ثابت ہے برج عقرب اور ستارہ مریخ ہے اور زائچہ مذکور کے خانہ ۱۶ و مرکز مخالف میں ہے اور کمزور ہے پس نتیجہ یہ نکلا کہ سائل کی قسمت تو درست ہے لیکن اس پر نحوست طاری ہے کیونکہ مطلوب شکل مقصد کا خود نحس و نحوست میں ہے اور نظر میں شکل طالع کے ساتھ کسی قسم کی نہیں رکھتا اور چونکہ شکل طالع سعد منقلب ہے اس لئے سائل متردد و متفکر ہے۔



قاعدہ ۳: اب تکرار شکل کو دیکھا تو زائچہ کے خانہ ۳ میں پایا یہ شکل ⁝ سعد منقلب ہے اور خانہ

نحس میں تکرار کیا ہے خانہ ۳ منسوب ہے برادر اور ہمشیرہ کے ہے اور شکل ☶ کی صورت اس خانہ میں عورت کی ہے نتیجہ یہ نکلا کہ بھائیوں سے سائل کا نفاق رہے گا مگر ایام نحوست میں بہن سے نفع پہنچے، لیکن ہمشیرہ سائل کی بغیر خاوند ہے کیونکہ دیکھئے شکل ☶ مطلوب کو مرکز ثابت اور خانہ خاک میں ہے اور اس جگہ شکل ☵ مانند مرد کے ہے اس لئے کہا گیا کہ سائل کی ہمشیرہ بے شوہر ہے اور سائل کی حالت بھی اس وقت مفلس، نادار اور تہی دست ہے۔

قاعدہ ۴: زائچہ میں طالع کی شکل کا عکس تلاش کیا ☶ جو خانہ ۱۲ میں ہے اور عکس مطلوب طالع ☵ کی شکل ☵ جو کہ گواہ شکل طالع مذکور کا ہے خانہ ۱۲ میں موجود ہے کو دیکھا کہ قوی ہے یا ضعیف تو دیکھئے گواہ شکل طالع ☵ بیاض برج سرطان ستارہ قمر ہے عنصر آبی ہے ناظر ہے مگر باعث مرکز مخالف ہے مزید صورت اولیٰ یعنی عکس کا خانہ ۱۲ میں دلیل زیادتی نحوست ہے کیونکہ یہ شکل سعد داخل ☶ کے مرکز میں معکوس ہوئی ہے مگر صورت دوم دلیل بہتری ہے کیونکہ مطلوب طالع کا عکس خانہ ۱۲ خارج میں بحیثیت ثابت کے موجود ہے اور ناظر طالع سے ہے ہر دو اشکال سعد ہیں ایک منقلب اور ایک ممتزج دلالت کرتی ہے اس سے نتیجہ یہ نکلا کہ سائل کبھی خوش اور کبھی پریشان رہا کرے گا۔

قاعدہ ۵: اب ہم مزاج شکل طالع کو دیکھتے ہیں تو ☶ شکل بادی ہے یہ بھی مرکز مخالف میں زائچہ کے خانہ ۱۲ کے اندر موجود ہے اور ناظر تنظیم تربیع یعنی نیم دشمنی سے ہے لہٰذا ان کا بھی یہی ہے کہ اس وقت حالت خراب ہے لیکن انجام بہتر ہو گا۔

قاعدہ ۶: اب ظاہر و باطن شکل مقصد و مطلوب مقصد کو دیکھا جب شکل طالع ☶ کو صاحب سکن کی شکل اول کو ضرب دیا (☶ × ☵) متحصلہ شکل ☳ پیدا ہوئی اس کی تکرار زائچہ کے خانہ ۲ و خانہ ۱۱ میں ہے نتیجہ نیک ہے یعنی سائل کو غائبانہ مالی مدد پہنچ جائے گی مگر چونکہ مطلوب اس کا شکل ☵ ظاہر و باطن ایک ہی حالت پر ہے اس کی تکرار بھی زائچہ کے اندر کہیں نہیں ہے جو نحوست کی علامت ہے اور چونکہ عدد ☵ کے شکل کا عرصہ ۴ ماہ ۷ یوم ہو گا یہ قانون اور قاعدہ ہے زائچہ رمل کا نتیجہ حاصل کرنے کیلئے رمال ہمیشہ ان قواعد کو مدنظر رکھے۔

مذکورہ بالا زائچہ رمل سات قوانین کی روشنی میں حل کیا ہے۔

قانون ۱: شکل مقصد یعنی مطلب کے زائچہ میں قائم کرنا یعنی کہ کونسی ہے اور تعلق مقصد سائل کا کس خانہ سے ہے۔

قانون ۲: زائچہ میں قوت وضعف مرکز شکل کا دیکھنا آیا وہ شکل باقوت ہے یا ضعیف یا سعد ہے یا نحس ہے اور یہ بھی دیکھنا ہے کہ وہ شکل وتد میں ہے یا زائل وتد یا وتد الوتد میں ہے

قانون ۳: پھر ہم نے نظر اس کے مطلوب کی اس کے ساتھ کیسی ہے دوستی ہے یا دشمنی، نیم دوستی یا نیم دشمنی، نظر مقارن یا مقابل اور سعد ہے یا کہ نحس ہے۔

قانون ۴: زائچہ کے اندر تکرار اشکال پر غور کرنا ہے یعنی شکل مطلب یا مقصد کی تکرار کس خانہ میں ہے موافق ہے یا ناموافق، اور نتیجہ تکرار کیا ہے۔

قانون ۵: عکس و معکوس شکل مقصد کا دیکھنا اور اس کے داخل و خارج اور سعد ونحس پر غور کرنا اور پھر اس کے گواہان کی گواہی طلب کرنا

قانون ۶: اس کے علاوہ شکل مقصد اور اس کے مطلوب کے ہم مزاج کو بھی دیکھا ہے اور اس کی شرکت سے نتیجہ نکلنا اور صداق پر لحاظ کرنا اور اس کی گواہی کے مطابق نتیجہ اخذ کرنا۔

قانون ۷: ظاہر و باطن شکل مقصد و مطلوب شکل مقصد پر غور کرنا اور نتیجہ نکالنا۔

یہی وہ راز ہیں انہی رازوں کی روشنی میں مذکورہ بالا سوال حل کیا ہے۔

اشکال کی قوت اور کمزوری کہاں ہوتی ہے

ذیل میں دیئے گئے جدول کی تشریح کے سلسلے میں چند گزارشات حسب ذیل ہیں جو کہ اس حوالے سے ضروری ہیں کہ کوئی قانون اب اوجھل نہ ہو جائے۔

تشریح ۱: شکل آتشی چاہے سعد ہو یا نحس شکل آتشی کے اندر نفع و نقصان کے پورے اختیارات

پوزیشن اشکال	آتشی خانوں کے اندر	بادی خانوں کے اندر	آبی خانوں کے اندر	خاکی خانوں کے اندر
خانہ مزاج عنصری	۱-۵-۹-۱۳	۲-۶-۱۰-۱۴	۲-۷-۱۱-۱۵	۴-۸-۱۲-۱۶
شکل آتشی	قوی پورے اختیارات	نصف قوت	کمزور حالت	درجہ مساوی
شکل بادی	مساویت	قوی پورے اختیارات	نصف قوت	کمزور حالت
شکل آبی	کمزور	درمیانہ مساوی	قوی پورے اختیارات	نصف قوت
شکل خاکی	نصف قوت	کمزور ضعیف	مساویت	قوی پورے اختیارات

رکھتی ہے جن کا تعلق زمانہ حال اور عرصہ مدت ساعت و روز تک محدود ہوا کرتا ہے۔

تشریح ۲: اگر آتشی شکل خانہ بادی میں آجائے تو اس کی سعادت و نحوست کے اختیارات نصیب رہ جاتے ہیں جن کا تعلق زمانہ مستقبل سے ہے اور عرصہ مہینوں تک محدود ہوتا ہے

ع ۳: اگر آتشی شکل خانہ آبی میں آجائے تو وہ شکل کمزور اور ضعیف ہوتی ہے اور سائل کو پریشانی اور بدحالی نصیب ہوتی ہے یہ دشمنی اور مخالفت کا گھر ہے زمانہ ماضی اور عرصہ ماہانہ سے نسبت رکھتا ہے۔

ع ۴: اگر آتشی شکل خانہ خاک میں آجائے یہاں پر اسے درجہ مساوی کا حاصل ہے یعنی نہ زیادہ نحوست کا خوف اور نہ حسب منشاء سعدت کی امید، زمانہ حال قریب اور عرصہ مدت سال کے قریب ہے۔ اس طرح مذکورہ بالا جدول کی روشنی میں دیگر اشکال کے نتائج حاصل کریں۔

ان سوالات کے ساتھ ساتھ نواظر اور شواہد کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے اس پر بھی آپ نے غور کرنا ہے۔ اس لئے میں یہاں پر جدول شاہد قریب اور شاہد بعید اور ناظر قریب و ناظر بعید بھی پیش کرتا ہوں تاکہ آپ کو حکم لگانے میں کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔

نجوم کی طرح رمل میں بھی اصل خانے بارہ ہوتے ہیں۔

نمبر شمار خانہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
شاہد قریب	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱
ناظر قریب	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱	۲	۳	۴
شاہد بعید	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱	۲
شاظر بعید	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱	۲	۳	۴	۵	۶

تشریح: یعنی کہ خانہ سوال میں کوئی شکل سعد اور قوی تو ہے لیکن اس کے ناظر اور شواہد کمزور و نحس ہیں تو کام حسب منشاء پورا نہ ہوگا لہذا ان امور کے جانے بغیر حکم لگانا غلطی کا باعث ہوگا۔ اس لئے آپ کو خانہائے ناظر و شواہد وغیرہ سے واقفیت پیدا کرنا از حد ضروری ہے اس لئے بندہ نے مذکورہ جدول پیش کر دی تاکہ رمال کو کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔ پھر اس پر غور کریں کہ زائچہ رمل پر جو بھی آپ نے اپنا خانہ سوال منتخب کر لیا ہے پس اس کا دوسرا خانہ شاہد قریب اور خانہ ۵ ناظر قریب کہلاتا ہے اس طرح یہ خانہ انتخاب سے خانہ ۳ کو شاہد بعید اور خانہ ۷ کو ناظر بعید کہا جاتا ہے پس اگر اسی خانہ سعد کو کو مقیم شکل سعد کے ہمراہ یہ چاروں گواہ موافق ہوں تو ان کی موافقت کو مدنظر رکھ کر حکم لگایا جائے گا اور مختلف پڑیں تو پھر اکثریت پر حکم لگائیں اگر مساوی پڑیں تو پھر شاہد قریب کو ناظر قریب سے ضرب دے کر ایک شکل حاصل کی جائے اور پھر شاہد بعید اور ناظر بعید کو آپس میں ضرب دے کر ایک شکل حاصل کی جائے پھر ان دو متصلہ اشکال کو آپس میں ضرب دے کر تیسری شکل متصلہ کی روشنی میں جواب حاصل کریں یعنی اس برآمدہ شکل کا جائزہ لیا جائے کہ آیا وہ شکل داخل ہے یا خارج ہے۔ نحس ہے یا سعد ہے اور آپ کے موافق ہے یا مخالف اور ساتھ زائچہ میں موجود ہے یا مفقود ہے۔ اگر موجود ہے تو دیکھیے کہ خانہ سعد میں ہے یا نحس میں۔ نیز قوی ہے یا کمزور۔ پس ان متذکرہ بالا عوامل کے پیش نظر حکم لگائیں انشاء اللہ کبھی غلطی نہ ہوگی۔

سبق ۲۵

اشکالِ ستاروں کی روشنی میں

شمس

سعد حالت

یہ سیارہ انسانی اقتدار، نام نمود، جاہ و جلال، کریکٹر، ترقی، اقتدار اور خواہشات کے محرکات پر حکومت کرتا ہے بڑی منصوبہ بندی، حکومت اور اعمال حکومت سب اسی کے ماتحت ہیں مقتدر لوگوں اور حکام کے ذریعہ مفاد، فتح کامرانی، عام صحت یا کسی کام میں شہرت سے تعلق رکھتا ہے۔

نحس حالت

نمائشی، مطلق العنان، جابر، ظاہر دار، بے صبر، مطیع، فرماں بردار، ادنیٰ پوزیشن، فکر مند و بے حال شکست اور ناکامی اس کا مقدر بن جاتی ہے۔ وقار و عزت کیلئے خطرے اور بدنامیاں لاتا ہے

مریخ

سعد حالت

یہ سیارہ خود مختاری لاتا ہے اس کی فطرت جوش، جرأت، طاقت، قوت، شجاعت، مقابلہ، جنگ، لڑائی اور مشکلات پر قابو پانا، تعمیری کاموں میں مدد دینا، سٹیشنری اور بجلی کے کاروبار اور لوہے کی تجارت اس سے متعلق ہے

نحس حالت

روپیہ، پیسہ، نقصان، خوف، جھگڑا اور اس کے بڑھانے، حادثات پیدا کرنے، رنج و غم، گرم مزاجی، غضب و غصہ، جلد بازی قتل، پھانسی،

زہرہ

سعد حالت

اس سیارہ کی فطرت امن، تفریحات،

نحس حالت

محبت میں دھوکہ، جذباتی، ست، نمائشی

خوشیاں، دوستی، عشق و محبت، شادیاں، معاہدے موافقت، ہمدردی، رومانس، سیر و تفریح سوز مسافر فرحت اور سرور لاتا ہے۔

نمائشی، خود آراء، آوارہ، عیاش، فضول خرچ، اس کی نحس حالت ترک تعلق طلاق، غم میں مبتلا رہتا ہے۔

سعد حالت ≡ عطارد ⋮ نحس حالت

یہ سیارہ تمام دماغی اور تعلیمی امور کیلئے ہے اور فائدہ مند صورتیں پیدا کرتا ہے۔ ضروری کاغذات، دستاویزات، خط و کتابت، خبریں تبادلہ خیالات، رنگین بیانی، بولنے کی قوت اور قانونی کاموں میں مدد دیتا ہے

ذہنی کمزوری، خام خیالی، غمگینی، پریشان حالی، بیزاری مذہب، ناپاک رہنا، ہوائی قلعے بنانا، تعلیم میں رکاوٹ یا ناکامی، تجارت و کاروبار اور قانونی چارہ جوئی میں نقصان الغرض یہ سیارہ غلط فیصلے لاتا ہے۔

سعد حالت ≡ سیارہ قمر ⋮ نحس حالت

یہ سیارہ ہمارے بالکل قریب ہے مزاج کی تبدیلی، روزانہ بدلنے، سفر، صحت تندرستی گھریلو زندگی اس کے زیر اثر۔

سفروں میں نقصان، صحت میں بگاڑ، گھریلو تکلیفیں، مفلس، نادار، جاہل، بے وقار، کم عقل اور ہر وقت خیالی پلاؤ پکانے والا، اس کی زندگی کبھی خوشحال نہیں گذرتی۔

سعد حالت ≡ سیارہ مشتری ≡ نحس حالت

خوش قسمتی، دن دونی رات چوگنی ترقی، عزت و توقیر ترقی عہدہ، روپیہ، نیک ذرائع آمدنی مال مفاد، قانونی امداد، حصول روزگار، ملازمت

روپیہ ملنا بند ہو جاتا ہے۔ نقصان اور تنگی آجاتی ہے، بے برکتی رہ جاتی ہے، یہ سیارے کا مالک فضول خرچ اور خوش فہمیوں میں مبتلا رہتا

میں پیدا کرتا ہے۔ رحم دل، وفادار، مذہبی رجحانات رفاہ عامہ کے تاثرات دیتا ہے۔

ہے۔ مالی معاملات اور گھریلو امور میں مایوسی لاتا ہے۔

سعد حالت ÷ **سیارہ زحل** ≡ **نحس حالت**

اس سیارہ کا تعلق خاک سے ہے اس لئے زمین کی تمام چیزوں پر اثر انداز ہوتا ہے مثلاً زمین، مکان، جائیداد، کانیں، معدنیات وغیرہ، اس کی فطرت سیاست، التوار، رکاوٹیں، خلوت تنہائی، کمرشل کام میں کامیابی لاتا ہے۔

سخت منحوس، خبط، جنونی، تساہل پسند ناامید، قدامت پسند، شکی مزاج، غصہ، غمگین طبیعت، بے قابو، غلط کام کرنا، جلاوطن، ہر شخص اسے حقیر دیکھے، ہر ایک مفید کام میں مشکلات، رکاوٹیں اور التوار لاتا ہے۔

نحس حالت **سیارہ راہو** **نحس حالت**

آزادی پسند، خود رائے، بے دھڑک، دلیر، خود مختار، اچانک سنہری موقع، اس کی سعادت اپنے حامل کو فلسفی اور روحانی بناتی ہے۔

غیر ذمہ دار، تنہائی پسند، توہم پرست، خود سر، دروغ گو، بدکردار، بداخلاق، بے ایمان، چغل خور، خائن، دغاباز، چور، حرام خور اسے بناتی ہے

سعد حالت **سیارہ کیتو** **نحس حالت**

انتہائی رومان پسند، توہم پرست اور مادی معاملات سے اکثر لاپرواہ کر دیتا ہے۔ صلح جو، مذہبی اور دوسروں کو مدد دیتا ہے جس کو جانتا نہ ہو۔ ان دیکھی چیزوں سے واقفیت سکھاتا ہے

غمگین، زود رنج، فضول خرچ، عالم خواب کے شیدائی، خام خیالی، غلط اقدامی، زہر حادثہ دھوکہ، فریب، دغا، کا فطر لاتا ہے ایسے سہارے کا مالک، اغلام باز بھی ہوتے ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پہلا مرحلہ



۱۔ سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا۔
۲۔ زائچہ مکمل کیا۔
۳۔ زائچہ میں سوال کے خانے کی شکل کو دیکھیں جس خانہ کی ہو پھر وائز سکن اسی خانہ کی شکل کو ضرب دیں متحصلہ ۱ ہوگا۔
۴۔ متحصلہ شکل کو پھر زائچہ کے گواہ یعنی ساتویں شکل سے ضرب دیں اور یہ متحصلہ ۲ ہوگا۔
۵۔ دونوں متحصلہ پر غور کر کے ان سے نتیجہ حاصل کریں پھر دونوں متحصلوں پر غور کریں ان دونوں سے نتیجہ حاصل کریں پھر دونوں متحصلوں کو پھر آپس میں ضرب دے کر تیسرا متحصلہ نکالیں اس شکل کو دیکھیں یہ شکل کس برج اور کس ستارہ کی شکل ہے۔

هو العلیم الخبیر



جدول سکن

۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱	۱۰	۹

دوسرا مرحلہ

سائل کے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ کریں ان حروف میں دیکھیں کس عنصر کے حروف زیادہ ہیں ان عنصر سے سائل کی امداد کریں عنصر چار ہیں۔ آتشی، بادی، آبی، خاکی،

حروف کے عنصر کی جدول

عنصر	سعد	نحس	تعداد	سمت
حروف آتشی	ا ہ ط م	ف ش د	۷	مشرقی
حروف بادی	د ی ص ف	ب ن ض	۷	غربی
حروف آبی	ک س ق ث	ج ز ھ	۷	شمالی
حروف خاکی	د ح ل ع	س ر خ غ	۷	جنوبی

پھر دونوں متعلموں سے تیسرا متعلمہ حاصل کیا تھا۔ حاصل شدہ شکل کا ستارہ معلوم کریں اس ستارے کے اسم الٰہی تلاش کر کے ورد کریں انشاء اللہ ہر کام میں کامیابی اور گردش افلاک حالات و پریشانی دور ہوگی اور کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

ستاروں کے اسم الٰہی

شمس	قمر	عطارد	زہرہ	مریخ
یانورُ یامحیطُ	یاحلیمُ	یاوارثُ	یااللہُ، یاحسانُ، یاشفیعُ	یاممیتُ، یامحییُ، یامنعمُ
		مشتری	زحل	
یابصیرُ، یاصابرُ	یارفیعُ، یاسمیعُ، یاکریمُ، یاقادرُ، یاقدیرُ			

اب میں تمام عمل کو عمل کے ذریعہ پیش کرتا ہوں۔

آپ نے آغاز میں زائچہ بنایا تھا۔ آپ کے سائل کا سوال مال کے متعلق ہے۔

زائچہ میں مال کا خانہ دوسرا ہوتا ہے۔

اہم نقطہ: سائل کا دوسرا، بھائی بہن کے مال کا خانہ نمبر ۴ ہوتا ہے والدہ کے مال کا خانہ نمبر ۵ اور لڑکے کے مال کا خانہ نمبر ۱۱، بیوی کے مال کا خانہ نمبر ۸ ہوتا ہے وغیرہ وغیرہ

اب زائچہ میں خانہ ۲ سوال مال ہیں شکل ☵ موجود اس شکل کو صاحب سکن خانہ ۲ ♓ کو ضرب دیا ☵ × ♓] = ☵ متصلہ ۱ اب پھر متصلہ ۱ کو زائچہ کے گواہ بھی خانہ ۷ سے ضرب دیا ☶ × ⋮] = ☶ متصلہ ۲ ، پہلا نتیجہ ☶ متصلہ نحس ثابت ہے حکم ہوا کہ کچھ وقت اور توقف کے بعد مال ملے گا لیکن ضائع ہو جائے گا کیونکہ گواہ کا نتیجہ یعنی متصلہ ۲ ☶ نحس منقلب ہے یہ شکل نقی کے نام سے پکاری جاتی ہے برج اس کا حمل اور ستارہ مریخ ہے۔ یہ شکل منقلب ہے عنصر آب ہے۔ اس کی نحوست اس طرح دور ہوگی۔

سائل کا نام محمد عابد ہے

نام کے علیحدہ علیحدہ حروف کئے

م ح م د ع ا ب د

آتشی خاکی آتشی خاکی خاکی بادی خاکی

نام کے کل حروف ۸ ہیں

آتشی : ۲ خاکی: ۴ بادی: ۱ نام کے کل تعداد : ۱۶۹

محمد عابد پر عنصر خاک کا اثر زیادہ ہوگا۔

مریخ کے اسم الٰہی : یا محی یا ممیت یا مُنعم

تعداد ۶۹ ۵۰۱ ۲۰۰

اعداد ۱۶۹ + اسم الٰہی منعم اعداد ۲۰۰ ۱۶۹ + ۲۰۰ = ۳۶۹

استادان فن کے خیال میں ستاروں کے ساتھ عمل کا بڑا دخل ہے۔

قمر ستارے مثلث کو نسبت ہے ۳ × ۳ = ۹ خانے ہوئے

عطارد مربع کو نسبت ہے ۴ × ۴ = ۱۶

مخمس کو زہرہ سے نسبت ہے ۵ × ۵ = ۲۵

مسدس کو شمس سے تعلق ہے ۶ × ۶ = ۳۶ (علم الارواح کی قسمیں)

مبع کو مریخ سے نسبت ہے ۷ × ۷ = ۴۹

شمس کو مشتری سے نسبت ہے ۸ × ۸ = ۶۴

مسبع کو زحل سے نسبت ہے ۹ x ۹ = ۸۱

ہمارے زائچہ میں متصلہ ۲ نقی آئی ہے اس لئے مریخ مسبع کی نسبت رکھتا ہے

مسبع کو تقسیم کرنے کا قانون یہ ہے = خانہ ۷ x ۷ = کل تعداد میں سے ۱۶۸ تفریق کر کے ۷ پر تقسیم کریں اگر ایک بچے ۴۳ خانہ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی ۲ بچیں تو خانہ ۳۶ میں اضافہ کریں اگر تین باقی بچیں تو خانہ ۲۹ میں ایک کا اضافہ کریں اگر ۴ باقی بچیں تو خانہ ۲۲ میں اضافہ کریں۔ اگر ۵ باقی بچیں تو خانہ ۱۵ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی ۶ بچیں تو خانہ ۸ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اس طرح مسبع پر ہو جائے گی۔ اب میں عملی مثال پیش کرتا ہوں پھر غور کریں۔ کل تعداد میں سے ۱۶۸ تفریق کر کے باقی کو سات پر تقسیم کر دو۔ حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر پر کریں۔ اسمار حسنیٰ یا منعم کی مثال پیش کرتا ہوں

م	ن	ع	م
۴۰	۷۰	۵۰	۴۰

کل اعداد = ۲۰۰

قانون : ۲۰۰ − ۱۶۸ = ۳۲ ÷ ۷

حاصل قسمت ۴ اور باقی بھی ۴ رہے

نقش منعم

۷۸۶

۱۲	۲۰	۲۹	۳۷	۴۵	۵۳	۴	
۳۰	۳۸	۴۶	۴۷	۵	۱۳	۲۱	
۴۰	۴۸	۶	۱۴	۲۲	۳۱	۳۹	
۷	۱۵	۲۳	۳۲	۲۳	۴۱	۴۹	
۲۴	۲۶	۳۴	۴۲	۵۰	۸	۱۶	
۳۵	۴۳	۵۱	۹	۱۷	۱۸	۲۷	
۵۲	۱۰	۱۱	۱۹	۲۸	۳۶	۲۴	

نقش مکمل ہو گیا ساعت مریخ میں اسے مکمل کرنا اور سائل اپنے نام کی تعداد کے مطابق اسمار حسنیٰ ورد کرے، انشاءاللہ کامیابی ہو گی۔

ھدایت : تعویذ کا خاکہ تیار کریں اور اس کی دیواریں تولہ، الحق، ولہ، الملک سے تیار کریں اور اوپر ۷۸۶ لکھیں پھر چاروں موکل لکھیں اور پھر چاروں خاتم لکھیں دائیں جانب کہٰیعٓصٓ لکھیں

اور بائیں جانب حمٓعسٓقٓ لکھیں۔

دوسری مثال: سائل کے ہاتھ سے قرعہ رمل ڈلوائیں:



قانون عمل:
ہر زائچہ کا حکم لگاتے وقت شکل ۵ کو شکل ۱ اور شکل خانہ ۲ کو شکل خانہ ۳ سے ضرب دے کر دونوں متحصلہ اشکال کو تیسری مرتبہ ضرب دے کر تیسرا متحصلہ نکالیں۔ برعایت داخل خارج یا منقلب۔ ثابت،



عمل: شکل خانہ ۵ × شکل خانہ ۲] متحصلہ ۱

خانہ ۲ کی شکل کو شکل خانہ ۳ سے ضرب دیں ×] متحصلہ ۲

متحصلہ ۱ اور متحصلہ ۲ کو ضرب دے کر تیسرا متحصلہ پیدا کریں۔

×] تیسرا متحصلہ پیدا ہوا۔

نصرۃ الخارج برج اسد ستارہ شمس سے تعلق رکھتی ہے۔ عنصر آتش نوع سعد خارج ہے۔ اپنے زائچہ میں تلاش کریں اگر موجود ہو تو اس کی روشنی میں حکم لگائیں۔ اگر زائچہ میں موجود نہ ہو تو اس کا عکس تلاش کریں پھر حکم لگائیں۔ زائچہ میں شمس کی شکل نہیں ہے اور پھر ہم نے اس کا عکس تلاش کیا تو خانہ ۱۱ میں اس شکل کا عکس موجود ہے۔ شکل نصرۃ الذلل ہے برج حوت اور سیارہ نپ چون سے تعلق رکھتی ہے۔ عنصر آب ہے اور خانہ آب میں موجود ہے اس لئے باقوت ہے سائل کا مسئلہ ضرور حل ہو گا۔ اگر سائل روحانی امداد مانگے۔ برج قوس سیارہ مشتری ہے۔ نیک داخل شکل ہے عنصر آب ہے۔ مشتری اسم الٰہی "یا بصیر یا صابر"، اب آپ سائل کے نام کے حروف ایک سطر میں بکھا کر دیکھیں کون سا عنصر غالب ہے۔ اس عنصر سے نقش مثمن بنا کر اس کی تفصیل رحیم العملیات حصہ دوم میں موجود ہے اس سے امداد لیں۔ وہی شخص اپنے

اعداد کے مطابق یا بصیرُ یا صابرُ کا ورد کریں۔ انشاء اللہ غیبی امداد ملے گی۔

تیسری مثال: بندہ قبل ازیں کئی بار عرض کر چکا ہے کہ رمل کا دار و مدار ۲۸ دائروں پر ہے جو رمال ان دائروں سے واقف نہ ہو گا وہ رمل کے صحیح احکامات پر قادر نہیں ہو سکتا میں نے رحیم الرمل حصہ دوم میں ان دائروں کو واضح کر دیا ہے اب ایک سوال کے ذریعے بروج کے سوال حل کرتے ہیں۔

جدول برج

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝	⁝

قانون: از روئے دائرہ بروج خانہ سوال کی شکل کو دیکھیں پھر اس شکل کے مطلوب کو گرفت کریں۔ اس کی قوت اور کمزوری کو سامنے رکھ کر حکم لگائیں۔ یاد رکھیں شکل مطلوب کی چودھویں شکل ہوتی ہے پھر دوبارہ غور کریں جدول بروج کی پہلی شکل ⁝ ہے اور پھر اس کی مطلوب شکل چودھویں ⁝ ہو گی۔ سوال کا جواب اس اصول کی روشنی میں دیا جاتا ہے۔

سائل کا سوال ہے کیا مجھے سفر پیش آئے گا؟

سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا تو یہ صورت ہوئی:



۱ شکل خانہ مقصد ۹ ہے

⁝ زائچہ میں ہے۔

اس کا مطلوب دائرہ بروج کی رو سے

⁝ عقلہ شکل آئی ہے۔ برج جدی سیارہ زحل سے منسوب ہے بد شکل ہے منقلب ہے عنصر خاک

هو العلیم الخبیر



ہے اور اپنے زائچہ کے خانہ ۷ میں موجود ہے اور شکل بھی خاکی ہے اپنے عنصر میں موجود ہے سائل کو سفر غیر اختیاری کو ظاہر کرتا ہے۔

عمل: سائل کے نام کے حروف کو سطر میں بٹھائیں اور غور سے دیکھیں کہ کن عناصر کا غلبہ ہے۔ نام میں اس عنصر کو گرفت کریں اور اسی عنصر سے نقش پر کریں۔

یاد رہے زحل کے اسم الٰہی یہ ہیں **یَا رَفِیعُ یَا سَمِیعُ یَا کَرِیمُ یَا قَادِرُ یَا قَدِیرُ**۔ اس کا نقش متع (۹ x ۹) تیار کیا جاتا ہے۔ اس کی تفصیل **رحیم العملیات** حصہ دوم میں بڑی تشریح کے ساتھ موجود ہے بلکہ تمام ستاروں کے نقوش بھی آپ کو اس کتاب میں مل جائیں گے۔ سائل اپنے نام کی تعداد کے مطابق اسم الٰہی کا ورد کرے۔ **انشاء اللہ** ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔ مذکورہ بالا میں مثالیں پیش کر دی ہیں غرض مند اپنے عمل سے کام سرانجام دے۔

فالنامہ علم رمل کا پیش کرتا ہوں وہ بہت بہتر اور صحیح ہے زائچہ بنا کر حل کریں یا سائل سے خانوں میں تمام ہدایت کے مطابق عمل کریں

اگر آپ قرعہ رمل سے اس فالنامہ سے فائدہ اٹھائیں اس کا طریقہ یہ ہے:۔



قرعہ رمل سائل کے ہاتھ سے ڈلوائیں:۔

زائچہ تیار کریں:

هو العلیم الخبیر



قانون: یہ زائچہ کے حکم یا فال نکالنے کا وقت، شکل خانہ ۵ اور شکل خانہ ۷ سے شکل خانہ ۲ اور شکل خانہ ۳ کو ضرب دیں پھر ان دونوں اشکال کا متصلہ نکال لیں اور یوں تیسرے متصلہ سے نتیجہ حاصل کریں۔

عملی مثال: شکل خانہ ۵ ☰ ، شکل خانہ ۷ ☶

☰ × ☶] ☶ متصلہ ۱

اسی طرح شکل خانہ ۲ ☲ اور پھر شکل خانہ ۳ ☵ ان کو ضرب دیں:۔

☲ × ☵] ☳ متصلہ ۲

متصلہ ۱ کو متصلہ ۲ سے ضرب دینے پر جو شکل آئی ہو اس فال نامہ سے سائل کو جواب دیں۔

متصلہ ۱ ☶ × ☳ متصلہ ۲] ☷ تیسرا متصلہ جو کہ نصرۃ الخارج ہے۔ یہ شکل برج اسد اور ستارہ شمس سے تعلق رکھتی ہے نیک شکل خارج ہے عنصر کے لحاظ سے آتشی شکل ہے۔ درج ذیل فالنامہ سے تلاش کیا تو خانہ ۱ میں موجود ہے نمبر ۱ میں دیکھا سائل سے کہا تیری فال اچھی ہے جو سفر کا ارادہ رکھتا ہے اس پر ضرور جا مگر مشرق کی طرف تمہارا سفر کامیاب ہوگا۔ چونکہ اس شکل کا تعلق مشرق سے ہے اگر تجارت کرنا چاہتا ہے تو سرخ اشیاء کا کاروبار کرے۔ مثلاً سونا، وغیرہ، اگر بیمار کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہے تو مریض کو یرقان، نزلہ، دکھ النسی، تپ لرزہ، غلبہ صفرا، جگر کی خرابی کا عارضہ، اور مریض کو شفاء ہوگی۔ اگر غائب کے بارے میں سوال ہو تو غائب جلد آ جائے گا۔ اگر سائل کی ملازمت کا سوال ہو تو سائل کو ملازمت مل جائے گی۔ اگر سائل کا دولت حاصل کرنے کا سوال ہو تو کاروبار میں کامیابی ہوگی۔ اگر سائل کا سوال محبوب کا ہو تو اسے محبت میں بھی کامیابی ہوگی۔ سوال اگر اولاد کے متعلق ہے تو سائل کو اولاد نصیب ہوگی اور سٹہ، بانڈ میں بھی اسے خوشخبری ملے گی۔ اگر سائل کوئی وظیفہ پڑھنا چاہتا ہے تو وہ بھی مبارک ثابت ہوگا۔ الغرض سائل کو ہر کام میں کامیابی اور کامرانی ہوگی۔ انشاء اللہ

باقی خانوں سے بھی اسی طرح سائل کو تفصیل سے آگاہ کریں۔ میں نے اپنی طرف سے آپ کو سمجھانے کی ہر ممکن کوشش کی ہے اس کے باوجود آپ کے ذہن میں کوئی الجھن باقی ہے تو آپ مجھ سے بلا جھجک رابطہ کر سکتے ہیں میں آپ کا خادم ہوں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

تفصیل احکام جدول

اول چاہیئے کہ وضو کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور سورۃ الحمد پڑھے اس کے بعد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک پر فاتحہ پڑھے اور یہ آیت شریف پڑھتا جائے سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ، اور اپنی آنکھ بند کر کے اور دل میں اپنے کام کی نیت کرے اور اس دائرے پر انگلی رکھے اور اس کا مطلب جس جگہ کہ انگلی پڑے، نیچے لکھی ہوئی تفصیل احکام میں دیکھے، انشاء اللہ ہر سوال کا جواب خاطر خواہ پائے گا۔ دائرہ کہ جس میں انگلی رکھے یہ ہے :- یا مندرجہ بالا قرعہ رمل سے زائچہ بنا کر سائل کو جواب دیں

۱	۲	۳	۴
۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۳	۱۴	۱۵	۱۶

نمبر ۱ : تیری فال اچھی ہے اگر ارادہ سفر کا رکھتا ہے تو پورب کی طرف جانا بہتر ہو گا۔ اگر کام شروع کرنا چاہتا ہے تو اس کام کا انجام اچھا ہے اور جو بیمار کے واسطے فال دیکھی ہے اس کو صفراوی بخار ہے اچھا ہو جائے گا اور مال کے واسطے سوال کیا ہے تو وقت سے حاصل ہو گا اور خرچ جلدی ہو گا۔

نمبر ۲ : فال اچھی ہے اگر سفر کو پوچھتا ہے تو سفر نہیں ہو گا۔ اگر بیمار کے واسطے فال دیکھتا ہے تو اس بیمار کے پیٹ میں درد ہے۔ غذا کا فساد ہے دیر میں اچھا ہو گا اور جو مال کا سوال ہے تو بہت جلد پائے گا اور نفع ہو گا۔ تیرے پاس سے دیر میں جائے گا تیرا رزق بہت

FREE AMLIYAAT BOOKS...pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہو گا۔ اگر کسی غائب آدمی کا سوال ہے تو وہ جلد ہی سلامتی سے آئے گا۔

نمبر ۳ ؍ : اگر ارادہ سفر کا ہے تو بے اختیار سفر کرنا پڑے گا۔ اور جگہ بہ جگہ جائے گا اور سرگرداں رہے گا اور اگر سوال مال پانے کا رکھتا ہے مال نہ ملے گا اور اگر بیماری اور لڑکے کے واسطے فال دیکھی ہے تو اچھی ہے اور اگر مریض کی صحت کا سوال کرتا ہے تو اس کو بخار ہے اور دست آتے ہیں بہت سی بیماری اٹھا کر اچھا ہو گا اور اس فال کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تیرا حال پریشان ہے اور تھوڑے دنوں تک پریشان رہے گا اکثر برے خواب نظر آتے ہیں۔ اور نجاست کی حالت میں وقت کٹتا ہے اور تو نجس رہتا ہے۔

نمبر ۴ ؍ : تیری فال اوسط درجے میں ہے نہ اچھی ہے نہ بری جو سفر کا ارادہ ہے تو دیر سے ہو گا اور جو واسطے ملاقات دوست کے فال دیکھی ہے تو ملاقات ہو گی اور واسطے آنے خط یا خبر کسی کے پاس سے چاہتا ہے تو بہت جلد خط تیرے پاس آئے گا اور اگر زمین اور باپ کی دیکھتا ہے تو حال باپ کا اچھا ہے اور زمین تجھ کو ملے گا اور اکثر نوبت لکھنے پڑھنے کی پہنچے گی اور فال سے معلوم ہوتا ہے کہ تو حکیم یا نجومی یا شاعر ہے اور اگر واسطے مریض کے سوال کیا ہے تو اس مریض کو آسیب نے تکلیف پہنچائی ہے یا کسی نے جادو کیا ہے اس کی تدبیر کرنا چاہیئے۔ اور اس مریض کو پیٹ کے درد کا بھی عارضہ ہے اور حال تیرا اچھا ہے۔

نمبر ۵ ؍ : فال تیری اچھی ہے جو واسطے وصال معشوق کے فال دیکھتا ہے تو وصال میسر ہو گا اور اگر سفر کرے گا تو سفر بہتر ہے شمال اور مغرب کی طرف جاوے اور اگر کسی سے تحفہ و ہدیہ چاہتا ہے کہ پاس تیرے آوے تو آوے گا۔ اور اگر واسطے عورت کے سوال کیا ہے کہ حمل ہے یا نہیں تو فال کہتی ہے کہ حاملہ ہے تجھ کو شوق شاعری کا ہے اور اچھے خواب دیکھتا ہے۔ تو اور تیرا دل کسی کے عشق میں بے قرار ہے اور جو واسطے مریض کے سوال کیا ہے تو وہ مریض مرض خفقان اور بادی کا مرض رکھتا ہے اچھا ہو جائے گا۔

نمبر ۶ ؍ : فال تیرے ہاتھ میں ہے جو تو کام کرتا ہے وہ خلاف ہوتا ہے اور جو ارادہ سفر کا کرے تو

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سفر ہو گا مگر سرگرداں ہو کر پھر واپس آئے گا اور جو واسطے مریض کے فال دیکھتا ہے تو مریض بیماری پیٹ کی رکھتا ہے اور اس پر کسی نے جادو کیا ہے جو واسطے حاملہ کے سوال کرتا ہے تو اس عورت کو خون حیض کا بند ہے یا پیٹ میں سختی ہے اور اگر واسطے غلام اور لونڈی کے سوال کرتا ہے تو حال ان کا اچھا ہے اور جو چور کے واسطے فال دیکھی ہے تو نے تو وہ چور مرد ہے اور غلام اور بدصورت کالا منہ ہے اور چہرے پر چیچک کے نشان ہیں اور جو واسطے بیمار لڑکے کے دیکھا ہے تو اس لڑکے کے چیچک نکلے گی۔ اور جو واسطے راز فاش ہونے کے پوچھتا ہے تو تیرا راز کھل جائے گا تو اکثر خواب دیکھتا ہے اور ان میں ڈرتا ہے اور دل تیرا غمگین رہتا ہے

نمبر ۷ ع: جو سفر کے واسطے ارادہ کرتا ہے تو سفر دشواری سے ہو گا اور اس میں فائدہ نہ ہو گا۔ اور قرض داروں کا تقاضا تیرے اوپر بہت ہے اور کوئی شخص تیرا دوست چھٹ گیا ہے اور مال تیرا جس نے چرایا ہے وہ عورت کالی بلا ہے اور جو مریض کے واسطے دریافت کرتا ہے تو مریض اچھا نہ ہو گا اور جو شاید اچھا ہو جائے تو بیماری بہت اٹھائے گا اور مرض پیٹ کا رکھتا ہے اور اس پر کسی نے جادو کیا ہے اکثر تجھے برے خواب نظر آتے ہیں اور تجھ کو خوف دشمن سے ہے اور جو واسطے عورت کرنے کے سوال کرتا ہے تو تجھ کو عورت ملے گی اور اگر روزگار کے واسطے پوچھ رہا ہے تو وہ بھی ملے گا۔ اس فال کا صدقہ دے چیزیں سیاہ رنگ کی مثل کپڑا سیاہ اور اُڑد اور تیل وغیرہ۔

نمبر ۸ ع: اگر ارادہ سفر کا کرتا ہے تو سفر میسر ہو گا۔ اگر مال جمع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو مال ہاتھ آئے گا اور جمع ہو گا۔ اکثر غم و غصہ کھاتا ہے اور تیرے دل میں ڈر مال کی طرف سے ہے۔ امید ہے کہ مال تجھ کو عورت سے میسر آوے گا۔ جو دعویٰ مال میراث کا رکھتا ہے تو ملے گی۔ اگر مریض کے واسطے پوچھتا ہے تو اس کو دستوں کا مرض ہے پیٹ سے خون آتا ہے یا پھوڑا نکلتا ہے۔ خواب پریشاں دیکھتا ہے اور خواب میں ڈرتا ہے اور مرنے کا ڈر ہے کسی عضو میں درد رہتا ہے تو تجھ کو چاہئے کہ سرخ رنگ کی چیزوں کو صدقہ دیوے اور گوشت چیلوں کو کھلائے۔ اور

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/